

لوحِ تسخیر ہمزاد
سیٹھ آدم جی عبداللہ نولکھا بازار لاہور

نسخہ صحیحہ رموز ہمزاد

یعنی

لوح تسخیر ہمزاد

مؤلفہ

جناب درد علی شاہ قلندر قادری نقشبندی

نور پور بڈھے گجرات

اس کتاب کے پڑھنے سے ہر ایک شخص اپنے ہمزاد کو مسخر اور تابع کر سکتا ہے۔ علاوہ ازیں ہر قسم کے منتر جنتر تنتر اور علم تسخیر جنات پری زاد شیاطین وطلسمات وغیرہ کی ماہیت کو بھی جان سکتا ہے

منگوانے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

ہدیہ
ایک روپیہ آٹھ آنے

پرنٹر پریس شیراز نوری

لوح تسخیر ہمزاد

بیان ان حرفوں کا جن سے طالع معلوم ہوتا ہے

اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ط ظ ع غ ف ق

میزان دلو عقرب سرطان - جدی حوت عقرب دلو دلو عقرب میزان

ک ل م ن و ہ ء ی ے حمل سنبلہ - جوزا - حمل - اسد - عقرب - ثور

سرطان - حمل - حمل - حمل -

حمل - آتشی منگل روز سہ شنبہ کو کہتے ہیں - اس کو گریہ راس بولتے ہیں ہندی میں میگھ راس ہے کہتے ہیں - اس ستارہ کا نام مریخ ہے - رنگ اس کا سرخ ہوتا ہے - اس کو کوکب سخت جلا د فلک کہتے ہیں اس کا مکان پانچویں آسمان پر ہے - جس شخص کی یہ راس ہوتی ہے تند خو جنگجو ہوتا ہے اس کو بیماری موٹے ہوتی ہے -

ثور - مزاج اس کا خاکی ہوتا ہے شکر یا جمعہ کے روز کو کہتے ہیں ہندی میں برکھ راس ورگ موش کو کہتے ہیں - اس ستارہ کا نام زہرہ ہے رنگ اس کا سفید ہوتا ہے یہ ستارہ سعد ہے اور آسمانوں کا مطرب ہے اور آسمان کے تیسرے درجے پر اس کا قیام ہے - اس راس والے شخص کو رغبت رقص و سرود کی زیادہ ہوتی ہے -

جوزا - مزاج اس کا بادی - بدھوار یا روز چہار شنبہ کو کہتے ہیں ہندی میں متھن راس ورگ گربہ بولتے ہیں - اس سیارہ کو عطارد کہتے ہیں رنگ اس کا سبز ہوتا ہے - اس واسطے نحس ہے یہ آسمان کا منشی ہے - اور مقام آسمان دوم میں ہے اس راس والا شخص صاحب علم ہوتا ہے اور علم کیطرف اس کی توجہ زیادہ ہوتی ہے مکاری اور فریب

کی طرف بھی کبھی کبھی راغب ہوجاتی ہے۔
سرطان - مزاج اس کا آبی ہے۔ سوار یا دوشنبہ کو کہتے ہیں - ہندی
میں اس کو کرک راس ورگ خرگوش کہتے ہیں - اس سیارہ کا نام قمر ہے رنگ
اس کا سفید ہے - اس واسطے یہ آسمان کا خاکروب ہے اور اس کا مقام
پہلے آسمان پر ہے - اس شخص والا شعلہ مزاج اور کینہ مزاج ہوتا ہے۔
اسد - مزاج اس کا آتشی ہے - اتوار یا روز یک شنبہ کہتے ہیں۔
ہندی سنگھ راس ورگ شیر کہتے ہیں - اس سیارہ کا نام شمس ہے رنگ
اس کا زرد ہے یہ آسمان کا بادشاہ ہے - اس کا مقام چوتھے آسمان
پر ہے - اس راس والا شخص جنگجو ناحق شناس بے رحم ہوتا ہے۔
سنبلہ - اس کا مزاج خاکی ہے بدھ و چہار شنبہ کو کہتے ہیں۔ ہندی
میں اس راس کو کنیا ورگ گاؤ بولتے ہیں اس کا رنگ سفید ہے یہ آسمان
کا منشی ہوتا ہے - اس کا مقام دوسرے آسمان پر ہے - اس راس والا
شخص چپ رہتا ہے - لیکن خلقت کو تکلیف دیتا ہے۔
میزان - بادی - روز جمعہ ہندی ورگ آہو راس تلا کہتے ہیں اس
کو زہرہ کہتے ہیں - رنگ اس کا سفید ہوتا ہے سعد ہے یہ آسمان کا
مطرب ہوتا ہے اس کا مقام تیسرے آسمان پر ہے اس راس والا
شخص خوش مزاج بد باطن اور خود غرض ہوتا ہے۔
عقرب - اس کا مزاج آبی ہے - منگلوار یا سہ شنبہ کو کہتے ہیں۔
ورگ گربہ کا ہوتا ہے - ہندی برچھک راس بولتے ہیں - اس سیارہ کو مریخ
کو کہتے ہیں یہ جلاد فلک ہوتا ہے اس کا مقام چھٹے آسمان پر ہوتا ہے اس
راس والا آدمی حیلہ ساز - خشم مزاج - تند خو جنگجو مزاج ہوتا ہے۔
قوس - مزاج اس کا آتشی ہے - ویروار روز پنجشنبہ کو کہتے ہیں
ملنگ شیر اللہ راس دھنو ہندی میں بولا جاتا ہے - اس سیارہ کو مشتری کہتے

ہیں ۔ یہ سعد ہے اور آسمان کا بقال ہوتا ہے ۔ اس کا مقام چھٹے آسمان پر ہوتا ہے اس راس والا تندرستو صاحبِ معاملہ اور متاجر ہوتا ہے ۔

جدی ۔ اس کا مزاج خاکی ہوتا ہے ۔ سنیچر یا روز شنبہ کو کہتے ہیں ۔ اور ورگ ہوش راس کر ہندی بولتے ہیں ۔ اس ستارہ کا نام زحل ہے رنگ اس کا سیاہ ہوتا ہے ۔ سخت اور نحس ہوتا ہے ۔ اس کا مقام ساتوں آسمان ہوتا ہے ۔ اس راس والا آدمی چور قمار باز مفلس اور پریشان حال ہوتا ہے ۔ اور ظاہری باطنی معاملہ کا خراب ہوتا ہے ۔

دلو ۔ اس کا مزاج بادی ہوتا ہے ۔ سوموار یا روز دوشنبہ کو کہتے ہیں ۔ ہندی میں ورگ عتقاد کنبھ راس کہتے ہیں ۔ اس سارہ کا نام زحل رنگ سیاہ ہوتا ہے ۔ یہ نحس اکبر سخت ہوتا ہے ۔ مقام اس کا ساتوں آسمان ہے ۔ اس راس والا آدمی پریشان حال اور محتاج ہوتا ہے ۔

حوت ۔ مزاج اس کا آبی ہے ۔ ویروار یا پنجشنبہ کو کہتے ہیں ہندی میں ورگ شیر بین راس کو بولتے ہیں ۔ اس سیارہ کو مشتری کہتے ہیں ۔ رنگ اس کا زرد ہوتا ہے یہ سیارہ سعد ہے ۔ مقام اس کا چھٹا آسمان ہوتا ہے ۔ اس راس والا شخص نیک مزاج و صاحبِ دولت ہوتا ہے ۔

لوح تسخیر ہمزاد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَیْہِ دَلِیْلًا ۙ ثُمَّ قَبَضْنٰہُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا ۔

ہمزاد عمل کی خاطر دنیا سراپا تلاش نہیں ہوئی تھی ۔ بزرگوں کا صدری راز مجرب صرف تین یوم تک پڑھنا پڑے گا ۔ معہ پرہیز جلالی و جمالی بند مکان میں پڑھیں ۔ ہر سہ یوم آخری دو یوم میں ہمزاد قدموں پر گریہ و زاری کرے گا اور ہمیشہ کے لیے غلام ہو جاویگا ۔ تین یوم ہمہ وقت با دھوڑہ کر علاوہ

اوقات ضروریات وخواب کے تلاوت کرتے رہیں بند مکاں جہاں کسی کا
گذر نہ ہو غذا محض شیرہ بادام اور کوزہ آب جو داخل ہونے سے پہلے
ہر سہ یوم کے لئے مہیا کیا گیا ہو۔ بزرگوں کا معمول ومجرب نایاب ہے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ الارواح
بحق حضرت سلیمان بن داؤد عَلَیْہِ السَّلَام ۔ اُحْضُرْ اُحْضُرْ یَا قوم ھمزادِ
شر بحق یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

عمل تسخیر ہمزاد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یا سمیع یا بصیر اللّٰھم سخر لی ھمزاد بحق سمسائیل
وسخر لی ھمزاد بحق قمائیل وسخر لی ھمزاد بحق لومائیل احضر وحضر
ھذا الوقت وحضر من الوقت الحاجت بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام
نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء تازہ غسل باوضو کر کے احرام باندھیں
پھر وضو کر کے الگ پاک صاف مکان میں جسے اگربتی سلگا کر معطر کیا گیا
ہو۔ قبلہ رو بیٹھ کر عزیمت ذیل ایک گھنٹہ تک بے تعداد پڑھیں چالیس
روز آخری میعاد ہے ویسے جس روز کامیابی ہو ترک کر دیں۔ نویں دن
اثر شروع ہو جاتا ہے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا
جائے۔ نظر سایہ پر جمی رہے بعد کامیابی کے ہر روز ایک مرتبہ ورد رہے
دوران عمل میں خوشبو کا استعمال رہے وقت ضرورت ایک بار پڑھکر تین
بار تالی بجائیں پرہیز شرعی ممنوعات ومکروہات کے سوا کچھ بھی نہیں
بالکل تجربہ شدہ عمل ہے۔

عمل تسخیر ہمزاد

ہمزاد کا عامل دنیا پر حکومت کر سکتا ہے پھر وہ آدمی جو دنیا کے دس
آدمیوں پر حکومت کرنیکی طاقت اور عزت نہیں رکھتے کیا ممکن ہے۔ وہ
ایسے اسرار پر مطلع کر دیئے جائیں۔ جسے دنیا ان کے زیر نگیں ہو جائے۔

لوگ عمل کی تلاش میں پھرتے ہیں میں کہتا ہوں تم عامل بنو خدا کا نام اسم اعظم
اور قرآن پاک کی ہر آیت عمل ہے ۔ ہمزاد نہیں بلکہ جن اور ملائکہ بھی مسخر ہو
سکتے ہیں ۔ لیکن جس قدر آسان اور معمولی بات عام سمجھے ہوئے ہیں خدا کی
حکمت کے خزانے اس قدر عام نہیں ہیں کہ راستوں میں پڑے ملتے ہیں
جو عمل ہمزاد کا پیش کر رہا ہوں میرے خاندان کا متداول عمل ہے نہایت
صحیح اور مجرب ہے لیکن تین چلوں (۱۲۰) دن میں اس کا اثر کامل ہوتا ہے
بشرطیکہ آپ کا عقیدہ کامل اور خدا کی رحمت شامل ہو ترکیب یہ ہے کہ
نوچندی جمعرات (یعنی چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات آئے) اس عمل کو شروع
کریں ایک پیالہ میں سرسوں یا السی کا تیل بھر کر موٹی سی بتی اس میں ڈالدیں بالکل
پاک صاف اور بے نشیب و فراز کی زمین ہو عمل پڑھنے کی جگہ دوسرا کوئی نہ ہو
چراغ جلا کر اپنی پشت پر رکھو تاکہ تمہارا سایہ تمہارے سامنے پڑے اپنے
سایہ کو بغور دیکھو اور عمل پڑھتے ہوئے قصداً ہلتے جاؤ تاکہ سایہ بھی حرکت کرے
متحرک سایہ نظر آتے ہوئے اس عمل کو روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھو گوشت
ہر قسم کا، مولی پیاز، لہسن کا پرہیز ہے ۔ دودھ گھی کھاؤ پہلے چلہ میں تم حرکت
کرو گے مگر سایہ ساکن رہے گا ۔ دوسرے چلہ میں تم کو احساس ہونے لگیگا ۔ کہ
کوئی دوسری ہستی بھی یہاں ہے تیسرے چلہ میں ہمزاد سامنے آجائیگا اس
سے اقرار کرو کہ میرے پاس حاضر رہا کرو اور بطور ضمانت کوئی شے اس
سے لو کوئی شے اپنی تم کو دے دیگا ۔ جب تک وہ شے تمہارے
پاس ہے ہمزاد تمہارے تابع فرمان ہے جب تیل یا بتی ختم ہو جایا کرے
اور تیل بتی ڈال دیا کرو ۔ عمل پڑھنے کا وقت خاص رات کے بارہ بجے
سے نماز صبح تک ہے ۔ الم تر الی ربک مد الظل ج ولو شاء لجعله ساکنا ج ثم جعلنا
الشمس علیہ دلیلا ثم قبضنہ الینا قبضا یسیرا ہ واسکن یا ظل والتجئ بحق ھذا
القرآن الم تر سے یسیرا تک قرآن پاک کی آیت ہے جو پارہ ۱۹ سورہ فرقان شروع

رکوع تین میں ہے۔

عمل تسخیر ہمزاد

ایک عمدہ سفیدی کیا ہوا کمرہ جس میں سوائے عامل کے کوئی اور نہ ہو اس میں بعد نماز عشاء قبلہ رخ ہو کر بیٹھیں اور چراغ جلا کر پس پشت رکھیں۔ اور سایہ پر گردن کی جگہ ٹلکی لگا کر دیکھیں اگر آنکھ جھپک جائے تو پلک مار سکتے ہیں۔ تیل السی یا سرسوں کا تیل مٹی کا تیل نہ ہو۔ گردن پر نظر جما کر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحِلُّ بِھَا اٰمَالُ ...... بعد ازاں تین سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پھر سو مرتبہ وہی درود شریف اولی والا بس عمل ختم ہوا عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے کوئی بات نہ کریں اور سو جائیں، وہاں سو جائیں یا دوسری جگہ سو جائیں مگر کسی سے بات نہ کریں صبح اٹھ کر جب دھوپ پھیل جائے تو دھوپ میں کھڑے ہو کر اپنے سایہ کی گردن پر نظر جما کر پہلے گیارہ مرتبہ وہی درود شریف پڑھ کر نظر آسمان کی طرف اٹھائیں پہلے ہی دن ہمزاد سامنے ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح اکیس یوم برابر کریں ہمزاد حاضر ہوگا۔ گر نظر پہلے دن ہی آنے لگیگا۔

عمل تسخیر ہمزاد

ایک نہایت معتبر بزرگ سے یہ عمل پہنچا ہے جو برائے افادہ ناظرین پیش ہے اور منزل مقصود تک پہنچا دینے والا ہے رات کے ۱۲ بجے کے بعد ایک کوٹھری میں آرام سے پالتھی مار کر بیٹھو۔ لیکن سوائے پاجامہ یا تہمد کے ٹوپی۔ قمیص وغیرہ جسم پر نہ ہو اور نہ کوئی دوسرا آدمی وہاں ہو اس کوٹھری کے کواڑ بند کر لو ایک پیالے میں روغن تلخ بھر کر اور موٹی سی بتی ڈال کر اور روشن کر کے پس پشت رکھو اس طرح کہ اب تمہارا سایہ تمہارے سامنے ہو خود قبلہ رخ ہو کر بیٹھو۔ اور اپنے سایہ پر نظر جما کر کہو۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا

اسکن یاظل باذن اللہ الواحد القہار اسکن سے تنہا۔ اس جملہ کو تین بار کہو لیکن لہجہ حکمانہ ہو۔ یہ ایک مرتبہ ہوا اسی طرح اکتالیس مرتبہ پڑھو بس عمل ختم ہوا۔ گیارہ یوم دن کے منتظر رہو کہ کسی دن ہمزاد سامنے آجائے گا کوئی خوف نہ کرو اس کی شکل مہیب نہ ہوگی۔ اور لہجہ عاجزانہ ہوگا۔ ابتدائے عمل سے ایک انگوٹھی چاندی کی تمہاری انگلی میں ہو بس جس وقت ہمزاد حاضر ہوا انگوٹھی اس کو دے دو کہ یہ امانت ہے جب میں مانگوں دینا بس وہ تابع ہے جب بلانے کی ضرورت ہو تنہائی میں جاکر چپکے سے کہو وہ امانت اور انگوٹھی لئے ہوئے وہ حاضر ہوگا۔ انگوٹھی اس سے نہ لو اور جو ضرورت ہو وہ کام کرالو۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔

عمل تسخیر ہمزاد

آپ ایسا آئینہ لیں جس میں اپنی مکمل تصویر دیکھ سکیں آئینہ ایسا نہ ہو جس میں کچھ موٹی یا ٹیڑھی تصویر نظر آئے۔ ہر روز اس آئینہ میں اپنی تصویر کے ہر نشان کو ایسا غور سے دیکھیں کہ بغیر آئینہ تصویر کے وہ اپنی ثابت صورت اپنی آنکھوں کے سامنے وقتاً فوقتاً دیکھنے لگیں روزانہ دو گھنٹے آئینہ دیکھنے سے چالیس دن ایسی پریکٹس ہو جاتی ہے بس ہمزاد مسخر ہوگیا اب صرف اپنے تصور کی تصویر سے ہر کام لے سکتے ہیں۔ قدرت نے آنکھوں، تصور اور نظر میں بڑی طاقت عطا کی ہے شائقین عمل ہمزاد محنت سے کریں اور پھر تصور کی تصویر سے کام لے سکتے ہیں۔

عمل تسخیر ہمزاد

جو ایک کامل بزرگ سے ہمیں ملا ہے جو صاحب محنت کریں گے بفضل خدا انکی محنت اکارت نہ جائے گی۔ پہلی شرط اس عمل میں یہ ہے کہ جس دن سے یہ عمل شروع کیا جائے۔ اس دن سے اس بات کا لحاظ کیا جائے کہ جو چیز عامل کھائے یا پیئے اس میں ذرا سا حصہ زمین پر پہلے ڈال دے۔ اور چپکے سے کہے کہ تو ہمزاد یہ تم کھالو۔ یہ تمہارا حصہ ہے۔ پانی ہو چائے شربت

کھانا یہاں تک کہ اگر پان بھی کھایا جائے تو پان میں سے ذرا سا ٹکڑا زمین پر ڈال دیا جائے اسی طرح سپاری (چھالیہ) کے دو تین دانے زمین پر ڈال دیئے جائیں۔ پانی کا ایک گھونٹ پہلے ڈال دیا جائے غرضیکہ عامل جو چیز اپنے منہ میں ڈالے تو پہلے اس کا حصہ زمین پر ڈال دے اگر حقہ پیا جائے تو پہلے عامل حقہ کی نال ایک طرف کو کر دے کہ اے ہمزاد پہلے تم پی لو پھر خود پئے یہ عمل چالیس یوم کرنا ہوگا۔ کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں اور روزانہ تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبہ سونے سے پہلے رات کو پڑھا کرے۔ عمل یہ ہے اے ہمزاد سامنے آؤ اور مجھ سے باتیں کرو۔

عمل تسخیر ہمزاد

چھری یا چاقو نیا لیں یعنی جو استعمال بالکل نہ کیا گیا ہو اور جس رات نیا چاند دیکھے تو بعد مغرب ایک تنہائی کے گوشہ میں بیٹھ کر زمین پر موٹے حرفوں سے یہ لکھیں یا ھمزات الشیاطین اس میں پندرہ حرف ہیں بعد ازاں تین تین مرتبہ سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھیں کہ تعالی قلب العالمین چھری یا چاقو کی نوک اٹھا لیں پھر تین تین مرتبہ سورہ فلق اور ناس پڑھ کر حرف الف پر گاڑیں اور یہی جملہ تین مرتبہ لکھیں اسی طرح تمام حرف ختم کریں پس عمل ختم ہوا اسی طرح ۱۴ ادیں شب تک روزانہ عمل کیا کریں بحکم خدا ہمزاد حاضر ہو کر اظہار اطاعت کرے گا یہ واضح رہے کہ جب تک چاند نکلا رہے تب تک اس عمل کا وقت ہے جب چاند ڈوب گیا اس عمل کا وقت جاتا رہا چاند دیکھتے ہوئے عمل شروع کرو اگر عمل کرنے میں چاند ڈوب گیا تو کوئی نقصان نہیں اور کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں ہے

عمل ہمزاد

یہ عمل گو بظاہر جلالی ہے۔ مگر حقیقتاً جلالی نہیں۔ کسی قسم کا خوف اور خطرہ اسمیں نہیں۔ ترکیب ۲ ۷ کو چاند کی پہلی تاریخ سے اس عمل کو شروع کرو۔ پڑھنے کی جگہ بالکل تنہا ہو کوئی دوسرا وہاں نہ ہو ایک ڈراپنے سامنے دیکھ

اور ایک سو مرتبہ اسی عمل کو پڑھ کر اول اور آخر تین تین مرتبہ درود شریف اس روٹی پر دم کرو۔ اور وہ روٹی کسی کنویں یا دریا میں ڈال دو۔ روٹی ڈالتے وقت یہ کہو اسے ہمزاد اسے کھالو۔ اور میرے پاس آؤ۔ اکیس دن کا عمل ہے۔ خدا چاہے تو اس درمیان میں ہمزاد حاضر ہوگا اور روٹی طلب کرے گا۔ کیونکہ ابھی عمل ختم نہیں ہوا اور تم نے روٹی نہیں ڈالی ہے اس سے عہد کرو کہ میں جب طلب کروں حاضر ہونا۔ وہ اقرار کرے گا آپ عمل ختم کرکے وہ روٹی اسے دیدیں بس وہ تابع ہے روٹی چھوٹی سی کافی ہے روٹی کسی اناج کی ہو وہ قید نہیں۔ روٹی بعد ختم فوراً پانی میں ڈال دیا کرو عمل کسی وقت بھی کرو۔ کوئی خاص وقت معین نہیں۔ علا باوضو قبلہ رخ ہوکر پڑھا کرو۔ عمل یہ ہے۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔ رکوع ۱۲ پارہ ۱۵ سورۃ بنی اسرائیل ختم۔

پندرہ کے نقش بھرنے کا طریقہ

اس نقش کے چار برن ہیں برہمن برتن یعنی کرک وبر سچک دھن راس کا تتو پانی ہے۔ چھتری برن کا تتو آگ ہے۔ اور ویش کا تتو ہوا ہے۔ اور شودر برن کا تتو خاک ہے۔

چاروں برنوں کے واسطے چار قسم کے نقش یہ ہیں

چھتری برن

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

برہمن برن

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

ویش برن

۶	۷	۲
۱	۵	۴
۸	۳	۴

شودر برن

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

مسافر کو واپس بلانے کے لئے۔ نقش مذکور لکھنے کا طریق

بروز شنبہ ساعت عمل ہیں جو کہ شیمہ لگن ہے۔ کیونکہ سیارہ مریخ جس کا رنگ سرخ ہے وہ جلاد آسمان ہے اور پانچویں آسمان پر رہتا ہے اور یہ سیارہ تند خو جنگجو اور قلب پر حرارت پیدا کرتا ہے اس ساعت میں مطابق وزن مسافر کے ساعت اس کے عدد نقش بنا کر بھرے اور آگ میں جلا دے بعدہ آٹھویں دن ایک نقش جو لکھے یا بھٹی میں گاڑ دے اس کی حرارت اس مسافر کے قلب پر پہنچے گی اور وہ گھبرا کر اپنے گھر چلا آئے گا۔

تدبیر دفع زہر کے لئے

نقش مذکور لکھنے کا قاعدہ جس کو زہر کسی نے کھلایا ہو چاہیئے کہ ساعت سرطان یعنی کرک لگن میں روز دو شنبہ بوقت طلوع قمر کے موافق عدد زہر کھانے والے کے تین روز تک نقشوں کو دریا میں بہا دے تاثیر زہر فوراً دفع ہو جائے گی۔

بانجھ عورت کے لڑکا پیدا ہونے کے لئے

نقش مرقومہ بالا بھرنے کا طریق ساعت جوڑا یعنی متھن روز چہار شنبہ کو شمانہ عطارد میں نقش بادی کو موافق عدد اس عورت کے گیارہ دن تک بھرے اور بخور لوبان عطر عود خوشبودار چیزوں کا دے اور شام کو ہوا پر نقشوں کو اڑا دیا کرے اور بارہویں دن ٹھیک ساعت پر لکھ کر بانجھ عورت کی کمر میں بندھوا دے حاملہ ہوگی۔

دوست کو ملنے کی تدبیریں

نقش مرقومہ بالا لکھنے کا قاعدہ نقش مرقومہ بالا کو ساعت جدی یعنی مکر میں بروز دوشنبہ مطابق عدد اس دوست کے لکھ کر قبر کہنہ یا کسی بھاری بوجھ کے نیچے دبا دے دوست خود بخود آیا کرے گا۔

راجہ کو خوش کرنے کے لئے نقش مذکور لکھنے کا قاعدہ چونکہ مشہور ہے کہ بادشاہ اور راجہ پر سحر اور عمل اثر نہیں کرتا۔ چاہیئے کہ ایک چلہ برابر نقش آتشی کو لکھ کر زکواۃ دے اور ساعت قوس یعنی وعن لگن روز پنجشنبہ کو جب خانہ مشتری میں ہو اپنی پگڑی یا ٹوپی میں لکھ کر حاکم یا بادشاہ یا راجہ کے پاس جائے جس کے پاس وہ نقش ہوگا۔ وہ نہایت مہربانی کرے گا۔

مسافر کے ملنے کی تدبیر:۔ مسافر کی راس کا نقش دو ہزار بھرے تو خدا کے فضل سے مسافر جلد اپنے گھر آجائے۔

کھیت میں زیادہ غلہ پیدا کرنے کی تدبیر:۔ کھیتی والے کی راس کا نقش حسب طریق بالا بھرے تو غلہ وافر پیدا ہو۔

دفع زہر کا قاعدہ:۔ جس کو زہر کا خلل ہو اس کی راس کا نقش دو ہزار بھرے زہر دفع ہو جسمی تندرستی حاصل ہو۔ لیکن یہ عمل دل لگا کر اعتقاد سے کرنا چاہیئے۔

بانجھ عورت کے لڑکا پیدا ہونے کی تدبیر:۔ عورت کے راس نقش دس ہزار بار حسب طریق مندرجہ بالا بھرے اور شب ماہ میں اور نیک ساعت میں انار کی قلم اور اشٹ گندہ سے بھوج پتر پر لکھے اور گنگا جی یا کسی اور دریا میں بہا دے اور طہارت کرے بفضلہ لڑکا پیدا ہوگا۔

دوست کے ملنے کی تدبیر:۔ دوست کی راس کا نقش حسب طریق بالا چار ہزار بار بھرے دوست مل جائیگا۔

راجہ کے خوش ہونے کی تدبیر:۔ راجہ کے راج کا نقش تین ہزار بار بھرے مگر وہ نقش سدھ کیا ہو۔ ورنہ بے فائدہ ہوگا۔

عمل کی ہدایات:۔ مخفی نہ رہے کہ ہر علم وفن کا طریقہ اور ترکیب

سے ہوتا ہے وہ بہت جلد انجام پاتا ہے اور مدعا دل بھر آتا ہے علی ہذ القیاس جب انسان اس علم کے قواعد سے واقف نہ ہو ہرگز ہرگز کوئی عمل نہ کرے اکثر جاہل لوگ بوجہ اپنی حماقت کے بغیر دریافت کے منقش اور تعویذ لکھتے ہیں۔ اس لئے وہ کچھ اثر نہیں کرتے بلکہ زک اٹھانی پڑتی ہے اور مفت میں جان گنوانی پڑتی ہے۔

عامل کو کیا کرنا واجب ہے (۱) ترک لذات حیوانات مثلاً گوشت مچھلی۔ انڈے۔

(۲) شہد۔ مشک۔ اور چونہ سیب

(۳) چربی روغن زرد۔ دودھ۔ دہی۔ بالائی


(۴) لہسن وپیاز۔

(۵) طہارت بدن ولباس صاف کرنا ضروری اور لازمی ہے۔


(۶) عمل کے وقت کپڑا صاف اور دھویا ہوا پہننا واجب ہے۔

(۷) مکان یا کوٹھڑی اس قسم کی ہو جس میں عوام الناس کا گذر نہ ہو۔ اور وہ چکنی مٹی سے لیپی گئی ہو اس کے اوپر بوریا یا جائے نماز یا آسن بچھایا گیا ہو


نیک و بد کام کرنے کے واسطے سمتوں کا لحاظ



جنتر منتر لکھنے کے واسطے سمتوں کا لحاظ



کسی کے بگاڑنے کی تدبیر کرے تو ان اوقات میں بیٹھے



نقش حصول رزق

جو شخص اس نقش معظم کو اوپر باندھے گا۔ خداوند کریم اس اس کی قوت بازو سے اس کو رزق عنایت کرے گا۔ نقش یہ ہے ....

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۷۷	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

دیگر نقش برآری وسعت رزق

نقش کو لکھ کر دیوار سے لگا دے

نقش یہ ہے

۴	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

دیگر نقش برائے حصول رزق

جو کوئی اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے گا غیب سے رزق ملے گا یا کسی ملازم ہو جائیگا نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔

۱۹۳۹۶	۱۹۲۰۰	۱۹۴۲	۱۹۳۸۹
۱۹۴۴۲	۱۹۲۹	۱۹۳۹۵	۱۹۴۰۱
۱۹۳۹۷	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۸	۱۹۳۹۴
۱۹۳۹۹	۱۹۳۹۲	۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۳

دیگر نقش حصول رزق

جو کوئی اس نقش کو لکھ کر دکان پر لگائے گا رزق غیب سے ملے گا۔ اور دکان خوب چلے گا۔ نقش یہ ہے۔

د	ابد	اند	ا
ط	ر	د	ب
۶	ما	ی	ج
۔	و	ح	د

دیگر برائے کشائش رزق

جب کوئی محتاج ہو جائے تو یہ نقش اپنے پاس رکھے اللہ تعالے اس کو ہر نعمت سے مالا مال کرے گا۔

نقش یہ ہے

دیگر نقش برائے کشادگی رزق

نقش یا بدوح کا واسطے کشادگی رزق اور طلب حاجات کے لئے نہایت مفید ہے۔ اکتالیس نقش لکھ کر طاق میں رکھ دے۔ اور ایک پتھر نقش پر رکھ دے بعد چالیس روز کے نقش نکال کر دریا میں ڈال دے جو نقش کہ آگے تیر جائے اس کو ٹوپی یا دستار میں رکھے۔

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

نقش یہ ہے ......

طلسمی انگوٹھی

انگوٹھی دولت دنیا سے مالا مال کرنے والی

جو کوئی شخص اس نقش کو انگوٹھی میں کھدوا کر اپنے ہاتھ میں پہنے گا وہ دولت دنیا سے مالا مال رہے گا۔

ح ۸	ط ۲	د ۲	ب ۲
ب ۲	۲۶	د ۶	ح ۸
د ۶	ح ۸	ب ۲	۲۱
د ۲	ب ۲	ح ۹	د ۲

نقش یہ ہے ......

انگوٹھی شمس

اس انگوٹھی کو پہننے والا معزز اور گرم ہوتا ہے۔ اور عام اس سے محبت کرتے ہیں۔

ترکیب تیاری: جب اول شمس درجہ برج حمل سے نزول کرے اس وقت خالص سرخ سونا انیس ۱۹ مثقال لے کر الگ نگینہ علیحدہ چار مثقال بنا کریگا۔ وہ اور اس انگوٹھی پر جب قمر کا اتصال ہو آفتاب سے برج

اسد میں یہ نقش کردو - اور پہن لو - مگر خیال رہے کہ عمل کے وقت انگوٹھی ۱۹ مثقال سے کم نہ ہو - اس پر شمس کی شکل کندہ کرالو۔

انگوٹھی زہرہ اس انگوٹھی کو اگر آدمی پہنے تو اسے باہ بے نظیر ہو اور مسرور و خوش رہے - ہر ایک اس پر مہربانی کرے - اگر عورت اس کو پہنے تو اختناق الرحم سائر امراض عسرت امراض و قطع خون نکلنے سے محفوظ رہے -

ترکیب :- جب زہرہ برج حوت کے بائیسویں درجہ میں نزول کرے اور تسدیس زہرہ کی قمر کے ساتھ برج ثور میں ہو - اور مریخ برج عقرب میں ہو - اس وقت تین مثقال تانبا اصفر لے کر انگوٹھی بناؤ اور نگینہ اس کا سنگ لاجورد یا سنگ مرمر جس کو عربی میں حجر ابیض الرزقہ کہتے ہیں - مربع بنا کر زہرہ شکل اس پر نقش کردو - نقش اس پر بناؤ جب زہرہ کا آغاز اٹھائیسویں درجہ میں آجائے اور جب قمر برج سرطان میں اور متصل زہرہ کے ہو - پہنو -

انگوٹھی عطارد اس کے حامل کو بڑا حافظہ ہوتا ہے - اور وہ بڑا ذکی ہوتا ہے - مباحثہ علمی میں بڑا شہرۂ آفاق ہوتا ہے - علم حکمت کا ماہر ہوتا ہے - اس کی صحیح ظن اس کا غالب ہوتا ہے قیاس کا درست ہے اور جو کچھ کہ وقوع میں آتا ہے وہ اس کو خواب میں نظر آتا ہے - نیز یہ انگوٹھی مالیخولیا گریہ اطفال خواب و بیداری اور مرگی کو نافع ہے -

ترکیب تیاری :- تانبا طالیقون لوہا چینی کو چاندی و سونا مساوی الوزن میں ملا دو - اور ایک جان کردو - اس کی انگوٹھی معہ نگینہ کے ایک مثقال وزن کی بناؤ - انگوٹھی اس وقت بنانی شروع کرو جب عطارد کا آغاز برج سنبلہ کے پندرہویں درجہ ہو - اور جب عطارد مستقیم اور ساقط تحسین ہو اور قمر عطارد کے متصل نہ ہو - اور برج زہرہ یا متقارن سے عطارد ہو -

برج سنبلہ میں ہو اور اس وقت پہنو جب قمر دو گھڑی پیچھے عطارد کے ہو
اور قمر عطارد آپس میں مناظرہ مقبول ہو۔

انگوٹھی واقعہ قلت رزق اس نقش مردف تہجی کو واسطے فراغت معاش کے رمضان کی چودہویں تاریخ کو چاندی کی انگوٹھی میں کھدوا کر پہنے رزق کی کشادگی ہو جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۱۴۹۵	۱۵۰۱	۱۵۰۵	۱۴۹۱
۱۵۰۴	۱۴۹۲	۱۴۹۷	۱۵۰۲
۱۴۹۳	۱۴۰۷	۱۴۹۹	۱۴۹۴
۱۵۰۰	۱۴۹۵	۱۴۹۴	۱۵۲۶

ہدائت نقش لکھنے کی

اقسام نقش	نام اشیاء
محبت مرد اور عورت	مشک۔ زعفران۔ گلاب۔ عطر
مہربانی حکام و تسخیر خلائق	مشک۔ زعفران۔ خون بدبد
دلبندی چشم بندی	عنبر۔ لوبان۔ مشک گوند۔ زعفران۔ لونگ نمک مرچ
بیماری و رنجی دعا	مشک کافور۔ زعفران۔ گلاب مصری
جیت دشمنی	خون بوم۔

بیمار صحت یاب ہو

اس جنتر کو پچھ نچھتر میں بھوج پتر پر اسٹ گندھ سے لکھئے اور گلے کے گلے میں باندھ کر گوگل کی دھونی دے۔ پھر دودھ اور گوگل کی دھونی دے کر بیمار کے گلے میں باندھے صحت حاصل ہو جائیگا

نقش یہ ہے۔

۷۰	۷۷	۲	۷	۳۸	۴۵	۲	۷
۶	۳	۳۴	۷۴	۶	۳	۳۲	۳۱
۷۶	۷۱	۸	۱	۳۴	۳۸	۸	۱
۴	۵	۷۴	۷۵	۱۴	۵	۳۰	۳۴

ستیلا سے بچہ کو نجات ہو

اس جنتر کو بچہ کے گلے میں باندھو تو مرض ستیلا سے نجات ہو۔ نقش یہ ہے ....

شری	شری	شری	شری
شری	شری	شری	شری
شری	شری	شری	شری
شری	شری	شری	شری

دردزہ سے عورت کو نجات ملے

اس جنتر کو پھول کے تھال میں لکھ کر جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو۔ دھو کر پلا دو۔ نقش یہ ہے ......

۲۸	۳۵	۲	۷
۷	۱۳	۳۲	۳۱
۲۴	۲۹	۹	۱
۴	۶	۳۰	۳۳

دربار میں عزت ہو

اس جنتر کو کافور اور مشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھو۔ دربار میں ضرور عزت ہوگی۔ نقش یہ ہے ....

۴۰	۵۰	۲	۷
۶	۳	۴۷	۴۸
۴۹	۴۴	۸	۱
۴	۵	۴۵	۴۷

بخار دور ہو

اس جنتر کو تیسرے روز کے بخار والے کے دائیں بازو پر باندھو تو تیسرے روز اگر بخار آتا ہوگا تو نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۱۷	۱۷	۱۷	۱۷
۱۷	۱۷	۱۷	۱۷
۱۷	۱۷	۱۷	۱۷
۱۷	۱۷	۱۷	۱۷

درد نیم سر جاتا رہے گا!

۳۸	۴۶	۲۶	۱۷
۳	۸	۴	۷
۱۰	۸	۲	۳
۱۱	۷	۲۰	۸

داد ستد زیادہ ہوگا

اس جنتر کو لکھ کر گھر کے دروازے پر لگاؤ تو داد ستد زیادہ ہوگا۔ نقش یہ ہے.....

۵	۵۷	۲	۷
۶	۳	۵۴	۵۳
۶۴	۵۷	۸	۱
۴	۵	۵۱	۵۵

بچہ کو نظر بد نہ لگے!

اس نقش کو تانبا کی تختی پر لکھ کر بچے کے گلے میں باندھو تو بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۱۷	۸۱	۴۳	۴۲
۹۸	۸۲	۹	۱۱
۳۵	۳۷	۴۹	۵۰
۸۵	۲۷	۹	۱

دشمن کمزور ہو گا

اس نقش کو دھتورہ کے عرق میں لکھوادو

گلے میں باندھو دشمن کمزور ہو گا۔

۷۹	۸۶	۱	۸
۷	۳	۷۳	۸۱
۷۵	۸۰	۸	۱
۲	۶	۰	۸۴

بچہ کا کانچ نہ نکلے گا

سعبن بچہ کے گلے میں اس نقش کو باندھو گے۔ اس کا کانچ کبھی نہ نکلے گا۔ نقش یہ ہے ......

۷۶	۸۳	۶	۸
۷	۳	۸۰	۱۹
۸۲	۷۷	۹	۱
۴	۶	۸۲	۸۱

جاڑے کا بخار جاتا رہے

اس جنتر کو نیک ساعت میں لکھ کر گلے میں باندھو تو جاڑے کا بخار جاتا رہے گا۔ نقش یہ ہے

۳۰	۲۰	۷	۱۴
۵	۶	۳	۶
۱۳	۲	۲	۷
۷	۳	۱۴	۱۳

چو ہے کپڑے نہ کتریں

اس نقش کو کونچ کے عرق میں لکھ کر گھر میں رکھنے سے چوہے کپڑے نہ کتریں گے

نقش یہ ہے ....

۶۴	۷۱	۲	۸
۷	۳	۶۸	۶۸
۷	۶۵	۹	۱
۴	۶	۶۶	۶۹

مکھن زیادہ نکلے

اگر اس نقش کو بھونی کے گلے میں باندھ دو گے تو مکھن زیادہ نکلے گا۔ نقش یہ ہے۔

۲۲	۴۰	۲	۷
۶	۳	۳۷	۳۶
۳۹	۳۴	۸	۱
۴	۵۰	۳۵	۳۸

اہل جہاں عزت کریں

جو کوئی اس نقش کو گوگبھی کے عرق میں بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ جہان عزت کرے گا۔

۴۸	۵۶	۲	۷
۶	۳	۵۳	۵۲
۵۵	۵۰	۸	۱
۴	۵	۵۱	۵۲

بھوت چڑیل کا خوف نہ رہے

اگر اس نقش کو گھر کے سامنے ہر سرے لکھا جائیگا۔ تو بھوت پری کا خوف نہ رہے گا۔

۴۴	۴۱	۲	۸
۷	۳	۳۸	۳۷
۴۰	۳۵	۹	۱
۴	۶	۲۶	۳۸

غلہ میں کرم نہ پڑیں!

جو کوئی [illegible] کے چوتھے میں اس نقش کو برگ پیپل پر لکھ کر غلہ میں رکھے تو اس غلہ میں کرم نہ پڑیں۔

۸۸	۸۱	۲	۷
۶	۳	۸۵	۸۴
۷	۸۲	۸	۱
۲	۵	۸۳	۸۶

غلل مسان دور ہو

اس تعویذ کو سرس کے درخت کے نیچے بیٹھ کر لکھے اور جس کو غلل مسان ہو اس کے گلے میں باندھے۔ غلل معد ہو

نقش یہ ہے۔

اول	۲۵	۲۵	بری
بری	۲۵	بری	۲۵۳
۲۵۲	۲۵۳	۲۵۲	۲۵۲
بری	بری	بری	بری

تمام دن خوش رہے

جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنی عورت خوابگاہ میں چسپاں کرے اور علی الصبح اٹھ کر جب کسی کا منہ دیکھا ہو اس نقش کو دیکھے تو تمام دن خوش رہے گا

۱۶	۹	۴	۵
۳	۶	۱۵	۱۰
۱۳	۱۲	۱	۸
۲	۰	۱۴	۱۱

بچہ ہرگز نہ روئے گا

جو کوئی روتا ہو گا یہ نقش کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے گا۔ تو مرض ہو گا۔ مجرب ہے۔

۱۷	۲۴	۲	۷
۶	۳	۲۱	۲۰
۲۳	۱۲	۸	۱
۴	۵	۱۹	۲۳

بواسیر خونی و بادی دفع ہو گی

مریض بواسیر خونی و بادی اگر نقش کو کمر میں باندھے گا۔ تو مرض دفع ہو گی۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے......

یاشافعے	یاشافع	یاشافع	۰
یاشافع	یاشافع	یاشافع	۰
یاشافع	یاشافع	یاشافع	۰
یاشافع	یاشافع	یاشافع	۰

جن دفع ہوگا

اگر اس نقش کو جلا کر ناک میں دھونی دوگے تو جن دفع ہوگا۔
نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔

	١	
٨	دفع	٦
٣		٧
٣		٢
	٩	

دبلا بچہ موٹا تازہ ہوجائے گا

اگر کوئی بچہ دبلا ہو گیا ہو تو اس نقش کو بدھ کے دن لکھ کر اس کے گلے میں باندھ دو۔ مرض سے شفا پاکر موٹا تازہ ہو جائے گا۔

دا	١١٣	١ ع
ص ٣٣	١١	
		حامج
		سں اح

بلا تکلیف بچہ جیتا جاگتا حمل سے باہر آجائیگا

اگر حاملہ عورت کی ناف پر یہ نقش باندھ دوگے تو بحکم خدا لڑکا جیتا جاگتا باہر آجائے گا۔
نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔

یا نافع	١١٠	یا نافع	٠
٢٠	یا نافع	یا دافع	٠
یا دافع	یا نافع	یا دافع	٠

جدائی سے دوستی ہوجائے

اگر کسی دوست میں جدائی ہو جائے چاہیئے کہ ان حرفوں کو لکھ کر فلیتہ بنا کر رکھا جائے۔ آپس میں دونوں کی دوستی ہو جائے۔

١١ ٧١ ١٥١ ٥٥ع

س٧١ ٢١ ٨١ ٥٥ د ٥٥

مطلوب حاضر ہوگا

واسطے محبت اور مطیع کرنے کے لئے ویرو ار کو اس نقش کو پارچہ پر لکھ کر جلائے پانچ ویدوار یہ عمل برابر کرتا رہے۔ مطلوب حاضر ہوگا۔

ساع ٢٢٢ طو ٧

فلاں بن فلاں

یرقان دفع ہو

ساعت مناسب میں لکھ کر مریض یرقان کے گلے میں باندھ دے اور ایک نقش متواتر تین روز دھو کر پلا دے۔ یرقان دفع ہوگا

بحق لا الٰہ الا اللہ دفع شود

و بحق محمد رسول اللہ دفع شود


بھینس دودھ دے اور قابو آجائیگی

جو بھینس بچہ نہ لگا وے اور دودھ نہ دے۔ اس کے سینگ پر یہ نقش باندھ دو۔

۲۹	۱۸	۲۴

دشمن برباد ہو

ساعت زحل میں جب قمر عقرب میں ہو۔ اس نقش کو گدھے کے چمڑے پر لکھو اور نقش کے نیچے دونو کے نام لکھ دو۔ دشمن کے یا جائے آمد و رفت دشمن میں دفن کردو۔ نقش یہ ہے۔



تعویذات اور عملیات محبت والفت درمیان شوہر وزن اور عاشق ومعشوق جب محبت پاک ہو۔

اس نقش کو لکھ شوہر کے بازو پر باندھے الفت پیدا ہو جائیگا نقش یہ ہے۔۔۔۔۔

۳	۷	۶
۸	[illegible]	۱
۴	۳	۸

دیگر برائے الفت زن و شوہر

اس نقش کو عورت اپنے بائیں پاؤں پر باندھے تو شوہر مطیع اور فرمانبردار رہیگا۔ نقش یہ ہے۔

فلاں بن فلاں در محبت فلاں گرفتار کرد ١٩١١٩٩ ١١٦٦٥١١ ٨ ١١

شوہر و زن کی رنجش دور ہو

اگر شوہر و زن میں رنجش ہو تو تعویذ لکھ کر شوہر و زن دونوں کے گلے میں ڈال دو۔ نہایت پر اثر ہے۔ نقش یہ ہے۔

٣١٧	٣١٠	٣٠٧	٣٠٣
٣٠٨	٣٠٣	٣٩٨	٣٠٩
٣	٣٠٥	٣:٣	٣٩٩
٣١١	٣٠٠	٣٠١	٣٠٦

معشوق بیقرار ہو

اس نقش کو لکھ کر ہوا کے رخ پر لگا دے جب یہ نقش ہلے گا معشوق بیقرار ہوگا اور بیقرار ہو کر چلا آئے گا۔ نقش متبرک یہ ہے۔

٨	١	٦	٠
٣	٥	٧	٠
٣	٥	٧	٠
ع	٩	٣٠	٠٠

مطلوب تابع ہو جائے

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ بنانا ہو۔ تو یہ تعویذ مطلوب کے پارچہ سفید پر لکھ کر دکھا دے اور فتیلہ بنا کر روغن میں جلا دے تو

بہت جلد تابع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۱۱ ۵ ۱۸ ۱۱ ط ۱۱ ۱۳ ا ۵ ۲ ۱۱ ط

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

مطلوب حاضر ہوگا جمعہ یا پیر کو یہ نقش مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر اگر سات روز تک جلا دے تو مطلوب فوراً حاضر ہو جائے۔ نقش یہ ہے۔

طہ	لاد	لا	۱۱	لا	۱۱	۱۵
۸	۷	۲۱	ز	۴	۴	۴
۴	لا۱	۱۷	ع۰	۱۱	لا	لالا
۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

دیگر مطلوب کے کپڑے پر لکھ کر یہ تعویذ پنجشنبہ کو جلا دے پانچ پنجشنبہ یہی عمل کرے مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۴ ۴ ۹ ۹ ح ح ح ع ع ع ۴ ۲ ۲ طو فلاں بنت فلاں

مطلوب حاضر ہوگا محبت ہوگی اتوار کے دن روٹی کے ٹکڑے کر کے ان پر یہ شکل لکھ کر کتے کو کھلا دے اور سات ٹکڑوں پر نام مطلوب کا معہ اپنا باپ سمیت لکھے اور کھلاتے وقت یوں کہے۔ اگر محبت نہ ہو گی تو تجھ کو ہلاک کر دوں گا بحکم اللہ ضرور محبت پیدا ہو گی۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

اع ب ا دو ص سم

ججنٓ

غرائب تماشے

آگ نہ جلے بید کی جڑ اور گھوڑے کا سم ہموزن پیس کر ... پو ... یا

بھٹی میں ڈال دو آگ کے شعلے نہ نکلیں گے۔ دھواں اٹھا کرے گا۔

جس چیز کو آگ پر رکھو گرم نہ ہو گی سنیچر یا اتوار کے دن جب اماوس ہو۔ بن تلسی کی جڑ لے کر جلائے اور گدھے کے پیشاب میں بجھائے اور چولہے میں ڈال دے اس پر جو چیز رکھو گے گرم نہ ہو گی۔

آگ ہاتھ پر رکھے اور ہاتھ جلے مینڈک کی چربی خوب ہاتھوں پر ملے اور خشک کرلے۔ پھر ہاتھ پر آگ کا انگارہ بے دریغ رکھے ہاتھ ہرگز نہ جلے گا۔ مجرب ہے۔

آگ سے ہاتھ پاؤں نہ جلیں افیون۔ نمک سانبھر۔ کتیرا۔ پوست بیضۂ مرغ۔ پارہ ہموزن لو اور سرکہ میں پیس کر ہاتھ پاؤں پر مل لو آگ پر نہ جلیں گے۔

آگ سے کپڑا نہ جلے برانڈی شراب میں کافور گھس کر ملاؤ اور کپڑے کو اس میں سات مرتبہ تر کرکے سکھالو۔ پھر اس کپڑے کو بچھا کر لکڑیاں اس پر چن دو۔ اور گھی سے ہوم کرو۔ لکڑیاں جلتی جائیں گی۔ کپڑا نہ جلے گا۔

ہاتھ نہ جلے نوشادر۔ کافور پانی میں پیس کر ہاتھوں میں خوب مل لو اور سکھاؤ۔ پھر ہاتھوں سے آگ اٹھاؤ۔ ہاتھ نہ جلے گا۔

تمام بدن نہ جلے جل بھانگرہ ملٹھی کے پتوں کا عرق پر ملے۔ اور بھوت گرم لو اٹھا دے۔ یا آگ میں جلائے۔ بدن نہ جلے گا۔

پانی میں چراغ جلے اسپنیا کافور کی بتی بنا کر چراغ میں رکھ کر اور جلا کر پانی بھر دے۔ چراغ بخوبی جلے گا۔

۲۔ کھرنی کے دودھ میں روئی بھگو کر سایہ میں خشک کرے اس طرح سات مرتبہ کرے۔ اور بتی بنا کر چراغ میں رکھ کر جلائے پھر پانی سے پھر پانی سے بھر دے۔ چراغ جلا کرے۔

(۳)۔ رال ۵ ماشہ کافور ۵ ماشہ پانی ۵ تولہ دونوں اجزا کو پانی میں پیس

کر چراغ میں بھر دے اور مازو پھل اور بکری کی چربی ہم وزن لے کر روئی کے ساتھ بتی بناکر چراغ بناکر جلائے - چراغ جلا کرے گا۔

ستارے دن میں نظر آئیں سفید سرمہ پیس کر اگست کے پھول کے رس میں سات دن تک تر رکھو - پھر اس سرمہ کو آنکھ میں لگاؤ - ستارے دن میں نظر آئیں گے۔

گھر پانی سے بھرا نظر آئے کچھوے کی چربی اور کچھوے کی بتی بناکر چراغ میں جلائے - تمام گھر میں پانی نظر آئے۔

دانت بآسانی نکل آئیں بیج سرس کی مالا بناکر لڑکے کے گلے میں ڈال دیں - دانت بآسانی نکل آئیں گے اور کوئی تکلیف نہ ہوگی - مجرب ہے۔

آگ سے فرش نہ جلے چینا کافور اور ہلدی کو پیس کر پان کے رس میں گولیاں بناؤ - اور فرش پر رکھ کر جلا دو۔

پانی سے آگ نکلے توتیا - گندھک اور نوشادر دونوں کی پوٹلی بناکر پانی میں ڈال کر ملے - آگ نکلے گی۔

ہوا سے آگ پیدا ہو اونٹ کی مینگنی جلاکر شہد میں بجھا کر رکھ چھوڑے جب آگ کی ضرورت ہو اسے توڑ کر ہوا میں رکھ دے آگ پیدا ہو گی۔

حاضرات کی ترکیب اونگھی کی سوکھی لکڑی لے کر اس پر روئی لپیٹ کر گھی کے چراغ میں جلائے اور نو دس برس کا لڑکا یا لڑکی نہا دھو کر اس جوت سے نگاہ لڑا کر دیکھے ان مچھلیوں کا راجہ معہ اپنی فوج کے دکھائی دیگا - اور جو کچھ بات چیت کرے گا - وہ بھی بخوبی سنائی دے گی - اس وقت جس کو خواہش ہو - وہ اسرفت اس لڑکے کے بیان کریگا - مچھلیوں کا راجہ اپنے نوکروں کے ذریعے اس کا کام کرے گا۔

کبھی دھرن نہ ٹلے اگر تعویذ کو کچے سوت میں جو کہ عورت کنواری

کے ہاتھ سے کتا ہوا ہو۔ لپیٹ کر کمر میں باندھے یا چاندی میں منڈھا کر کمر میں باندھے رکھے کبھی دھرن نہ ٹلے اگر بعد صحت کے سوا سیر مالیدہ بنا کر فقیر کو کھلاوے اور سوا گز پارچہ اس کو اڑھا دے۔ آزمودہ سریع الاثر ہے نقش یہ ہے:۔

۱۶	۲۶	۲	۷
۶	۳	۲۳	۲۳
۲۹	۳	۸	۱۰
۴۰	۵	۲۱	۲۴

درد کان دفع ہو

جو کوئی اس نقش کو شنبہ کے روز لکھے اور سات دھاگے کچے سوت کے لپیٹ کر کان میں باندھے درد دور ہو جائیگا۔ نقش یہ ہے۔

د	ش	لا	۵
م	ع	ث	ط
و	چ	ص	ح

درد پیٹ دفع ہوگا

اس نقش کو لکھ کر پلا دو۔ بحکم خدا فوراً صحت ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

ص	۴	۱۵
جا	۱۱و	۲
سا	کن	ح

آسیب اپنا نام ظاہر کردے

یہ فتیلہ جس وقت کہ آسیب پر

آسیب اور اپنے تابعیں ظاہر نہ کرے کہ میں کون ہوں - لکھ کر سیاہ ہرن اس پر لپیٹ کر جلا دے اور دھونی اس کے ناک میں دے فوراً ظاہر کر دے گا - فتیلہ یہ ہے -

سرمائی بہ طلسم لعنت	سرمائی لعنت	سرمائی لعنت
۵۵۵	۵۵۷	۵۵۳
۵۵۹	۵۵۲	۵۵۴
۵۵۱	۵۵۶	۵۵۸
	دور شو و آسیب فلاں	صمامائی

درد زہ دفع ہوگا

یہ نقش درد زہ کے لئے مجرب ہے منگل کے دن یا اتوار کو سات دھاگے کچے سوت کے لپیٹ کر اس نقش کو کمر میں باندھو - درد دفع ہو - نقش یہ ہے -

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

دوا اثر کرے

جس کسی کو دوا اثر نہ کرے یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں باندھو - دوا ضرور اثر کرے گی آزمودہ ہے کہو انشاء اللہ - نقش یہ ہے

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

۱۲	۱۹	۱۴
۱۷	۱۵	۱۳
۱۳	۱۳	۱۲

کھجلی عمر بھر نہ نکلے گی

اگر کسی کو کھجلی ہو تو اتوار کے دن اس نقش کو لکھ کر لگا جائے۔ تمام عمر کھجلی نہ نکلے گی۔ جس کا جی چاہے آزمائے۔ نقش یہ ہے۔

۵	۸۴	۲	اللہ	الا
۸	م ب	۳	۴	۱
۲۱	۳	اب ا	ل د	ع ا
۱۵۷	۳ مدع	۳	۳۸	۳
۵۶	۳۳	۳ ص	۴	۵

انشاء اللہ لڑکا ہوگا

اس تعویذ کو عورت کی کمر میں باندھے انشاء اللہ لڑکا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۳	۷	۶
۸	ع	۱
۴	۳	۸

نظر بد کے واسطے

	یا حی	۷۸۶	یا قیوم	
حق	یا حفیظ	یا حفیظ	یا حفیظ	حق
حق	یا حفیظ	یا حفیظ	یا حفیظ	حق
حق	یا حفیظ	یا حفیظ	یا حفیظ	حق

ہول دل دفع ہو

یہ تعویذ واسطے ہول دل کے لئے بہت مفید ہے ایک تعویذ ہر صبح کو چالیس دن تک لگا جاوے شفا پائے۔ بعد حاصل ہونے شفا کامل کے قدرے شیرین

پر حضرت شاہ فرید الدین شکر گنج کے فاتحہ دے اور لڑکوں کو تقسیم کرے یا یہ تعویذ نشیب کی تختی پر کندہ کرکے گلے میں ڈالدے اور واسطے بخار بھی یہ تعویذ مفید اور مجرب ہے۔

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

ا	ل	م	ل	ک
ل	م	ل	ک	ا
م	ل	ک	ا	ل
ل	ک	ا	ل	م
ک	ا	ل	م	ل

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

سو	ح	لحب	طعه
ب	د	و	ی
ا	ر	ے	حب

حاضرات جن اور پری کی

جو آدمی جاننے والا اس عمل کو کرے گا۔ بیشک جن اور پری کو ملے گا اور ان کی اصل کو دیکھیگا اور ان سے ہم کلام بھی ہوگا مگر چاہیئے کہ ان کے ساتھ کام کرنے کی خواہش دل ہی نہ کرے ورنہ افسوس اٹھائیگا اور اگر ان کی خواہش ہو قسم کے ساتھ کچھ خوف نہیں مگر اپنی بات پر مستحکم اور طہارت سے رہے۔ اور خوش قسم پوشاک وعطریات کو کام میں لائے

نفاق ہو جائے

اگر دو شخصوں میں نفاق کرانا ہو تو یہ نقش کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے گھر میں دفن کرے ایک ہفتہ بعد جدائی اور نخش فریقین کی دیکھے مگر زیر تعویذ نام دونوں شخصوں کا لکھ دے۔

سعه عه ۸۸ مم ط ط اا اااا ۹۹۹ ۷۷۷ ح ۲۲ مم کدم طعه علیه
۹۶۱۶

فلان بن فلان — فلان بن فلان

دیگر پر زاغ اور پر الو یکجا کرکے اور شب یکشنبہ کو جلا کر خاک اس

کی دو شخصوں جو کہ عاشق معشوق ہوں ۔ سر پر چھوڑ دے ان میں عداوت ہو جانے گی ۔

دیگر عورت کے سر کے بال اور مرد کا کپڑا دونوں کو منگل کے روز جلا کر کھلا دے ۔ عداوت ہو جاوے گی مجرب اور آزمودہ ہے

دن کو حروف غائب اور رات کو ظاہر ہوں گے

اگر زہرہ پلنگ اور زہرہ سنگ سیاہ اور زہرہ باز سے باہم ملا کر لکھیں دن کو حروف نہ معلوم ہونگے اور رات کو صاف پڑھیں جائیں گے

پنڈریا تعویذ بہت مجرب اور آزمودہ ہے کئی بار آزمائیش کیا گیا ہے نقش یہ ہے ۔

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

۲	۹	۴
۶	۱	۸
۷	۵	۲

ابجد کا حساب ابجد کے حسب ذیل آٹھ الفاظ ہیں اور الف ب کا مجموعہ ہیں ۔ ان میں سے ہر ایک حرف کے واسطے عدد مقرر ہیں ۔

ابجد ۔ ہوز ۔ حطی ۔ کلمن ۔ سعفص ۔ قرشت ۔ ثخذ ۔ ضظغ اور ان کے اعداد حسب ذیل ہیں ۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰

ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اسی طریق سے نام کے اعداد نکالے جاتے ہیں ۔ مثلاً لفظ مطلوب کے نام کھنے کی ضرورت ہے اگر اس کا نام خان بی بی

ہے تو اس طرح نکالنے چاہئیں۔

خ ا ن ب ی ب ی } میزان کل ۶۷۵
۶۰۰ ۱ ۵۰ ۲ ۱۰ ۲ ۱۰

طرح خان بی بی کے (۶۷۵) لکھا جاوے۔

یا مثلاً ... کا نام نور محمد ہے تو اس کے نام کے عدد حسب ذیل ہیں

ن و ر م ح م د } کل میزان ۳۴۸
۵۰ ۶ ۲۰۰ ۴۰ ۸ ۴۰ ۴

پس نور محمد کی بجائے (۳۴۸) کا ہندسہ لکھنا چاہیئے۔ علیٰ ہذا القیاس تعویذ لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت یہ خیال کر لینا چاہیئے کہ تمہارے یا مطلوب کے نام کا پہلا حرف آتشی اگر ہوگا تو بہت جلد اثر ہوگا

آتشی حروف

ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ

بادی حروف

ب - و - ی - ص - ن - ض - ت

آبی حروف

ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ -

خاکی حروف

د - ح - ل - ع - ر - خ - غ -

رنگ اور مؤکل

خاکی - ان حروف کا رنگ زرد ہے - اور ان کے مؤکل حضرت جبرائیل ہیں۔

بادی - ان کا رنگ نیلا ہے - اور مؤکل حضرت میکائیل ہیں۔

آتشی - ان کا رنگ سفید و زرد ہے - اور مؤکل عزرائیل ہیں۔

حروف کی اقسام

نورانی حروف - ر - ا - ل - ک - ہ - ی - ع
ص - ط - س - ح - م - ق

طلسمانی حروف - ب - ج - د - ذ - ف - ت - ث - ز - خ - ض
ظ - غ - و - ش

ناطقہ حروف - ب - ت - ث - ج - خ - ذ - ز - ش - ض -
ظ - غ - ف - ن - ی - ق

صوالقہ حروف - ا - ح - د - ر - س - ص - ط - ع - ک - ل - م - و - ہ

حروف بنیات - ا - و - د - ی - ل - م - ن - ف

حروف خواتیم - ا - ف - ق - ک - ل - م - ن - و - ہ - ی

حروف محبت - ج - ح - خ - د - ذ - ر - ز - س - ش - ص - ض - ع - غ

حروف دافع علت - ا - ب - ث - ط - ظ - ف - ق - ل - ی

نحس و سعد حروف - آتشی حروف ہیں سے - د - ر - ہ - ط - م سعد ہیں - اور اپنے ہیں حرارت عشق پیدا کرنے کی تاثیر رکھتے ہیں - ف ش - ذ نحس ہیں جو غیض و غضب اور قتل و خونریزی کی تاثیر پیدا کرتے ہیں

بادی حروف کے خواص - بادی حروف ذہن کی ترقی - حافظہ بڑھانے خوش کلامی - نکتہ سنجی کا اثر رکھتے ہیں -

آبی حروف کے خواص - آبی حروف کو دفع اور آتشِ عشق کو ٹھنڈا کرتے ہیں -

خاکی حروف کے خواص - خاکی حروف زمین کے معاملات سے تعلق رکھتے ہیں - مثلاً زراعت - دفینہ - قوت جسمانی وغیرہ وغیرہ -

حروف کا تعلق ستاروں سے

زحل کا - تعلق - ا - ب - ج - د - ت سے ہے -

مشتری کا تعلق - ا - ہ - و - ز - ح سے ہے -

مریخ کا تعلق - ظ - ی - ک - ل سے ہے۔
قمر کا تعلق - ذ - ص - ظ اور غ سے ہے۔
زہرہ کا تعلق - ث - ص - ق - اور ر سے ہے۔
عطارد کا تعلق - ش - ت - ث اور خ سے ہے۔
شمس کا تعلق - م - ن - س اور ع سے ہے۔

عورت کو مطیع کرنا

اوم نمو - کٹ وی کٹ - گھور - وو پنی (فلاں) مطلوب کا نام لیا جائے یم وشنگ کر وسواہا - اول اس منتر کو چاند گرہن کیوقت کے اندر دس ہزار بار جاپ کرے تو یہ منتر سدھ ہو جائیگا - اس کے بعد جو پہلا اتوار آئے - تب سے کھانا کھانے سے پہلے اس منتر کا جاپ کر کے کھائے اور کھانے کے بعد بھی جاپ کرے اور اس عورت کا تصور اپنے دل میں رکھے تو اس سے بہت جلد آپ کی مطلوب عورت قابو آجائے۔

محبت کے لئے بینظیر

بروز منگلوار خوشبویات - یعنی صندل وعطر ولوبان وکافور لوبان پھول وغیرہ رکھے ایک سو پانچ ۱۰۵ دفعہ منتر پڑھ کر وم کرے - وہ شخص آپ کے ہمراہ ہو جائیگا - لیکن شرط یہ ہے کہ حرام کیواسطے یہ عمل نہ کرے - ورنہ اثر نہ کریگا - منتر یہ ہے۔

کامرو یس سے آئی دیوی - جہاں بسے اسمٰعیل جوگی - اسمٰعیل جوگی کی لگی - پھلواری جہاں بسے لوناں چماری - جہاں جہاں چمارے پھولوں کی باس تاں تاں آوے میرے پاس دہائی لوناں چماری کی چھو

نقش ذیل محبت کیواسطے مجرب ہے

اس نقش کو مٹی کے کورے قودے پر

چاروں طرف مشک وزعفران اور گلاب سے بروز منگل ڈالکھ وار
دریا میں ڈال دے - تو فوراً طرف ثانی میں محبت پیدا ہوگی -

۱ ۷ ۱۳ ۴ ۱۳ ط ۱۹ ۷ ۱۹

۱۱م ط ۱۱۲ ۶ عم عم عم عم

(فلاں بن فلاں) در محبت (فلاں بن فلاں) گرفتار گردد
(مطلوب کا نام) (اپنا نام)

حب کا جادو

ان اسموں کو مٹھائی پر ایک سو گیارہ دفعہ پڑھ کر دن میں تین بار مطلوب کو کھلائے بیشک محبت دلی پیدا ہو جائیگی اور ایک ہفتہ متواتر یہ عمل کرنا لازمی ہے اسم یہ ہے
یا سید یا حضرت یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا الٰہی اتا
العلون المورد قادر المحبت فلاں بن فلاں (معشوقہ کا نام) بیقرار ہو

حب

اس نقش کو زعفران اور مشک سے لکھ کر نئے چراغ میں روغن کنجد ڈال کر جلائے اور جب تک چراغ جلتا رہے - اپنے عقیدہ کے مطابق خدا کیمطابق خدا کی عبادت کرنا ہے اسی طرح ایک ہفتہ متواتر عمل کرنے سے دلی مراد بر آئیگی اور نقش کیواسطے لازمی ہے کہ کسی محبوب کے پارچہ پر لکھنا چاہیئے -

۷۸۶

۱۸	۲۱	۲۴	۱۱
۲۸	۴	۱۷	۲۲
	نقش فلاں بن فلاں در محبت فلاں بن فلاں بیقرار ہووے		
۱۳	۱۹	۲۶	۲۶
۲۰	۱۵	۲۴	۲۵

محبت کیواسطے

اس نقش کو زعفران اور مشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھے - اور یہی نقش لکھ کر قبرستان میں جا

کر کسی پرانی قبر میں دفن کردے انشاء اللہ از جلد مطلب حل ہوگا۔

یا قیوم — ٧٨٦ — یا حی

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

ت ت ت ت

حب کا عمل

منتر ذیل کو جمعرات کے دن سے شروع کرکے ایک ہفتہ کے اندر بیس ہزار بار پڑھیں۔ اور کسی چیز پر دم کریں۔ اور پھر مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر کام بن جائیگا۔ کہو انشاء اللہ تعالےٰ عمل یہ ہے۔

یا حیؔ۔ یا قیومؔ یا غفور یا غفور یا غفور لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اکیس روز عمل میں لائیں۔

دیگر

ایک تعویذ گلے میں ڈال دینا اس نقش کو خون مرغ یا خون کبوتر سے لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں۔ محبوب کے نام پورے پورے لکھیں۔ ورنہ کامیاب نہ ہونگے۔

یا قیوم — ٧٨٦ — یا حی

١٦٢٦	١٦۴١	١٦٣٦	١٦٢٣
١٦٣٧	١٦٣٢	١٦٢٧	١٦۴٠
١٦٣١	١٦٣۴	١٦۴٣	١٦٢٨
١٦٢٢	١٦٦٩	١٦٣٠	١٦٣٥
۔	۔	۔	۔

درد زہ کیواسطے

مندرجہ نقش لکھ کر نا بالغ اور کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کے دھاگوں

میں باندھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ دردِ زہ کی تکلیف اور مصیبت سے امن میں رہے گی۔ اور بلاتکلیف بچہ پیدا ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

یا قیوم — یا جبرائیل — یا حی

یا عزرائیل — یا اسرافیل

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

[illegible]

برائے اسقاط حمل

اسقاط حمل کا بہترین علاج ہے یہ نقش ابتدائے حمل میں چالیس دن متواتر بلا ناغہ پانی میں گھول کر پلائے جائیں بعد ازاں ہر مہینہ میں سات مرتبہ ہر چھٹے دن وضع حمل تک پلانے چاہئیں انشاءاللہ حمل ساقط ہوگا۔ کہو انشاءاللہ۔

ع

۳ صط
صط

جن و بھوت رفع ہوں

آسیب زدہ مرد و عورت دونوں کے لئے یہ نقش نہایت ہی مفید اور باعث برکت ہے۔ اس نقش کو جن و بھوت خودبخود باطل ہو جائے گا بارہا بار کا مجرب ہے۔

یا قیوم — ۷۸۶ — یا حی

۱۰۶۶۲	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۸	۱۸۶۵۴
۱۰۶۶۷	۱۰۶۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۶
۱۰۶۵۶	۱۰۶۶۷۰	۱۰۶۶۶۳	۱۰۶۶۰
۱۰۶۱۳	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۹

برائے درد کان

بروز اتوار کنواری لڑکی کے ہاتھ کا سوت لے کر دم کرے۔ سورۃ الحمد شریف ۲۱ بار پڑھیں انشاء اللہ آرام آجائیگا۔ اور یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھے۔

یا قیوم ۷۸۶ یا حی

حق	۶	۹	۳	حق
حق	۷	۱	۴	حق
حق	۲	۵	۸	حق
	ت	ت	ت	

سحر دفع کے لئے بے نظیر ہے

اگر کسی پر کسی نے جادو کیا ہو۔ تو یہ نقش پیالے میں لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں اور تین روز متواتر ایسا کریں تو بحکم خدا اس پر سے تمام اثر جادو سحر کے دور ہو جائیں۔

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	ہا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا کمال	یا رحمٰن	یا علی	یا اللہ	یا کریم	یا رحمٰن
علی	علی	علی	علی	۰	ام
ی	ی	ح	بمید	ع	ع
ام	اللہ	رسول	محمد	الہ اللہ	الہ اللہ
م	م	م	م	دلد	علی

برائے روزی

اگر کسی کی دوکان کا کام مندہ پڑ گیا ہو۔ اور گاہک دکان پر کم آتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر اور روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے۔ اور چراغ میں روغن کنجد ڈال دیں۔ دوکان پر روزانہ جلائے۔ انشاء اللہ اس قدر خریدار آویں گے کہ فرصت نہ ہو گی۔ نقش یہ صفحہ ۴۲ پر ملاحظہ فرماویں۔

۷۸۶

۸۰۲۴	۸۰۲۷	۸۰۳۰	۸۰۰۶
۸۰۲۹	۸۰۱۷	۸۰۳۳	۴۰۲۸
۸۰۱۸	۸۰۳۳	۸۰۲۵	۸۰۴۲
۸۰۳۶	۸۰۲۱	۸۰۱۹	۸۰۳۱

برائے خون بند

یہ نقش لکھ کر عورت کو دیں اور اس کو کہیں کہ کمر سے باندھ لے بحکم خدا اسی وقت خون بند ہو جائیگا - خواہ جادو وغیرہ کے زور سے کسی نے خون جاری کیوں نہ کیا ہو - اس کے واسطے مجرب ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

ماہواری بند کرنے کے لئے

کسی قسم کا خون کسی بھی جگہ سے عورت یا مرد یا بچے کسی کو آتا ہو - کیسا ہی خون کیوں نہ ہو - بحکم خدا فوراً متاثر ہو کر بند ہو جائیگا خواہ خون جادو وغیرہ سے جاری کیوں نہ کیا گیا ہو - مجرب و آزمودہ ہے ۔

نقش یہ ہے -

۷۸۶

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

گم شدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے

۱۲۷	۱۲۸	۱۶۷	۱۲۱۶
۲۷۸	۶۱۷۱	۱۳۹۱۱	۱۷۲۹
۲۳۰۷	۱۲۷۱	۱۶۱۷	۱۸۱۲
۱۲۰۷۲	۱۲۹	۱۶۰۷	۱۳۰۷

برائے ورد بچہ


جو بچہ ہر وقت روتا ہو۔ اور خوب میں ڈرتا ہو اس کے گلے میں یہ تعویذ لکھ کر ڈالا جائے اس کا رونا اور خوف دونوں جاتے رہیں گے خواب میں دہشت نہ معلوم ہوگی۔ چونکنا جاتا رہیگا نہ روئے گا نہ ڈریگا۔ سکھ اور آرام سے سوئے گا۔ یہ نقش جمعہ کو لکھ لکھا جائے پیپل کے پتے پر اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

حق	۴۰	۴۰	۴۰	۴۰	۴۰	حق
حق	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	حق
حق	۲۰	۲۰	۲۰	۲۰	۲۰	حق
حق	۷۰	۷۰	۷۰	۷۰	۷۰	حق
	ت	ت	ت	ت	ت	

بچہ دن بدن موٹا ہوتا جائیگا

اس نقش کو ماں کے دودھ میں روزانہ گھول کر پلایا جائے تو بچہ توانا اور موٹا ہو جائے گا۔ مگر یہ نقش دس برس کے نیچے تک کو کام دے گا۔ دس برس سے بڑے بچے کو کام نہیں دیگا۔ یہ نقش صفحہ ۴۴ پر ہے




نقش دافع بیماری یرقان

اس نقش کو لکھ کر یرقان زدہ شخص کی آنکھوں پر اکیس روز تک روزانہ ملیں مرض یرقان دور ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۱	۷	۳	۵	۹	۱۱	۲	۴
۸	۱۰	۵	۱۱	۲۰	۶	۲۱	۶۱

نقش برائے بربادی دشمن

اس نقش کو چمڑے پر لکھ کر کوئلے کی آگ میں جو خوب زور سے جل رہی ہو۔ اپنے دشمن کا نام اور اس کی بربادی کا خیال دل میں کرکے ڈال دے۔ اور جب تک وہ جل کر خاک سیاہ نہ ہو جائے اس پر نظر نہ ہٹائے۔ برابر غور سے اسی کی طرف دیکھتا رہے نتیجہ دو روز کے بعد ظاہر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔



نقش برائے بھینس

جس نے دودھ دینا بند کر دیا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بھینس جس کا بچہ مر گیا ہو اس کے بچہ کا پوست کھینچوا کر اس میں بھوسہ بھر دیا جائے اور یہ نقش اس بھینس کے دودھ سے اس مردہ بچہ کے پارچہ گوشت پر اس کی ہڈی کے قلم سے لکھ کر اس پوست کے اندر سلوا دو بھینس پہلے سے زیادہ دودھ دیگی اور روزانہ اس کے دودھ میں ترقی اور اضافہ ہوتا رہے گا

۲۰۰۰	۸۰۰	۸۰۰	۶۰۰	۶۰۰	۵۰۰
۱۰۰۰	۹۵	۲۰۰	۸۰۰	۷۰۰	۴۰۰۰

برائے ناف

جس عورت کی ناف ہمیشہ ٹل جاتی ہو۔ اس نقش کو لکھ کر اپنی کمر میں نیلے ڈورے میں باندھ کر باندھے۔ ناف نہ ٹلے گی۔ کہو انشاء اللہ نقش یہ ہے۔

۵	۵	۵	۵	۵
۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵
۶	۶	۶	۶	۶

پہلا جادو

فرش پر آگ رکھدو۔ فرش پر نہ جلے۔ پانوز کو اسپرٹ میں خوب حل کر کے فرش پر مل دو۔ اور فرش پر جلتے ہوئے کوئلے کو رکھدو۔ شعلے اٹھیں گے مگر فرش کو نقصان نہ پہنچے گا مجرب ہے

دوسرا شعبدہ جادو

پانی میں بتی جلے چھپکلی کے پیشاب میں روئی کو خوب اچھی طرح تر کر کے اس پر موم چڑھا دو۔ بعدہٗ اسی بتی کو روشن کر کے دریا میں ڈوب دو بتی پانی کی تہ پر جا بیٹھے گی۔ اندر برابر جلتی رہے گی۔ باہر صاف طور پر اس

کی جلتی ہوئی لو نظر آئے گی۔ مچھلیاں اس کے اردگرد ہزاروں جمع ہو جائیں گی

نقشہ سفر نامہ

نقشہ ذیل پر سات بار خدا کا نام لے کر اور دل میں اپنی نیت کو ٹھان کر اس نقش پر آنکھیں بند کر کے انگلی رکھو۔ نمبر خانے میں لکھا ہو۔ اس نمبر کو آگے کے صفحہ پر دیکھو اور جو مضمون وہاں لکھا ہوا ہے۔ غور سے پڑھو اور اعتقاد رکھو۔ انشاءاللہ حسب دل خواہ نتیجہ پاؤ گے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲

۱۔ اگر سفر یورپ کی طرف کیا جائیگا تو بیحد منافع ہوگا۔ دولت ملے گی

۲۔ اگر اس وقت سفر کا ارادہ ملتوی کر دوگے۔ تو بہتر ہوگا کیونکہ سفر تمہارے لئے نامبارک ہے۔

۳۔ بروز جمعرات سات فقیر کو کھانا کھلا کر سفر کرو انشاءاللہ فائدہ ہوگا

۴۔ تم اس سفر میں سخت نقصان اٹھاؤ گے اور نوبت جان تک آ ملیگی

۵۔ اس سفر میں تکلیف کے بعد فائدہ ہوگا۔

۶۔ تمہارا ستارہ منحوس ہے۔ اس لئے یہ سفر مبارک ہے۔


۷۔ بڑی عمدہ بات ہے۔ شوق سے کرو جس مراد کے لئے سفر کرتے ہو۔ پورا ہوگا۔

۸۔ اس سفر سے واپس آنے پر نحوست کے دن ختم ہوں گے۔

۹۔ اس مرتبہ سفر میں سخت وقت پیش آئے گی جانوں کا نقصان ہوگا

۱۰۔ تمہاری شادی اس سفر میں ہونی چاہیئے۔ عورت سے شادی

کرو گے فیض پاؤ گے۔
۱۱- محبت کرنا تمہیں بہتر نہ ہوگا- اگر کسی سے دل لگاؤ گے دغا پاؤ گے
۱۲- تمہارے دل کی مراد بر آئیگی صدقہ دو-
۱۳- ہر وقت قسمت کی شکایت نہ کیا کرو-
۱۴- یہ کام تمہارے واسطے بہتر ہے-
۱۵- اس میں بہت فائدہ ہوگا-
۱۶- بیشک یہ کام تمہارے لئے فائدہ مند ہوگا-
۱۷- بھول کر مت ہاتھ ڈالنا- نقصان پاؤ گے-
۱۸- جاؤ یہ سفر تم کو مبارک ہو-
۱۹- اس سفر میں رحمت پاؤ گے-
۲۰- یہ سفر مبارک ہے-
۲۱- تمہارا کوئی بہت ہی پیارا دوست اس سفر میں تم سے جدا ہو گیا ہے
۲۲- علالت ہوگی دولت کا نقصان-
۲۳- دو عورتیں ملیں گی ایک سچی محبت والی جس سے فائدہ ہوگا-
۲۴- جاؤ انشاء اللہ فتح ہوگی-
۲۵- شراب پینا تمہارے واسطے موجب خرابی ہوگی-
۲۶- کبھی چین نہ پاؤ گے-
۲۷- راحت آئی- مصیبت گئی-
۲۸- بیحد دولت کماؤ گے-
۲۹- جاؤ ضرور فائدہ ہوگا-
۳۰- خواہ کچھ کرو- ابھی تمہاری مصیبت کے دن باقی ہیں-
۳۱- راحت مصیبت سے بدل گئی-
۳۲- راحت سے ہاتھ اٹھ گیا-



فالنامہ قسمت | جب کسی شخص کو اپنی قسمت کا حال دیکھنا مقصود ہو تو اپنے دل میں اس سوال کو رکھے اور پھر آنکھیں بند کر کے کسی خانے پر انگلی رکھے - پھر اپنا حال دیئے ہوئے نمبروں سے معلوم کرے -

۱- روزگار میں ترقی مایوس امیدوں میں کامیابی - آرزو بر آنے خوش قسمتی کی نشانی ہے -

۲- جس چیز کی خواہش سے دل کو پریشانی ہے وہ جلد حاصل ہوگی دل کا مدعا بر آئیگا - غم دور ہو جائیگا -

۳- کھوئی ہوئی چیز مل جائیگی اور کسی سے محبت کا سلسلہ بڑھیگا دشمن پر فتح پاؤ گے -

۴- تجارت میں ترقی - آمدنی زیادہ - کاروبار میں فائدہ ہوگا - اور ہر طرح کی جسمانی تکلیفات دور ہوں گی -

۵- کسی عزیز دوست سے ملاقات ہوگی - بگڑے ہوئے کام راستی پر آئینگے - سفر سے فائدہ ہوگا - گھر کا ایک شخص تمہیں تکلیف دیتا ہے

۶- ایک عرصہ سے تم تکلیف اٹھا رہے ہو - فکر بے پایاں دل کو حیرانی لیکن خدا کے فضل سے دن آئیں گے - رنج و غم دور ہو جائیں گے -

۷- دل میں محبت کی آگ شعلہ زن ہے کسی سے لگن ہے خیالات کا ہجوم رہتا ہے - جس سے اچھے اخلاق سے پیش آتے ہو - بدلہ میں بدی پاتے ہو - لیکن عنقریب گردش دور ہوگی - دل کی مراد بر آئے گی -

۸- جس جگہ سے تجھے امید کامرانی ہے وہاں مشکل سے امید بر آتی ہے البتہ ایک دوست کے ذریعے مشکل آسان ہوگی -

۹- تکلیف کا زمانہ گذر گیا - اب راحت کا وقت آگیا ہے - اگر زمین سے کچھ دفینہ ہاتھ آئے - تو کچھ عجب نہیں ہے - اور اگر ارادہ سفر کا رکھتے ہو - تو جاؤ فائدہ کی امید ہے -

۱۰- تم جس کام میں ہاتھ ڈالتے ہو - بجائے فائدہ کے نقصان اٹھاتے ہو - اپنی پریشانی دور کرو - اداس نہ رہو - چند ماہ کے بعد راحت ہو گی -

۱۱- اے صاحبِ فال عرصہ سے تم پر نحوست سوار ہے - تیرے دل میں جس کام ارادہ ہوتا ہے - وہ ادھورا رہتا ہے مگر جلد نحوست دور ہو جائے گی -

۱۲- کسی کی محبت میں تنگ رہتے ہو - بعض اوقات رات کو نیند بھی نہیں آتی کبھی دل گھبراتا ہے - جو کام کرتے ہو ادھورا رہ جاتا ہے امید ہے کہ سب دکھ ایک ماہ کے اندر اندر دور ہو جائیں گے -

۱۳- مال کا نقصان بلکہ گھر میں کبھی ہر طرح کی تکلیف ہے فکر ہر دم دامنگیر ہے - کیونکہ یہ وقت تم پر منحوس ہے - صبر و قناعت کرو - کیونکہ صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے -

۱۴- دشمن تم کو تکلیف دینے کی کوشش کرتے ہو - مگر تم بزرگوں کی خدمت کیا کرو - کاروبار تجارت میں تم کو فائدہ ہوگا کسی حسین نازنین سے ملاقات ہو گی - اور جس کام کے واسطے تم دریافت کرتے ہو وہ تھوڑے سے عرصہ کے بعد پورا ہوگا -

۱۵- غیبت اور بدگوئی چھوڑ دو - عاجزی سے دعا کرو کام بن جائیگا

۱۶- دشمن کی آزادہی سے تم پشیمان رہتے ہو - اور قرض خواہوں سے دہشت ہوتی ہے جس بات کی بابت دریافت کرتے ہو اس میں ابھی تھوڑا سا توقف ہے - لیکن امید ہے کہ کام ہو جائیگا -

۱۷- دل کسی کی محبت سے سرشار رہتا ہے - تپ فرزنت کا بخار رہتا ہے - کوئی خیال دل کو بار بار ستاتا ہے - جس کام کی بابت تم دریافت کرنا چاہتے ہو - کچھ صدقہ دو - مطلب پورا ہوگا -

دانت نکلنے کی خاصیت

اگر لڑکے کی پیدائش کے چوتھے ماہ دانت نکلیں تو والدہ کو نقصان پانچویں ماہ نکلیں - تو بڑے بھائی کو نقصان - چھٹے ماہ نکلیں تو تمام عمر خوشی سے گذرے - ساتویں - اور آٹھویں ماہ نکلیں - تو بہادر اور دلیر دسویں ماہ نکلیں تو بڑا دولتمند دس ماہ سے اوپر والدین کے لئے نقصان -

فتح و شکست

جب کسی مہم یا لڑائی یا مقدمات اور بیماری وغیرہ میں دیکھنا ہو - کہ کون غالب اور کون مغلوب ہوگا - تو اس طریقہ کو مندرجہ ذیل لحاظ سے دیکھنا چاہیئے -

بیمار کے لئے غالب حکیم اور مرض مطلوب - خاوند و عورت میں خاوند غالب اور عورت مغلوب - مسافر کے لئے مسافر غالب اور سفر مغلوب عشق و محبت کیلئے عاشق غالب اور معشوق مغلوب غالب و مغلوب کے نام کے اعداد ابجد کے حساب سے علیحدہ جمع کرکے ہر ایک کو نو ۹ پر علیحدہ علیحدہ تقسیم کریں اگر ایک کے طاق اور دوسرے کے جفت رہیں - تو جس کے اعداد زیادہ ہونگے وہ مغلوب اور جس کے کم ہونگے وہ غالب اگر دونوں کے برابر ہیں صلح ہو جائے گی - یا جو عمر میں چھوٹا ہوگا وہ غالب رہے گا -

مکان میں رہائش کرنے کے لئے

جب کسی نئے مکان میں رہائش کرنی ہو - تو اس روز کے اعداد بحساب ابجد اور مالک مکان اور رہائش رکھنے والے کے

ناموں کے اعداد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو رہائش کرنا ٹھیک ہے اگر دو بچیں تو اسی روز رہائش کر فی چاہیئے۔ اگر تین بچیں تو اس سے دوسرے روز رہائش کریں اگر برابر تقسیم ہو جائے۔ تو اس مکان میں طبیعت رنجیدہ رہے گی۔

افسر کو خوش کرنے کا طریقہ

عام لوگوں نے مشہور کر دیا ہے کہ راجہ۔ حاکم۔ نواب یا افسر پر سحر تاثیر نہیں کرتا میں سوال کرتا ہوں کہ کیوں نہیں کرتا اور مزید کرتا ہے کیا وہ انسان نہیں ہوتا جو اس پر سحر تاثیر نہ کرے سحر ایک ایسا علم ہے جو پتھر پر بھی اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتا یہ تو انسان ہے پھر ممکن ہے کہ اثر نہ ہو لیکن یہ نقش اپنے پاس رکھنا ضروری ہے اگرچہ تمہارا جانی دشمن بھی نہ ہو مگر ایک مرتبہ تمہارا دست فرمانبردار بن جائیگا مجرب اور آزمودہ ہے۔

۷۸۶ جبرائیل

یا روحانیت — مالروت

۷	۲	۵	۱	۳	۲۰
۷	۷	۷	۸	۱۱	۵
۵	۹	۹	۵	۳۰	۱۰
۳	۸	۶	۳	۸	۳
۲۰	۳۰	۷۰	۵	۶۰	۷۰

یا اسرافیل — یا میکائیل

جبروت — بیروت

لاہوت

نقش محبت قائم کرنے کے لئے

اگر دو شخصوں میں جانی دشمنی ہے تو بھی اس نقش کی برکت سے ایک جان دو قلب ہو جائیں گے اگر جو رو اور خاوند میں نا اتفاقی ہو تو اس نقش کی برکت سے رشتہ محبت قائم ہو جائیگا۔ بلکہ درجہ محبت عشق کے درجہ تک تجاوز کر

جائے گا ۔ ایک دوسرے کا دل سے شیدا ہو جائیگا نقش یہ ہے۔

۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م
۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م
۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م	۱۰۷م

بھوت چڑیل اور مسان سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر آپ کو یہ خیال ہو کہ اس مکان میں بھوت چڑیل اور کوئی خلل ہے تو اس نقش کو لکھ کر آپ اس مکان کے دروازے یا دالان یا کمرے میں دیوار پر لگا دیں ۔ اگر کوئی خلل ہوگا ۔ تو فوراً بھاگ جائیگا اور پھر کبھی بھی اس طرف کا رخ نہ کریگا ۔ مکان پاک وصاف ہو جائیگا نقش یہ ہے

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

علی	ن	و	ن	و	ن	علی
علی	و	ن	و	ن	و	علی
علی	ن	و	ن	و	ن	علی
علی	۲۲۷	۲۲۷	۲۲۷	۲۲۷	۲۲۷	علی
	ت	ت	ت	ت	ت	

بچوں کو خلل مسان سے محفوظ رکھنے کے لئے

اس نقش کو جب تک بچہ بارہ برس کا ہو جائے نقش کو اس کے گلے سے دور نہ کرے بچہ آسیب سے محفوظ رہیگا نقش یہ ہے۔

وہ	وہ	وہ	وہ	وہ	وہ
ج	ج	ج	ج	ج	ج
۲۳۴	ک	ک	ک	ک	ک
وہ	وہ	وہ	۶۰۷۳۰	س	کہ

تعویذ برائے چیچک

اگر بچے کو چیچک نکل آئے اور سخت تکلیف ہو تو اس نقش کو جنگلی کبوتر کے خون سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ بہت جلد صحت ہوگی

ل	م	ل	م
ل	م	ل	م
ل	م	ل	م

طریقہ عمل تسخیر ہمزاد اور اس کا عمل

تسخیر یا ہمزاد تسخیر یا ہمزاد تسخیر ہمزاد

اس اسم کو مذکورہ بالا طریقہ پر پڑھو۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگے اور تمہارا ہمزاد تمہارے قبضے میں ہو کر تمہارا تابع ہوگا اور ہر ایک حکم تمہارا بلا پیس وپیش بجا لائے گا۔

نقش ترقی و حفاظت مال

جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے مال میں رکھیگا۔ اس کا مال روز افزوں ترقی کریگا۔ نہ آگ کا خوف رہیگا۔ نہ چوری کا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۸	۹	۱۱	۳
۷	۸	۹	۱۱	۳
۷	۸	۹	۱۱	۳
۷	۸	۹	۱۱	۳

تعویذ برائے رد مصیبت

اگر تمہارے سر خون کا الزام لگایا گیا ہو اور تم کو اپنی جان کا خطرہ ہو تو

ایک کام کرو - نقش مندرجہ ذیل ایک ہزار جگہ لکھ کر آٹے میں ایک ہزار گولی بناؤ اور ایک ایک کرکے سب گولیاں دریا میں ڈال دو اس کے بعد چینی یا شکر لے کر چیونٹیوں کو ڈالو - چڑیوں کو باجرہ دو - انشاءاللہ یہ بلا تمہارے سر سے ٹل جائے گی اور مقدمہ سے بری ہو جاؤگے نقش یہ ہے -

یا دافع البلیات	یا دافع البلیات
یا دافع البلیات	یا دافع البلیات

اگر کسی شخص کو کچھو سانپ کاٹ کھائے فوراً اس نقش کو لکھ کر زخم پر جہاں

کاٹا ہو - باندھ دو - انشاءاللہ زہر اثر نہ کرے گا۔

یا حی	۷۸۶		یا قیوم
یا علی م	یا علی م	یا علی	یا علی
یا حیدر م	یا حیدر م	یا حیدر م	یا حیدر م
یا حیدر م	یا حیدر م	یا محمد م	یا محمد م
یا اللہ م	یا اللہ م	یا اللہ م	یا اللہ م

برائے زہر باد - اس نقش کو لکھ کر پینا اور ایک نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالنا - انشاءاللہ ایک دو یوم کے اندر اندر ہی زہر باد کا نشان تک بھی نہ رہیگا کہو انشاءاللہ بہت ہی مجرب ہے - نقش یہ ہے -

یا حی		۷۸۶			یا قیوم
یا محمد	یا اللہ	یا اللہ	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم
یا علی	یا محمد	یا اللہ	یا اللہ	یا رحیم	یا رحیم
یا علی	یا علی	یا محمد	یا اللہ	یا اللہ	یا رحیم
یا عثمان	یا علی	یا علی	یا محمد	یا اللہ	یا اللہ
یا حفیظ	یا حفیظ	یا عثمان	یا علی	یا علی	یا محمد
یا حفیظ	یا حفیظ	یا عثمان	یا علی	یا علی	یا محمد

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا اللہ اپنے حبیب کے طفیل آرام کر

نقش واقع مرض طاعون

جس شخص کو طاعون ہو گیا۔ اور اس کی زیست کی امید باقی نہ رہی ہو۔ ڈاکٹر جواب دے چکے ہوں۔ لازم ہے کہ نقش مندرجہ کو گھول پلا دے اور اسی طرح نقش کو آگ پہ سینک کر اس گلٹی پر باندھے جس کو طاعون کہتے ہیں۔ امید ہے خدا سے کہ وہ بچا دے اور وہ شخص جو اس نقش کو لکھے سادات سے ہو۔ کبھی شراب پی نہ ہو۔ عابد و زاہد پرہیز گار ہو۔ نہا دھو کر اس نقش کو خلوص دل اور صاف نیت سے لکھے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

یا حی ۷۸۶ یا قیوم

حسن	حسین	فاطمہ	محمد	اللہ
باقر	عابد	اصغر	عباس	علی
جعفر	علی اکبر	زینب	زہرہ	شبیر
حسن	حسین	علی	فاطمہ	اللہ

برائے قیدی

اگر کوئی بے گناہ قید ہو گیا۔ ہو تو ذیل کا عمل کرے تو خدا کے حکم سے قیدی بہت جلد رہا ہو جائے گا۔ پہلے بروز جمعہ کو ساتویں ساعت میں یعنی ساعت شمس میں ذیل کا تعویذ قیدی کے پاؤں کی مٹی کو کسی تختی پر بچھا کر لکھیں اور پھر اس مٹی کو پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی ٹھنڈی جگہ دفن کر دیویں تو خدا کے حکم سے قیدی بہت جلد رہا ہو جائیگا قیدی کے پاؤں کی مٹی اگر پہلے مہیا کر لی گئی تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۶	۲۱	۲۸
۲۷	۲۵	۲۳
۲۲	۲۹	۲۴

قیدی کا نام معہ والدہ کے نام تحریر کریں

برائے امساک

ذیل کے نقش کو بروز جمعرات گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھئے اور بوقت مجامعت کمر سے باندھیں جب تک اس کو نہ کھولیں۔ فراغت نہ ہو۔ نہایت ہی مجرب نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

ی	ص	ط	س	ا
ح	ی	ھلم	ھو	ی
ھد	د	ی	ع	لو
ی	ط	۶	۷ح	ح

درد آنکھ

اس نقش کو ہر روز لکھ کر چراغ میں روغن کنجد ڈالکر اس تعویذ کو نئی روئی میں لپیٹ کر جلایا کریں ۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد آرام آجائیگا۔ کہو انشاء اللہ مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۶	۲۴	۲۲	ب
۲۰	۸	۱۲	۲۲
۸	۱۴	۱۸	۱۲
۳۰	۱۰	ح	۲۴

گوشہ نشینی کے بیان میں

عامل کو چاہئیے کہ جب عمل پڑھنے کا ارادہ کرے تو سب سے پہلے گوشہ نشینی اختیار کرے۔ عوام اور عورتوں اور بچوں سے اختلاط نہ کرے کہ صحبت کا اثر ہوتا ہے اور ان کے ملنے سے خیالات منتشر ہوتے ہیں دل یاد الٰہی میں متوجہ نہیں ہوتا۔ اور عمل پڑھتے وقت نہایت ادب اور وقار سے بیٹھے یعنی جسطرح یاد الٰہی میں انسان ہوتا ہے

برائے جدائی اس نقش کو بروز جمعرات جو کی روٹی پر لکھ کر اوپر گڑ یا شکر ڈال کر کسی کتے کو کھلا دو۔ تو دونوں میں جدائی ہو جاوے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

عم	دھد	ماع	حلاس
سلم	ذوالحج	ماذالحم	لضماد

دونوں شخصوں کا نام تحریر کریں۔ جن میں جدائی کرانی مقصود ہو

برائے عزت نہایت پاک و صاف ہو کر ساعت سعید میں لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر بازو میں باندھیں تسخیر حاصل ہوگی۔ اور تمام مخلوقات عزت اور رفعت کی نظروں سے دیکھے گی۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹۶	۴۱۱	۴۰۸	۴۰۳
۴۰۹	۴۰۲	۳۹۷	۴۱۰
۴۰۱	۴۰۶	۴۱۳	۳۹۸
۴۱۲	۳۹۹	۴۰۰	۴۰۷

برائے تلی :۔ اس نقش کو بروز جمعرات یا اتوار کو لکھ کر قبرستان میں دفن کریں۔ انشاء اللہ جلدی تلی چلی جائیگی۔ کہو انشاء اللہ نہایت ہی مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲
۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲
۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲
۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲
۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۲

کسی کو نظر نہ آئے گا

الو کی ارنڈی کے تیل میں ڈال دو۔ اور اس کو اچھی طرح حل کرو۔ پس جو آدمی اس تیل کو اپنے جسم پر لگائے گا۔ وہ کسی کو نظر نہ آئے گا۔

دفع جادو

اگر کسی نے جادو کیا ہو۔ تو یہ نقش پیالے میں لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ تین روز متواتر ایسا کریں۔ تو بحکم خدا اس پر سے تمام اثر جادو سحر کے دور ہو جائیں نقش یہ ہے۔

یاحی ۷۸۶ یاقیوم

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا رحمٰن	یا رحیم	یا کریم	یا اللہ	یا علی	یا علی
یا غفور	یا عثمان	یا حیدر	یا علی	یا علی	یا علی
الا اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ	یا حیدر
یا عمر	یا رحمٰن	علی	محمد	رسول	اللہ
بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم	لا الا	اللہ	محمد رسول اللہ

زبان بندی

اس نقش کو لکھ کر ایک بڑی پہاڑی پر جا کر آنا اور آکر اپنے گھر کے آدمیوں سے کوئی بات نہ کرنا اور سو جانا۔ یہ بہت جلد ہی اپنا اثر دکھا دے گا۔ مجرب ہے نقش خوب یاد رکھنا۔

یاحی ۷۸۶ یاقیوم

۳	۹	۶
۴	۱	۷
۸	۵	۲

عمل

اسم اللہ الصمد کو رات اور دن ہزار ہزار بار پڑھیں اور ساتھ ہی ذیل کا نقش بنا کر اس پر بھی اسم الصمد ہزار ہزار

بار پڑھیں اور نقش کو تعویذ کی طرح بنا کر بازو پر باندھیں تو تمام دنیا مطیع
ہو جائے - اور عامل کی حسب دل خواہ کام ہو - میں نے کئی بار
آزمایا ہے - بہت مجرب ہے - نقش یہ ہے -

یا قیوم	۷۸۶		یا حی
۰	۹۳	۹۷	۱۱
۰	۱۲	۱۷	۹۵
۰	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۱۵	عدم	۸

دیگر - سرمہ چار حصہ سرو چینی ایک حصہ ان کو ایک بار پیس کر عرق
گلاب میں اسے کھرل کریں - اور بعد خشک کرنے کے اکیس بار
الحمد شریف پڑھ کر سرمہ پر دم کریں اور چاند کی شروع تاریخوں میں جمعہ
یا پیر کے دن یہ سرمہ لگا کر جس کسی کے پاس جائیں گے محبت سے پیش آئیگا -
دیگر - اس نقش کو اپنے بازو میں رکھنا - انشاء اللہ جلدی کام ہوگا -
کہو انشاء اللہ - اسم یہ ہے -

یا غفور یا غفور یا غفور یا غفور یا اللہ یا اللہ

کسی گھر لڑائی جھگڑا ہوتا ہو

اگر کسی گھر میں تکرار رہتی ہو - مثلاً ساس بہو میں جھگڑا رہتا ہو - تو
بہو کو چاہیئے کہ جب ساس لڑائی جھگڑا شروع کرے تو وہ کوئی ایک
انگل تنکا لے کر دانتوں کے درمیان خوب دبائے حتیٰ کہ ساس بولتی
بولتی چپ ہو جائے ایک دو روز اسی طرح کرے لڑائی جھگڑا ختم
ہو جائے گا -

دیگر: - بروز جمعہ یا اتوار کے دن طلوع آفتاب سے پہلے جنگل کو
جائے اور آگ کی لکڑی لے آوے - پھر منگل کو اس جڑ کو بھیڑیئے کے تانت

خون اور انگور کی رس میں ڈال دیویں۔ پھر روغن گنجد ملا کر چراغ میں ڈال کر کاجل بناویں۔ جب یہ کاجل تیار ہو جائے تو آنکھوں میں لگا کر جس طرف دیکھو گے۔ وہ تسخیر ہو جائے گا مجرب ہے۔

دیگر۔ اتوار کے دن جب روہنی نچھتر ہو جنگل میں جائیں اور مسان یا قبرستان میں سے کسی مردہ کی ہڈی لاویں اور اسے دشمن کے گھر گاڑ دیں۔ وہ فوراً بیمار ہو جائے گا۔

دیگر۔ اگر دو آدمیوں میں جھگڑا ختم کرانا مقصود ہو تو دونوں میں سے ایک نہ ایک چپ رہے وہ انشاء اللہ بہت اچھا رہے گا۔ بس جھگڑا ختم ہوا۔

دشمن مغلوب ہوگا کبوتر کی چونچ اور گھوڑے کے ناخن دونوں چیزوں کو لے کر بروز اتوار جب کہ پکھ نچھتر ہو تعویذ کی طرح منڈھوا کر گلے میں باندھے۔ دشمن جلدی مغلوب ہوگا۔

دیگر۔ بروز اتوار جب کہ پکھ نچھتر ہو تو کنڈھال سفید کے پھول گاؤ زبان زعفران لاجونتی۔ ان سب کو پیس کر اور شہد ملا کر گولیاں بناؤ۔ جب کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو ایک گولی عرق گلاب میں گھس کر ماتھے پر تلک لگاؤ اس حالت میں جس کسی کے پاس جاؤ گے۔ عزت سے پیش آئیگا۔

برائے سر درد

اس نقش کو لکھ کر سر کا درد جس طرف ہوتا ہے اسی طرف سر میں باندھو دو۔ انشاء اللہ اسی وقت آرام آ جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

یا قیوم		۷۸۶		یا حی
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

دن کی گھڑیوں کی حسب ذیل فہرست ہے انکے مطابق عمل کراؤ

جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار	ہفتہ	دن کی گھڑیاں
زہرہ	مشتری	مریخ	قمر	شمس	زحل	عطارد	نیم پہاست
قمر	شمس	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قریب زوال
عطارد	مریخ	قمر	شمس	زحل	زہرہ	مشتری	نیم چاست
زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	شمس	ظہر
مشتری	عطارد	مریخ	قمر	شمس	زحل	زہرہ	میان دو نماز
مریخ	قمر	شمس	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	نماز عصر
عطارد	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	اخیر دن

رات کی گھڑیوں کی حسب ذیل فہرست ہے انکے مطابق عمل کراؤ

جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار	ہفتہ	رات کی گھڑیاں
زحل	شمس	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	رات کا پہلا حصہ
مشتری	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	شمس	عشا کا وقت
مریخ	عطارد	مریخ	قمر	شمس	زحل	زہرہ	آدھی رات
شمس	قمر	شمس	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	آدھی رات کے بعد
قمر	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	مرغ کی اذان کے وقت
زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	شمس	زحل	صبح کاذب
عطارد	مریخ	قمر	شمس	زحل	زہرہ	مشتری	صبح صادق

زحل — اس گھڑی میں مقام کرنا۔ شادی کرنا۔ کھیتی کرنا۔ نہر کھودنا درخت لگانا۔ گاؤں آباد کرنا۔ کسانوں سے کام لینا۔ پوشیدہ کام کرنا دشمنی کے لیے طلسمات کرنا۔ فروخت کرنا اچھا ہے۔ جو کچھ اس

گھڑی میں پیدا ہوگا اس کی عمر دراز ہو صاحب دولت ہو لیکن اس گھڑی میں منگنی کرنا۔ فصد کرانا۔ پچھنے لگانا۔ علاج کرنا بادشاہوں اور امیروں سے ملاقات کرنا۔ آلات حرب بنانا نیا لباس بنانا قطع کرنا درست نہیں۔

مشتری اس گھڑی میں منگنی کرنا۔ کوئی حاجت طلب کرنا نقل وحرکت اور سفر کرنا۔ اور بادشاہوں امیروں کی ملاقات کرنا۔ بڑے کاموں کو شروع کرنا نیا لباس پہننا قطع کرنا۔ خرید و فروخت کرنا اچھا ہے اگر بچہ اس گھڑی میں پیدا ہو۔ صالح پاکیزہ اور پرہیزگار ہو لیکن اس گھڑی میں پوشیدہ کام کرنا۔ آلات حرب بنانا۔ فساد کرنا نا سروں کا منہ دیکھنا۔ برے عمل کرنا اچھا نہیں۔

مریخ اس گھڑی میں آلات حرب بنانا۔ طلسمات کرنا شکار کھیلنا لباس قطع کرنا۔ فساد کا کام کرنا۔ بادشاہوں اور بڑے آدمیوں سے ملاقات کرنا منع کرنا۔ حاجت طلب کرنا سفر و تجارت اور لباس پہننا اچھا ہے۔ جو بچہ اس گھڑی میں پیدا ہو وہ خونریزی کا بڑا مشتاق ہوتا ہے۔

شمس اس ساعت میں بڑے کام کرنا۔ نیا لباس پہننا یا قطع کرنا۔ خرید و فروخت کرنا۔ دوستی کے لئے طلسم کرنا اچھا ہے جو بچہ اس گھڑی میں پیدا ہو۔ دراز عمر یا اقبال مند اور صاحب علم ہو۔ لیکن تجارت و حرفت دشمنی کے لئے کرنا منع ہے۔

زہرہ اس گھڑی میں نکاح کرنا۔ منگنی کرنا۔ طلسم الفت بنانا دیدار زناں کرنا۔ بیمار کا علاج کرنا۔ لباس قطع کرنا۔ یا پہننا اچھا ہے جو بچہ اس گھڑی میں پیدا ہو۔ ظریف دوست اور عیش پسند ہو۔ لیکن اس گھڑی میں بچے کو تعلیم شروع کرانا۔ بڑے کاموں کا شروع کرنا۔

دشمنی کے لیے طلسم بنانا وغیرہ منع ہے۔

عطارد اس گھڑی میں بچے کی تعلیم شروع کرنا۔ کتابت شروع کرنا نئے کام۔ کا آغاز کرنا۔ عمارت بنانا۔ ہنر سیکھنا۔ الفت ومحبت کے طلسمات بنانا اچھا ہے جو بچہ اس گھڑی میں پیدا ہو۔ عالم دانا اور سیانا ہو۔ اس گھڑی میں فصد کرانا۔ فساد کے کام کرنا۔ پچھنے لگوانا سیر وسفر کرنا۔ لباس قطع کرنا۔ آلات حرب بنانا۔ فساد کے کام کرنا بیمار کا علاج کرانا اور پوشیدہ کام کرنا منع ہے۔

قمر اس گھڑی پیغام بھیجنا۔ فصد کرانا پچھنے لگوانا۔ سیر وسفر کرنا۔ دوا کا استعمال کرنا۔ لوگوں سے ملاقات کرنا۔ لباس پہننا۔ اور قطع کرنا وغیرہ اچھا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

فصل اوّل در تعلیق

تعلیق سے مراد کسی چیز کا اپنے کسی عضو سے باندھنا ہے یہ پانچ اعمال کا کیا جاتا ہے۔

نمبر۱۔ حسب ذیل حروف کو زیتون کی لکڑی سے بنائے ہوئے قلم سے سورج نکلنے سے پہلے مشک اور زعفران سے لکھ کر موم میں لپیٹ کر گلے میں لٹکاؤ۔ جہاں جاؤ گے تمہیں کوئی نہیں دیکھے گا ہفتے میں خواہ کسی دن لکھو تو بہتر ہے حروف یہ ہیں۔ عصصلعکے نھا۔

نمبر۲۔ عطارد کے ان عطارد کی ساعت میں سفید کاغذ پر حسب ذیل اسماء لکھ کر لپیٹو اور سمندری مچھلی کی تھوڑی سی چربی اس میں ملا کر کسی پاکیزہ کپڑے میں سی کر اپنے پاس رکھو تو بقدرت الہٰی لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاؤ گے اسماء یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا تمخیثا یا تفیثا یا عیثا یا طلیثا یا رحیثا

یا ھیلا یا اعیثا طعیثیا باختایا۔ یا سایا ۔ عمیثا ۔ یہ مذکورہ بالا دونوں عمل محتاج تجزبہ ہیں۔

نمبر۳۔ چمگادڑ کا دایاں بازو نئے کپڑے میں لپیٹ کر بائیں بازو پر باندھو اور نہ کسی سے ہنسو نہ بات کرو تاکہ تم سب کو دیکھو۔ اور تم کو کوئی نہ دیکھ سکے۔

نمبر۴۔ سیاہ بطخ کو ذبح کرکے اسی کی کھال اتار لو اور اس کے ساتھ تھوڑا سا بھیڑیے کا چمڑا کر دو پھر کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لے کر دھاگا بٹو۔ اور اس سے ان چمڑوں کو سی کر اپنے بازو پر باندھو تو جہاں جاؤ گے۔ تمہیں کوئی نہیں دیکھے گا۔

نمبر۵۔ بڑھیا بھیڑ کو ذبح کرکے اس کا خون۔ مغز سر اور دونوں آنکھیں ملا کر سائے میں خشک کرکے کوٹ لو۔ پھر اسی کو کپڑے کی تھیلی بنا کر اس میں پر کرو۔ اور السی کے دھاگے سے سی کر خشک کرکے کوٹ لو۔ اپنے دائیں بازو پر باندھو۔ جہاں جاؤ گے تمہیں کوئی نہیں دیکھیگا۔

فصل دوم

در اکتحال۔ خرگوش کا پتہ سیاہ بلی کی آنکھ اور الٹا اُتو ا۔ سب چیزوں کو ملاؤ۔ اور خشک کر کے باریک پیس لو۔ پھر ہرن کی کھال پر حسب ذیل اسماء لکھ کر اس کی سرمہ دانی بناؤ۔ لیکن بناتے وقت اسماء کی طرف رہیں۔ پھر اس میں مذکورہ سرمہ ڈالو جب اسے آنکھوں میں لگاؤ گے تو لوگوں کی نظروں سے غائب رہو گے۔ اسماء یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ دیا اللہ یا ردما نبرد یاطہ فاملمہ
۹۹۸ ۸ ۱۸ ۱۱حصہ ۱۱ ۸ ۱۱۱ د لے ا لھ و سمعو

فصل سوم

دراکتسا۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔

(۱)۔ فصل تحریف کے آخر میں سات مینڈک سے کر ان کی کھالیں اتارلیں پھر حسب دستوار اس کو اس طرح پاک و صاف کر لو۔ بھیڑ بکری کی کھال کو کرتے ہیں۔ بعد ازاں ہر ایک کھال پر اشکال لکھو سمل سمھکر نعم لم ھے سمہل سمہل پھر انہیں کاغذ کی کاغذ کی ٹوپی پر سی کر پر رکھو تو لوگوں کی نظروں سے غائب رہوگے۔

(۲) بکری کے سرخ رنگے ہوئے چمڑے کا جبہ بناؤ۔ اسی کا ایک تاج بناؤ اور حسب سابق اسماء کو جبے کے گریبان اور آستینوں کے گردا گرد اور تاج پر لکھو اسماء یہ ہیں۔ سلش ۱۱۱ یا لشفیناں ۱۱۱۹ یا مبشا مل ۱۱۱ یا طلمیشا طل ۱۱۱ یا رھیشا سمع ۱۱۱ یا ھلیلا حل ۱۱ یا اغیثا لقسم ۱۱۱ یا طومیثا طم ۱۱۱ یا وحشادش ۱۱ یا میشیا دم ۱۱۱ یا مختال ل ۱۱۱ د تو پھر بوقت ضرورت جبہ پہن لو اور تاج سر پر رکھ لو۔ تو لوگوں کی نظروں سے غائب ہو جاؤ گے۔

(۳) جب آفتاب برج سرطان یا میزان یا جدی میں ہو۔ اور قمر برج ثور میں ہو اور عوس سے لکل سعود کے متصل ہو۔ تو ان حروف کو ہرن کی کھال میں لکھ کر چنبیلی کے تیل میں ڈال دو۔ حروف یہ ہیں۔ مہ ۵ ٥ ک ہ ج ج کا سہ ۵ سلا ۱۱۱ ج اطے فصع لہ فصلنتہ پھر بدھ کے روز ساعت مریخ میں پاکیزہ رانگ (قلعی) کی انگشتری بنا کر اس پر نقش کھود دو۔ نقش یہ ہے  پھر بوقت ضرورت اس انگشتری کو پہن لو۔ اور تھوڑا سا روغن مذکور پیشانی پر مل لو۔ تو جہاں جاؤ گے تمہیں کوئی نہیں دیکھے گا۔ واللہ اعلم۔

فصل چہارم

اس فصل میں ارنڈ کا بیج بونے اور تربیت کرنے کا بیان ہے جسے دو الگ فصلوں میں لکھا گیا ہے۔

نمبر ۱- ارنڈ کا بیج لے کر زبان تلے اتنا رکھو- کہ پھوٹ نکلے پھر سیاہ بلی لے کر اس کی آنکھیں نکال دو اور ان کی بجائے مٹی بھر اور اس دانے کو اس کی آنکھ میں بو دو- پھر اسے پانی تر کرو جس میں انسان کا دل ملایا گیا ہو- یہ عمل ہفتہ کے روز کرنا چاہیئے جبکہ آفتاب برج حمل کے شروع میں متوجہ بدرجہ مشرف ہو- اگر درجہ شرف میں ہو تو اور بھی بہتر ہے- دیتے وقت لکھو ارفی ہذا البدر فی علو زحل ورفعتہ اگر ان کلمات کو کئی بار پڑھو تو اور بھی بہتر ہے جب تیرہ دن گذر جائیں اور وہ دن بدھ کا ہوگا پھر اسی سے تر کر کے یہ کلمات پڑھو ارفی ہذا البدر فی سعادت المشتری فلبنہٗ پھر جب اور تیرہ دن گذر جائیں اور وہ دن منگل کا ہوگا- پھر اسی پانی سے تر کر کے یہ کلمات لکھو- الفی ہذا البدر فی سلطنۃ الشمس وبہو نوریاً- پھر تیرہ دن بعد بروز جمعہ اسی پانی سے تر کر کے یہ کلمات پڑھو- ارفی فی ہذا البدر فی طرب الزہرہ وعشتہاً پھر تیرہ دن بعد بروز بدھوار اسی پانی سے تر کر کے یہ پڑھو- ارفی ہذا البدر فی کیاستہ عطارد دوزہنہٗ پھر تیرہ دن اور گذرنے پر بروز ہفتہ اسی پانی سے تر کر کے لکھو" ارفی ہذا البدر فی سرعتہ القمر وعیلتہ-

پھر پانی نہ دو- تاکہ خشک ہو جائے پھر اس درخت کے ہر خوشے کو مضبوط تھیلی میں ڈال رکھو" تاکہ کوئی دانہ ضائع نہ ہو- اور نہ زمین پر گرنے پائے ورنہ عمل باطل ہو جائے گا-

پانی دیتے وقت ہر ایک ستارے کی دعوت بھی اس کے عدد

کے مواخق پڑھو۔ تاکہ عمل اور بھی قوی ہو جائے یہ دعوات کتاب سرالا سرار میں درج نہیں ہے میں نے شیخ المشائخ قدوۃ العرفا شیخ قطب الدین محمد امیر بخش قدس سرہٗ سے سن کر یاد کر لیا۔ اور طالبان علم کے لئے یہاں لکھ دیا تاکہ اس عمل میں کسی قسم کی کمی نہ رہ جائے۔

ذکر دعوات کواکب سبعہ

دعوت زحل۔ یہ ہفتہ کے متعلق ہے جب کہ پہلی مرتبہ پانی دیا جاتا ہے۔ عہم۔ مجاج۔ اجہج۔ صہاخ۔ طموخ۔ ببروخ۔ مشہوخ نقدرخ معلوش۔ الوشہ حینوش۔ اجب بالذی اعطاک علوا سموبہ و بالاسم الذی رسخب بہ نوراً تتافی سماوا جب والعنیوب اجب یا کشفائیل بحق ہذہ الاسماء اس دعوت کو کبیر میں پینتالیس ۴۵ مرتبہ وسط میں ۸ مرتبہ اور صغیر میں جلتی مرتبہ چاہو پڑھو دعوت مشتری یہ جمعرات کے متعلق ہے جب کہ دوسری مرتبہ پانی دیا جاتا ہے۔

بعلقاش عدلیش ابشنہ۔ بناس بستعال اجب یا صرتیائیل بحق ہذہ الاسماء والکلمات المطہرات معنفہ کش کشت مقطع طمشال العجل العجل یا صرخیائیل بحق الخدمۃ الخاتمۃ دربائیل دعدیائیل دمرفیا ئیل اس دعوت کو عمل کبیر میں نو سو پچاس مرتبہ وسط میں چودہ مرتبہ اور صغیر میں پانچ مرتبہ پڑھو دعوت مریخ۔ یہ منگل کے دن تیسری مرتبہ پانی دینے کے متعلق ہے۔ یحفون۔ قرھر ھر نخروش اسیردش میوش رب القرۃ۔ السلطان طماطو یا طویا عرشیا۔ ھیشا۔ ھمیسر عبدھشیا الوحا العجل للتید العجل یا صمرائیل بہذا الاسمائیل اجب اس دعوت کو عمل کبیر میں آٹھ سو پچاس مرتبہ وسط میں تیرہ دفعہ اور صغیر میں چار مرتبہ پڑھو۔

دعوت شمس۔ یہ اتوار کے دن چوتھی مرتبہ پانی دینے کے متعلق ہے

بیدبوش ۔ حمیاش ۔ عبدلاوش ۔ رھمقاش ۔ لطناش ۔ طوش اجب یا روفیل
بحق ہذہ الاسماء یا روفنائیل یا ردتائیل اس دعوت کو عمل کبیر میں چار
سو مرتبہ وسط میں چار مرتبہ پڑھو۔

دعوت زہرہ ۔ یہ جمعہ کے دن پانچویں ۔ مرتبہ پانی دینے کے متعلق
ہے دیدرش ۔ طلیوش ۔ ہمقلیوش ۔ ددماش طیاش شملوش اور ہوحش
طہارش اجب یا نخیائیل بحق ہذہ الاسماء علیک اس کو عمل کبیر میں دو
سترہ مرتبہ وسط میں انیس اور صغیر میں دس یا ایک بار پڑھو۔


دعوت عطارد ۔ یہ بدھ کے دن اور چھٹی مرتبہ پانی دینے کے متعلق
ہے سغلوس ۔ الوش حلی شیثاً ھیکس داعون علیش دوہرش سعلش وسم
العمل یا میکائیل بحق ہذہ الاسماء اس دعوت کو عمل کبیر میں دو سو
چوراسی مرتبہ وسط میں بتیس مرتبہ اور صغیر میں پانچ مرتبہ پڑھو۔

دعوت قمر ۔ یہ پیر کے دن اور ساتویں دن پانی دینے کے متعلق
ہے ۔ عدر ھادلیش ابرلش مطلش طیاش یاش ھتیاش دعالوش اجب
دعوتی اجب یا جبرائیل بحق ہذہ الاسماء اس دعوت کو عمل کبیر میں تین
سو چالیس مرتبہ اور وسط صغیر میں سات مرتبہ پڑھو واللہ اعلم بالصواب

نمبر۲ در خواص منافع ان حبوب یہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ ان بونوں
کو مضبوط تھیلی میں محفوظ رکھنا چاہیے تاکہ ایک دانہ بھی ضائع نہ ہونے
پائیں ۔ جب دانے خشک ہو جائیں ۔ تو پھر چھلکوں سے نکال لو ۔ اور
اسے بطریق سابق سے آزمائش کر لو تاکہ جب خفا معلوم ہو جائے جب
وہ حاصل ہو چکے ۔ تو باقیوں کو پانی میں ڈال دو ۔ بعض اوپر آجائیں گے
بعض تہ پر بیٹھ جائیں گے ۔ بعض ایک دوسرے سے ملے ہونگے اور
بعض ایک دوسرے سے جدا ہونگے ان میں سے ہر ایک خاص خاص
کاموں میں استعمال ہوتے ہیں ان کے فوائد حسب ذیل فصلوں میں الگ

الگ بیان کئے جاتے ہیں۔


فائدہ نمبر۱ - جب خفا یہ دانہ خاص اسی کام کے لئے جو آئینہ میں امتحان کرنے سے ہاتھ آتا ہے باقی چھ قسمیں جن کا ذکر اوپر ہوا ہے ان میں سے ایک ایک دانہ لے کر خوب باریک کرو۔ پھر جامہ یا پائجامہ جن کے کنارے بکری کی کھال کے ہوں پہن کر اس سفوف کی دھونی دو۔ اور جب جب خفا ہو تو زبان تلے رکھو۔ تو بحکم خدا لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہوگے غائب ہونے سے پہلے حسب ذیل طلسمات کو لکھ کر جلاؤ۔



حسب ذیل نقش کو لکھ کر بازو پر باندھو۔ تاکہ بلاؤں سے محفوظ رہو جب چاہو کہ لوگ تمہیں دیکھیں تو فوراً تعویذ کو بازو سے اتار دو اور کنوئیں کے تازہ پانی میں منہ دھو ڈالو۔

یا حی ۷۸۶ یاقیوم

نمرود	شداد
فرعون	ہامان



فائدہ نمبر۲- ان دانوں کے فوائد میں جو پانی کی سطح پر تیر آئیں واضح
رہے کہ ان دانوں کے استعمال سے بادشاہوں اور بڑے آدمیوں کے
ہاں معزز ہو جاتا ہے اس سے ضروریات پوری ہو سکتی ہیں آدمیوں میں
عزت و حرمت زیادہ ہو جاتی ہے۔ خلق سے استغنا ہو جاتا ہے
جب ان دانوں کی خواہش ہو تو انڈے کے وہ سات دانے اور رائی سفید کے
اور سات دانے سیاہ جو کے سات دانے جو سفید کے اور سات دانے سفید
مرچ کے اور سات کنکریاں اندرانی نمک کی جس میں سے ہر ایک جو بھر ملا کر
پاکیزہ کپڑے میں لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھو- تاکہ مذکورہ بالا فوائد تمہیں حاصل ہوں
فائدہ نمبر۳- ان دانوں کے فوائد میں جو پانی کی تہ میں بیٹھ گئے تھے
یہ دانے عمارت بنانے اور پودے لگاتے وقت اس طرح کام آتے
ہیں کہ جس عمارت کی بنیاد میں یہ ایک دانہ رکھ دیں وہ سالہا سال تک
قائم رہتی ہے اور خرابی سے محفوظ رہتی ہے اور جس درخت کے نیچے
ان میں ایک دانہ گاڑ دیں وہ خوب پھلتا اور اس قدر پھل دیتا ہے
کہ دیکھ کر حیرانی آتی ہے۔ نیز ان طلسمات کو لکھ کر درخت پر لٹکانے سے

میوہ خوش اور رسیلا ہوتا ہے بارہا آزمایا ٹھیک پایا - طلسمات یہ ہیں :-

ص ا ر ۹۹۹ ۲ لہا ۹۱ ۳۳ ۶۶ ر لہا لہا علی ۲ ر ۳ ۱۶ ۱۱۶

ع ۱۱۱۷ ر ۶۳ ر ۱۳ ۶۵۵۹ ۱ لہا ۱۳ ۲ ۳ ۱۹ ر ۱۳ ۱۱۶

مہ ۱۱۶۳۷۱ ۷۹۹ ۶۳۳ ر ۹۱۳ لہیں ع ۱۶۹ ی ۳

ع ا ر ۳ ۳ عہ ۱۱ ۱۱ ۹۱۱ ۶۳ مہ مہمہ


ع ا ر ۱۶۲ ر ۱۶۳۵۹ ر ع ۴ ۱۶۹۱ ۱۱۶۳ ر ۱

۹۹ ر ع ۱۱ ط ح ع ال م ط ط ح ع ل ہ م ل ہ ے ح ۲۹۹۴

ع ۹۳ سمع ح ع الاج مل ا ا ات رسال ح ال م ی ن

فائدہ نمبر ۴ - ان دانوں کے بیان میں جو پانی کے وسط میں ٹھہرے ہوئے ہیں ان کے استعمال سے دور دراز کا سفر تھوڑے عرصے میں طے ہوتا ہے - ترکیب استعمال یہ ہے کہ جب تم ایک شہر سے دوسرے شہر میں جانا چاہو خواہ فاصلہ زیادہ ہو یا تھوڑا تو ایسے مقام پر جاؤ - جو دور ہو - دوسرے اس شہر کے بیچ جہاں تم نے جانا ہو - الگ الگ شہروں کے نام لکھو - اور ہر دانے کے گرد یہ اسماء اس طرح لکھو کہ جگہ خالی نہ رہے اگر رہے تو پھر شروع کرکے دانے کے گرد ختم کردو -

اسماء یہ ہیں :- لف میطط رون ہوکسطیطلیس کیمطون - پھر ایک دانہ لو اسی عود فساری سمیت انگوٹھی میں رکھ کر اس دائرے میں بخور دو - جہاں سے چلنا ہے اور اس دائرہ میں کھڑے ہو جاؤ - جب بخور دو تو دایاں قدم اٹھا کر دوسرے دائرہ میں رکھو - اور جب بخور کی لو دماغ تک پہنچے - تو آنکھ بند کرکے بائیں قدم کو بھی اٹھا کر دوسرے دائرے میں رکھ کر آنکھیں کھول دو - تو مطلوبہ شہر میں پہنچ جاؤ گے ان تعویذات اور طلسمات کو پہلے جلانا چاہیے - یہ طلسمات صفحہ ۶۷ پر ملاحظہ فرمائیں -



۴۰	۲	۱۰۵۰
۵۰	۱۰	۲۴۰
۵۰	۱۰	۲۴۰
۴۰	۲	۱۰۵۰

ال۳ح۳۹۳۰۳۰ھ۳ر۲۲
۴۰۴۰۹۳۳د۱۶۱۰۰۱۰۶۳۰۳۲
۱۲۰۱۳۵۱۴۰۱۳۱۵۲
۰ح۰۰۲۲ر۱۱۱۹

تسخیر ہمزاد

عمل یہ ہے کہ ایک آئینہ اپنے سامنے رکھ کر اس میں منہ دیکھتے ہوئے چالیس دن یہ کلمہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ روزانہ پڑھو۔ جو تو کہے وہ میں کردں اکتالیسویں دن سے روزانہ اسی تعداد میں اسی طرح آئینہ میں دیکھتے ہوئے اس طرح پڑھو جو میں کہوں وہ تو کر اب اسی دن ہو گئے یعنی تیسرے چلے میں یہ دونوں جملے ملاکر اسی تعداد میں روزانہ اسی طرح پڑھے جو تو کہے وہ میں کردں جو میں کہوں۔ وہ تو کر اور تیسرے چلے کے شروع اول دن سے بکری کی دو ٹلیوں کے چار ٹکڑے کرا کر دریا کے کنارے جا کر رکھے جہاں آمد ورفت آدمیوں کی نہ ہو اور خود ان ٹلیوں کو طرف پیٹ کرکے کھڑا ہو کر ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھو اللہ بچیا پھیر کر نہ دیکھا کرو تیسرے چلہ میں

کسی دن ہمزاد حاضر ہو کر تابع فرمان ہو گا۔ کوئی دن درمیان میں ناغہ کر دکھی
قسم کا پرہیز اس میں نہیں نہ کسی حصار نہ عبرہ کی ضرورت ہے۔

عمل ہمزاد

ترکیب یہ ہے کہ چاند دیکھنے پر جب پہلا پیر (دوشنبہ سوموار)
آئے تو روزہ رکھے اور دریا پر جا کر دریا میں غسل کرے اور کنارے
پر بیٹھ کر سات ہزار مرتبہ اللہ الصمد پڑھے اول آخر ۵ - ۵ مرتبہ درود
شریف جب سات ہزار مرتبہ پڑھ چکے تو وہیں بیٹھے ہوئے اس
نقش کو لکھ کر دریا میں کھلا ہوا چھوڑ دے اور چلا آئے اسی طرح پانچ
دن برابر کرے روزہ روزانہ رکھنا ہو گا۔ غسل روزانہ کرنا ہو گا۔ اسی درمیان
میں ایک شخص سے ملاقات ہو گی جو دریافت کریگا کہ تم یہ عمل کیوں کرتے
ہو۔ عامل اپنا مقصود بتادے بحکم خدا وہ مقصد حاصل ہو گا اپنے ساتھ
نقش لکھنے کے لئے کاغذ کا ٹکڑا اور قلم دوات لے جائے اور
عمل پڑھتے وقت بخور بھی کیا کریں۔ بخور اور آگ کا سامان پہلے کرلیا کریں
لیکن مقصد جائز ہو اور خلاف استحقاق وحیثیت بھی مثلاً ایک شخص یہ
نہیں بتاسکتا کہ میں ہندوستان کا بادشاہ بن جاؤں۔ ملاقات کرنے والا
شخص خود ہمزاد ہے یا کوئی جن ہے یا ملائکہ ہے یا کوئی بزرگ ہے۔
یہ نہیں کہا جا سکتا ایک عمل ایک مقصد کے واسطے کام دیتا ہے
کوئی وقت خاص معین نہیں صبح سے شام تک کوئی وقت معین
کرلے یعنی حالت روزہ میں عمل پڑھے بس جس قدر وقت روزہ کا
ہے۔ اتنا ہی وقت اس عمل کا ہے۔ کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں
شریعت کا حلال ہے اور حرام حرام ہے۔ تاہم اگر پانچ دن
گوشت نہ کھایا جائے تو عمل میں بہت طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ مگر

یا اچی راستے پر سے کھانا نا جائز ہے اور نہ کھانا بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۴	۲۱۳	[illegible]	۱۰	۵
۹	۶		۳	۲۴
۷	۱۲		۲۱۰	۲
۲۱۱	۱		۸	۱۱

عمل ہمزاد

جہاں ایسا کنواں نہ ملے وہاں یہ عمل نہیں ہو سکتا۔ عمل کرنے سے پہلے ایک کنواں ایسا تلاش کریں۔ جس پر کوئی پانی نہ بھرتا ہو اور ویرانہ میں ہو لیکن پانی نہ ہو۔ جنگل سے پاک مٹی لائیں چاند کی ۵ تاریخ سے عمل شروع کریں ایک کمرہ جس میں کوئی دوسرا نہ ہو مہیا کریں۔ ایک کٹورے میں تیل بھر کر اور موٹی سی بتی ڈال کر روشن کریں اور اپنی پشت پر چراغدان پر اس طرح رکھیں کہ آپ کا سایہ آپ کے سامنے پڑے۔ عامل اپنے سایہ کی گردن پر نظر جمائے اکتالیس غلولہ بنا کر اپنے پاس رکھے ہر غلولہ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ یا ارا حلتھا بعد ختم ان غلولوں کو اس کنوئیں میں ڈالے اور عمل کی کی جگہ دوسرے دن کے لئے اکتالیس غلولے بنائے اسی طرح اکیس دن روزانہ کرے ہمزاد حاضر ہو گا جس وقت ہمزاد حاضر ہو وہ تیل جو اس وقت کٹورے میں ہے۔ اس کے سامنے پیش کر دے وہ پی لیگا اور تابع فرمان ہو گا۔ عمل ختم کرنے کے بعد۔ اگر وقت ہو تو اس جگہ سو رہو آنے جانے میں کسی سے بات نہ کرو۔ جب غلولہ

کنوئیں میں ڈال کر اور اپنی جگہ واپس آکر دوسرے دن کے لئے غلولہ بنا لو۔ تب عمل سے باہر ہو۔ اگر اس درمیان میں کسی سے بات کر لی یا کسی دوسری جگہ سو رہے تو عمل ضائع ہوا گوشت ہر قسم کا پیاز لہسن دودھ دہی، گھی مطلق نہ کھاؤ۔ اگر کچھ اثرات پیدا ہوں تو ہرگز خوف نہ کرو۔

تسخیر ہمزاد

جب یہ عمل شروع کرو تو رات کا کھانا بعد مغرب کھا لیا کرو تاکہ رات کے بارہ بجے اگر کوئی ضرورت ہو۔ تو اس سے فارغ ہو کر اور وضو کر کے اگر ممکن ہو تو غسل روزانہ ۱۲ بجے شب کو کیا کریں یہ اولے ہے مگر ضروری نہیں ہے۔ ہاں پاکیزگی اور وضو ضروری ہے عمل کی جگہ بالکل تنہا ہو اور روئی دونوں کانوں میں رکھ لیں تاکہ قریب یا دور کی آواز کان میں نہ آسکے اور جس طرح نماز کے تشہد میں بیٹھتے ہو اس طرح زمین پر بیٹھو اپنا منہ شمال کی طرف (یعنی اتر کی طرف) کرو اور چراغ میں گھی ڈال کر اور بتی ڈال کر اس چراغ کو روشن کر کے اپنی پیٹھ کی طرف اس طرح رکھو کہ تمہارا سایہ دیوار کے پردے حسب ضرورت چراغ کو اونچا کر سکتے ہو عامل کی نظر اپنے سایہ کی پیشانی پر رہے۔ خوب نظر جما کر یہ آیت پڑھنا شروع کرو سلام قولا من رب الرحیم اس کے پڑھنے کی کوئی گنتی نہیں ہے۔ ایک گھنٹہ کامل کرتے رہو۔ ٹھیک بارہ بجے شب کو شروع کرو ایک بجے ختم کرو۔ اگر دو چار منٹ زیادہ ہو جائیں تو کوئی نقصان نہیں ہے مگر ایک گھنٹہ سے کم نہ ہو ورنہ نقصان ہے عمل کے وقت بطور احرام کے کوئی کپڑا باندھ لو۔ اور ایک کپڑا اوڑھ لو مگر سر کھلا ہو۔ اگر

پڑھنے میں نیند سی آنے لگے اور پلکیں جھپکیں تو چھت پر نظر اٹھاؤ نظر
پیشانی پر پڑے یا بضرورت چھت اور دوسری طرف دیکھو۔ یہ عمل
دس دن کا ہے درمیان میں بعض شکلیں نظر آئیں گی اور بعض وقت سایہ
متحرک نظر آئے گا مگر کوئی خوفناک بات نہیں۔ آپ خوف نہ کریں اور
کوئی بدصورت خوفناک نظر بھی نہ کرے گی دسویں دن ہمزاد مجسم ہو
کر سامنے آ جائیگا۔ اس وقت عامل اس ہمزاد سے اس قدر کہے کہ تم
میرے مطیع ہو اب جو میں حکم کروں تم کو ماننا پڑیگا اس کے مقابلے پر
ہمزاد بھی ایک شرط آپ کے سامنے پیش کریگا اور جب تک ہمزاد
کی شرط پر عمل کرتے رہیں ہمزاد تابع فرمان رہے گا۔ جب آپ کو
چھوڑنا مقصود ہو۔ آپ اس شرط کو توڑ دیجئے۔ ہمزاد بھی آزاد ہو
جائے گا آپ بے جا اور مفت کی فرمائشیں اس سے نہ کریں کوئی
پرہیز اس میں نہیں ہے۔ اور نہ کوئی دن شروع کرنے کا مقرر ہے
جب چاہیں شروع کریں۔

عمل ہمزاد

اپنے نام کے عدد نکال کر اپنے نام کے آگے جلد یا
بڑھا کر اتنی ہی مرتبہ روزانہ پڑھنا ہوگا۔ رات میں کسی وقت تنہا
مکان میں اپنی پشت پر چراغ جلا کر رکھو آگے سایہ پڑے اس سایہ
کے داہنے کندھے پر نظر جما کر روزانہ اکتالیس یوم تک عمل پڑھو۔
یعنی اپنا نام جلد یا لگا کر تعداد جس قدر سے تمہارے نام کے عدد ہیں
جگہ اور وقت تبدیل نہ کریں۔ درمیان میں ناغہ نہ ہوتے دیں کسی
قسم کا پرہیز نہیں ہے منہ جس طرف چاہیں کریں۔ غرض کسی قسم کی
نہیں۔ ہمزاد جلدی مسخر ہوگا۔

عمل خاص

یہ عمل بہت مجرب ہے اور راقم کنگس کوآرسی کیا ہے خود تجربہ کر لو بحکم خدا بالکل صحیح پاؤ گے۔ تنہائی رات کی تاریکی میں بیٹھو۔ اور موم بتی روشن کرو۔ تیل کی روشنی کی اجازت نہیں ہے۔ ایک سفید کاغذ پر اللہ لکھو بس اس قدر لکھو یا کسی سے لکھوا لو اس کاغذ کو اپنے سامنے رکھو جب سانس اوپر کشید کرو تو کہو اللہ اور جب باہر نکالو تو کہو ہُو۔ بس اس طرح پڑھتے رہو نگا اس کاغذ پر ہو آخر پڑھتے پڑھتے تم کو نیند کا خمار ہو جائے گا۔ گردن ایک طرف ڈھلک جائے گی اور ایک غیبی آواز کان میں آئے گی۔ جو تمہارے اس سوال کا جواب ہو گی جس کیواسطے تم عمل کر رہے ہو، ایک قسم کا استخارہ ہے مگر آواز جو تمہارے کان میں آئے گی۔ اس کی تعداد مقرر نہیں ہے۔

عمل ہمزاد

عمل حسب دست غیب، عمل ہمزاد کے لئے ہر شخص چشم براہ ہے مگر مشکل یہ ہے کہ جس قدر ان عملیات کی تلاش کرو۔ اسی قدر نگاہوں سے پوشیدہ ہوتے جاتے ہیں اس کے معنی یہ نہیں کہ دنیا میں عمل موجود نہیں۔ دنیا میں یہ عمل ہیں۔ مگر ایسے عام نہیں کہ ہر ایک کو ان پر دسترس ہو۔ مگر ہر پتھر کا ٹکڑا یاقوت، لعل، پکھراج ہوتا تو ان جواہرات کی قدر نہ ہوتی۔ غرض ایک عمل مجھے ایک معتبر شخص سے ملا ہے درج کرتا ہوں موٹے اور مضبوط کاغذ پر نقش تحریر کرو اس کے نیچے یہ عبارت لکھو اور جو جگہ خالی ہو اس جگہ اپنا نام لکھو۔

سمعنا	کل اوحی	عجبا یھدی
قرآنا	فقالو	استمع
الی اللہ	الی الرشد	نفر من الجن

والدہ کے نام کی ضرورت نہیں اندر
اس نقش کو اپنی پرانی ٹوپی میں اندر
کی طرف مضبوطی سے سی دو اور سو مرتبہ
یہ منتر پڑھو جو نقش کے نیچے ترنسے
فامن یا آ رحمن
لکھا۔ اور اس ٹوپی کو صندوق میں بند کرکے قفل لگا لو۔ روزانہ کو نکالا کرو
اور سو مرتبہ یہ منتر پڑھ کر اسی صندوق میں بند کر دیا کرو۔ چالیس دن روزانہ
یہ عمل کرو۔ ہمزاد حاضر ہوگا وہ ٹوپی اس کے سر پر پہنا دو اب وہ
تابع فرمان ہے اور ہمیشہ کے لئے مطیع ہے کوئی پرہیز اس میں
نہیں نہ کوئی وقت خاص شروع کرنے اور روزانہ پڑھنے کا ہے

عمل تسخیر

تسخیر خلائق وحکام کے لئے اور کم عرصہ میں مطلب تک پہنچنے
کے لئے اس عمل سے بڑھ کر اور کوئی عمل نہیں ہے اگر کسی قیدی
کو چھڑوانا ہو یا کسی غضبناک حاکم کو مہربان کرنا اگر اپنے قصوروں کو معاف
کروانا ہو یا اپنے روزگار کو از سر نو چاہتے یا ملازمت پر جس سے موقوف
یا معطل ہو چکا ہو۔ واپس جانے کا ارادہ ہو۔ تو یہ عمل کرو بحکم خدا ایک ہی
دن میں دلی مطلب پورا ہوگا اور چنداں تکلیف بھی نہ اٹھانی پڑے گی۔
عمل کرم یہ ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات کے دن روزہ پابند رکھے
اور شام کو غسل کرکے پاک وصاف سفید لباس زیب تن کرے اور روزہ
خوشبویات کا استعمال کرکے چھوڑے پھر کسی خلوت کے مکان میں بخور
جلائے اور تین رکابیوں میں کھیر ڈال کر جو پہلے سے پکا کر تیار رکھی
ہو اپنے سامنے رکھے۔ اگر ہندو ہے پہلی رکابی تو کل عمل کے نام اور
دوسری رکابی سری کرشن جی مہاراج کے نام اور تیسری رکابی دادہ بدھی

مہارانی کے نام مقرر کرے اگر عامل مسلمان ہو تو پہلی رکابی مؤکل عمل کے نام دوسری رکابی جناب رسول خدا علیہ السلام کے اسم مبارک کی اور تیسری رکابی جناب سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کے نام دیوے اور پھر ان کھیر کی رکابیوں پر فریں کے اسم بارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اگر ہندو ہے تو دونوں رکابیاں مندر میں بھیجدے اور اگر مسلمان ہو تو دونوں رکابیاں کھیر کی مسجد میں بھیجدے اور تیسری کھیر کی رکابی جو مہارانی وردہ پدمی کے نام کی ہے۔

صفائی بدن کے بیان میں

عامل کو چاہیئے کہ ہمیشہ پاک و صاف رہے۔ عمل پڑھتے یا تعویذ لکھتے وقت غسل ضرور کرے اس کے بغیر کبھی بھی عمل نہ پڑھے اور نہ ہی نقش یا تعویذ لکھے اور ہمیشہ خیال رکھے کہ کپڑا پاک اور صاف ہووے صفائی کپڑے کی باطن کو صاف کرتی ہے اور جس مکان میں بیٹھے وہ نہایت صاف ہو اور تمام مکان خوشبو سے مہکا رہے۔ اور ایام عمل میں اگر زمین پر بغیر فرش یا بورے کے نہ بیٹھے تو بہتر ہے کیونکہ اس طرح بیٹھنے سے عاجزی ثابت ہوتی ہے اور اپنے بندے کی عاجزی اللہ تعالےٰ کو بہت پسند ہے۔ اور خلوت خانہ اگر تاریک ہو تو نہایت بہتر ہے۔

تپ کے لئے مفید ہے

کاغذ کے سات ٹکڑوں پر لکھ کر جلائیں اور وہ خاکستر پانی میں حل کر کے مریض کو پلائیں۔ تو انشاء اللہ جلدی آرام آجائے نیکی عملی ساعت مشتری یا شرف قمر میں کرنا۔

طرز نوشت یہ ہے۔


	۹ ۹ ۹۹۹ ۹۹۹۹	
۹۹۹۹۹۹۹۹۹	۹ ۹ ۹۹۹ ۹۹۹۹	۹۹۹۹۹۹۹۹۹
۹۹۹۹۹۹۹۹۹	۹ ۹ ۹۹۹ ۹۹۹	۹۹۹۹۹۹۹۹۹

اگر حسب طریق مذکورہ کاغذ کے پچیس ٹکڑوں پر لکھ کر مسافر اپنے پاس رکھے تو بحری اور بری سفر میں محفوظ رہے اس کا پاس رکھنے والا ہر دلعزیز ہو جاتا ہے اگر سات ٹکڑوں پر لکھ کر اپنی جیب میں رکھے تو وہ جیب کبھی خالی نہیں رہے گی۔

دردِ پیٹ اس نقش کو لکھ کر ایک پتھر کے نیچے دبا دینا۔ انشاءاللہ دیاتے ہی درد رفع ہو جائے انشاءاللہ مجرب ہو عزیز ایک بار آزمائش کریں جب آرام ہو جائے تو پانچ پیسہ کا تیل مسجد میں ڈال دینا۔ نقش یہ ہے۔

حق یاہو ۱۲	یاہو حق ۱۲	۱۲ یا عتق	۳ یاہو ۱۲
حق یاہو ۱۲	۱۲ یاہو حق	۳ یا عثمان ۱۲	۱۲ یاہو ۱۲
یا اللہ یا اللہ ۱۲	یاہو حق ۱۲	۱۲ یاہو ۱۲	۱۲ یاہو ۱۲
یاہو یاہو ۳	۱۲ یاہو حق	۱۲ یاہو ۱۲	۱۲ یاہو ۱۲
۳ یاہو یاہو	یاہو یاہو	۱۲ یاہو ۱۲	۱۲ یاہو ۱۲

برائے جدائی دشمنی یا جدائی کے واسطے بروز جمعرات کو کاغذ پر لکھو اور پرانی قبر میں دفن کر دو۔ نقش یہ ہے۔



یہاں پر دونوں شخصوں کا نام لکھو کہ جن کے درمیان جدائی کرانی مقصود ہو۔ مجرب ہے۔

برائے درد کمر

اس نقش کو لکھ کر کمر میں باندھے انشاء اللہ اسی وقت آرام آجائیگا کیونکہ انشاء اللہ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶		
۶	۹	۳
۷	۱	۴
۲	۵	۸


برائے تپ باری

اس نقش کو لکھ کر باری کے تپ والے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ دوسرے دن بخار نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

۲۱۰۰۲	۲۱۰۰۲	۲۱۰۰۲	۲۱۰۰۲
۲۱۰۰۲	۲۱۰۰۲	۲۱۰۰۲	۲۱۰۰۲
۲۱۰۰۲	۲۰۰۲	۸۰۰۲	۸۰۰۲
۸۰۰۴	۴۰۰۸	۴۰۰۸	۴۰۰۸
۳۰۰۹	۳۰۰۹	۳۰۰۹	۳۰۰۹

برائے امساک عشرہ ذکر لاجونتی کہتے ہیں ساعت دیکھ کر اس نقش کو اس سے لکھ کر میں باندھیں تو بے حد امساک پیدا ہو۔ نہایت مجرب اور پرتاثیر ہے۔ اعتقاد شرط ہے۔ نقش یہ ہے۔

۵۶	۳۵	۳۰	۳۵
۸۴	۶۶	۲۴	۲۱
۳۸	۱۸	۸۶	۶۲
۸۸	۸۵	۰	۰



برائے امساک

ذیل کا نقش برائے امساک بے نظیر ہے نہایت ہی پر تاثیر ہے اس نقش کو بروز جمعرات نوچندی کو زعفران اور گلاب سے لکھ کر مردان میں باندھے بعید امساک پیدا ہو نقش یہ ہے

۲۴	۲۴	۲۴	۲۳
۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹
۹۷	۹۷	۹۷	۹۷

برائے زبان بندی

جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے دشمن اس کے تہ دبالا ہوں اور یا دشمنی چھوڑ کر دوستی کیطرف راغب ہو۔ بلکہ نرمی اختیار کریں

۷۸۶

۹۸۴	۹۷۷	۹۸۶
۹۷۹	۹۸۱	۹۸۲
۹۸۰	۹۸۵	۹۷۸

اپنا نام معہ والدہ کے نام کے اور دشمن کا نام معہ والدہ کے نام کے

برائے حب

عروج ماہ قمری میں جمعہ کے روز بوقت صبح یہ نقش چار عدد زعفران یا مشک کے ساتھ لکھے۔ ایک طالب اپنے گلے میں باندھے اور باقی تین عدد عرق گلاب میں دھو کر شربت وغیرہ میں ملا کر مطلوب کو پلا دے۔ پھر محبت کا لطف ملاحظہ فرما دیں مطلوب ہمیشہ محبت کا دم بھرے گا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۳۷	۳۳۰	۳۳۵
۳۳۲	۳۳۴	۳۳۶
۳۳۳	۳۳۸	۳۳۱

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

دیگر برائے حب

نقش ذیل مناسب ساعت میں بروز اتوار برگ پان پر تحریر کر کے مطلوب کو کھلا دیں۔ تو انشاءاللہ مطلوب غلام اور فرمانبردار رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۴۱۰	۴۱۳	۴۱۶	۴۰۳
۴۱۵	۴۰۴	۴۰۹	۴۱۴
۴۰۵	۴۱۸	۴۱۱	۴۰۸
۴۱۲	۴۰۷	۴۰۶	۴۱۷

فلاں بن فلاں حب فلاں بن فلاں

برائے دشمنی

اس ں کو خون مرغ یا کنوبر سے لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں۔ تو جن دو اشخاص کا نام نقش کے نیچے تحریر کریں گے ان میں سخت عدوات اور کینہ پیدا ہو جائیگا۔ اگر اس نقش کو زعفران و گلاب سے لکھ کر ایک دریا میں ڈال دیں دوسرا کسی میوہ دار درخت پر لٹکا دیں تیسرا آگ میں جلائیں۔ اور چوتھا زمین میں دفن کریں۔ تو دلی مرادیں جلدی پوری ہوں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۷	۱۳
۱۵	۱۹	۲۳
۱۵	۱	۲۱


۷۸۶

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۱۵

دشمن کے لئے محفوظ

دشمن سے خود کو محفوظ رکھنے کے لئے اس نقش کو اپنے پاس رکھے دشمن ہمیشہ ناکام رہیگا۔ کبھی تم کو اذیت نہ پہنچا سکے گا۔

اس نقش کو ایک سفید کپڑے پر لکھ کر اپنے بازو پہ تعویذ بنا کر باندھو انشاء اللہ دشمن تم کو کبھی صدمہ نہ پہنچا سکے گا۔ اور ہمیشہ ذلیل اور ناکام رہے گا۔ نہایت مجرب ہے۔



اس تعویذ کو موم جامہ کر کے لوبان کی دھونی دے کر سات بار بوسہ دو اور پھر جمعرات کے روز اپنے داہنے بازو پہ باندھو تیر بہدف اور مجرب ہے۔

درد کان | اس نقش کو لکھ کر کان میں باندھ دیویں۔ انشاء اللہ جلدی آرام ہوجائے۔ کہو انشاء اللہ بہت ہی

مجرب ہے نقش یہ ہے۔

یا قیوم ۷۸۶ یا حی

ت	۱۶۲۶	۱۶۴۱	۱۶۳۶	۱۶۶۳	ت
ت	۱۶۳۷	۱۶۲۳	۱۶۲۷	۱۶۴۰	ت
ت	۱۶۳۱	۱۶۳۴	۱۶۴۳	۱۶۶۸	ت
ت	۱۶۶۲	۱۶۶۹	۱۶۳۰	۱۶۳۵	ت
	ت	ت	ت	ت	

تپ باری

اس تعویذ کو لکھ کر تین تعویذ بنالیں - ان تعویذوں کو ایک گلے میں باندھ دیں- ایک بازو میں اور ایک دوسرے بازو میں باندھ لیں نقش یہ لکھنا اور لکھتے وقت یہ خیال رکھنا جو پہلے لفظ لکھا جائے دوسری دفعہ نہ لکھا جائے - انشاءاللہ بہت ہی مجرب ہے -

نقش برائے زیادتی رزق

اس نقش کو لکھ کر توے کی سیاہی سے چالیس روز متواتر چولھے میں پر وقت کرتے رسوئی کے جلائے - بعد میں رسوئی بنائے چڑیوں کو اپنے کھانے کی روٹی میں سے ایک روٹی روزانہ توڑ کر چالیس روز تک کھلائے کبھی اس کا رزق کم نہ ہوگا - بلکہ رزق افزوں ترقی ہوگی - لازم ہے۔ کہ روزانہ جب تک زندہ رہے اپنے حصے سے چڑیوں کو روٹی ڈالنا ہے

۱	۲	۷	۳	۵	۹
۶	۸	۵	۱۱	۳	۱
۲۰	۷	۱۱	۳	۵	۹

ہر بلا سے محفوظ



رام (۱۲۶۷ ——— ۱۲۶۷) لچھمن

۲۲ ۱۲ ۷۶ ۲۱۲ ۲

۵۲ ۲۱۵

۲ ۱۹ ۲۱

۶۲ ۵ ۲۲۳

نورور ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۲۷ عالم افروز

۱۶ ۲ ۶۰

۱۷ ۷

۸ ۸

۲ ۲

۲ ۲۰


روان ھنو بلن

اس تصویر کو چاندی کے پترے پر کندہ کرا کے اپنے گلے میں ڈالے کوئی حربہ اس پر اثر نہ کریگا - اگر دشمن تلوار بھی اس پر لگائے گا تو کاٹ نہ کریگی مگر جسوقت یہ نقش کندہ کرایا جائے - وہ اتوار کا دن ہو - اور صبح ۳ بجے یہ نقش پاک صاف کندہ کیا جائے - جو اس نقش کو کندہ کرے وہ حسین ہو جس جگہ یہ نقش کیا جائے وہ پاک و صاف ہو اور زہرہ ستارہ عطارد کے مقابل ہو - اس وقت کندہ کریں - اگر ساعت مذکور میں یہ نقش کندہ کرا کر گلے میں ڈالے کبھی حربہ اثر نہ کرے گا -

منتر برائے ترقی رزق

اس نقش کو لکھ کر اپنے گھر میں باورچی خانہ یا رسوئی خانہ میں چولھے

کے اوپر لگا دے اور اس منتر کا جاپ کرے ۔ کبھی رزق کم نہ ہوگا رزق افزوں ترقی ہوگی ۔



اس نقش کو چولھے پر لگا دے ۔

برائے زیادتی زر و مال

اس نقش کو روز جمعہ ۱۰ بجے سے پہلے دریا کے کنارے پر چاندی پر کندہ کرے اور ریشم کے سبز دھاگے سے گلے میں باندھے کبھی زر و مال میں کمی نہ ہو گی ۔

۷۸۶

یا ودود	یا غفور	یا رحیم	یا اللہ
محمد	محمد	۷۸۶	۳۵
بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

انگشتری زہرہ مشتری

زہرہ اور مشتری کی انگوٹھی جس شخص کے پاس ہوگی اور جو اس اسم کا عامل ہوگا اس کا درجہ علم موسیقی میں سب سے افضل ہوگا ۔ ہر ایک موسیقی دان اس کے آگے سر جھکائے گا ۔ راگ اور راگنی کا بادشاہ مانا جائیگا ۔ خوشگوار اور سریلا پن اس کا غلام بے دام بن جائیگا ۔ اس کے گانے میں وہ اثر پیدا ہو جائیگا ۔ کہ صحرا میں گھاس اُگے ۔ تو چرند اور پرند اس کے سر پر سایہ فگن ہوں ۔ اور اس

قلد گا نے میں موہبت ہوں۔ کہ شیر بحری کو نقصان نہ پہنچا سکے الغرض درجہ اعلیٰ علم موسیقی میں پائے گا۔ انگشتری پر یہ نقش ساعت مشتری میں کندہ کراوے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

زہرہ	٦٨٢٧	٢٩١١	٧٢٦٠	زہرہ
مشتری	مشتری	٧١٢٧	١٨٢٧	٧٠٧٣
٦٨٨٦	زہرہ	زہرہ	١٦٧٣	٩٧٣٧
٨٢٧٣	٢٧٢	مشتری	مشتری	٢٠٧١
٨٩١٧	١٧٢٧	٦٠٧٣	زہرہ	زہرہ
مشتری	١٧٣٢٠	١٠٢٠١٠	٣٩١١	مشتری

برائے دفع جن و پری آسیب

اگر کسی شخص کے سر پر جن پری آسیب کا سایہ ہو تو اس کے واسطے یہ نقش مفید اور نیز بہدف ہے۔ اس نقش کو لکھ کر شخص آسیب زدہ کو دھونی دینی چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دور ہو جائے گا اور شخص آسیب زدہ فوراً تندرست ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨ ٧ ٢ ١

٣ ٩ ٧ ١ ١١

١١ ٥ شاہ جن سالوت ٧ ٦ ٨

٩ ٥ ٨ ١ ٢

٣ ٧ ١٢ ٩ ١١ ٢

بواسیر بادی

سات مثقال تانبہ اور تین مثقال چاندی اور دو مثقال سونا لے کر ان سب کو آمیز کر کے ایک چھلا بنا دے اس چھلے کو چالیس روز تک کھاری کنوئیں میں لٹکا ئے رکھے بعدہٗ نکال کر ہاتھ میں پہنے۔ انشاءاللہ بواسیر بادی جاتی رہے گی اور جب تک چھلا تمہارے ہاتھ میں رہیگا۔ کبھی تکلیف نہ دے گی جب چھلا ہاتھ سے دور ہو گا تو احتمال ہے کہ پھر زور نہ کرے اس لئے اس چھلے کو ہاتھ علیحدہ نہ کرے سینکڑوں بار آزمایا۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا۔

چوری پکڑنے کی ترکیب

سوا گز زمین کو اسطرلاب کر کے ایک لمبی کیل سے کر جوتی میں گاڑ کر اسطرلاب کے درمیان گاڑ دے۔ مگر اس طریقہ سے کہ جوتی زمین سے کسی قدر گھڑی کی سوئی کیطرح بلند رہے اس کے بعد اس جوتی کو پھرکی کیطرح چکر دے جب وہ گھوم کر رک جائے اس کے بعد اس شخص جس شخص کی چوری اس کے مقابل بٹھا دیوے اور اس کے حکم کرے کہ جس جس شخص پر تیرا شبہ ہے کہ انہوں نے چوری تیرے مال کی کی ہے ان کا نام باری باری سے لینا جا اور جوتی سے خطاب کر کے کہے۔ اے لوناں چماری بتا کہ جس شخص نے تیرے مال کی چوری کی چوری کی ہے۔ اسی باری باری ہر ایک شخص کا نام آئیگا۔ جوتی خود بخود گھومنے لگے گی۔ عامل کو لازم ہے کہ جب تک چوروں کیلئے جادیں اور تمام کام ہوتا رہے۔ برابر یہ منتر جپتا رہے۔ جس شخص نے چوری کی ہوگی۔ اس کے نام پر جوتی ضرور گھومے گی اور دوسرے

شخص کے نام پر بالکل حرکت نہ کرے گی ۔ فوراً چوری کا پتہ لگ جائیگا
ہزاروں بار کا آزمودہ اور تیر بہدف ہے ۔ منتر یہ ہے ۔
لوناں چاری ۔ مہادیو کی سائی جو ترکیب تو نے نکالی کر اظہار
ہماری ۔ لوناں چاری ۔

چاول کے ذریعہ چوری پکڑنا

پانچ دانہ چاول لے کر ان پر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے ۔ اور یہ چاول جس جس پر چوری کا شبہ ہو اس کو کھلا دیوے اگر درا صل اس نے چوری کی ہو گی ۔ تو اس کے منہ سے خون جاری ہو جائیگا ۔ اور جبتک وہ مال جس کو اس نے چرایا ہو ۔ واپس نہ کریگا ۔ اور معافی کا خواستگار نہ ہو گا ۔ اسوقت تک کبھی خون بند نہ ہو گا ۔ اگر فوراً اس نے مال واپس نہ کیا اور معافی نہ مانگی ۔ تو اسقدر اس کے منہ سے خون گریگا ۔ کہ کلیجہ تک کٹ کر منہ کے راستے نکل جائیگا ۔ پھر بعد اگر معافی مانگے تو کچھ نہ ہوگا اس لئے لازم ہے کہ فوراً اس کا مال واپس کر کے معافی کا خواستگار ہو ۔ اور آئندہ کیلئے توبہ کرے

نقشہ حصول رزق

جو شخص اس نقش کو اوپر باندھے گا خداوند کریم اس کی قوت بازو سے اسکو رزق عنایت کریگا

۷۶	۸	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۷۷	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

دیگر نقش برائے وسعت رزق

۴	۱۳	۱۲	۷
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۷۷	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

اس نقش کو لکھ کر دیوار سے لگاوے نقش یہ ہے۔

دیگر برائے حصول رزق :- جو کوئی اس نقش کو لکھ کر

گلے میں ڈالے گا غیب سے رزق ملے گا۔ یا کسی کا ملازم ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۱۹۳۹۶	۱۹۴۰۰	۱۹۴۴	۱۹۳۸۹
۱۹۴۴۲	۱۹۳۹	۱۹۳۹۵	۱۹۴۰۱
۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۸	۱۹۳۹۴
۱۹۳۹۹	۱۹۳۹۳	۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۴

دیگر نقش حصول رزق :- جو

کوئی اس نقش کو لکھ کر دکان پر لگاوے رزق غیب سے ملے گا اور دوکان خوب چلے گی۔ نقش یہ ہے۔

و	اید	اند	ا
ط	ر	و	ب
٦	ما	ی	ج
٠	و	ح	٠

دیگر برائے کشائش رزق :- جب کوئی محتاج ہو جائے

تو یہ نقش اپنے پاس رکھے خدا سے امید یہ ہے کہ رزق غیب سے ملے گا نقش یہ ہے۔

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

دیگر نقش برائے کشائش رزق

نقش یا بدوح کا واسطے کشادگی۔ رزق اور طلب حاجات

کے لیے نہایت مفید ہے۔ اکتالیس روز کے نقش لکھ کر طاق میں رکھ دے اور ایک پتھر نقش پر رکھ دے بعد چالیس روز کے نقش نکال کر دریا میں ڈال دے جو نقش کہ آگے تیر جائے اسکو ٹوپی یا دستار میں رکھے نقش یہ ہے۔

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۶	۸	۶
۶	۸	۲	۴

طلسمی انگوٹھی:۔ جو کوئی شخص اس نقش کو انگوٹھی میں کھدوا کر اپنے ہاتھ میں پہنے گا۔ وہ دولتِ دنیا سے مالا مال رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

ب۲	د ۲	ط ۲	ح۸
ح ۸	د ٦	۲٦	ب۲
۲۱	ب ۲	ح ۸	د ٦
د ٦	ح ۸	ب ۸	د ٦

عملیات حب

یَا وَدُوْدُ مع درود شریف تین مرتبہ اوّل تین مرتبہ آخر۔ بعد نماز عصر ایک سو ایک بار پڑھے۔ مطلوب کا تصور کرے اس کے پڑھنے کے بعد سینہ پر دم کرے مجرب ہے۔ قدرے قند منہ میں ڈال لے۔

برائے محبت

بسم اللہ کو بعد مذکورہ یعنی ۷۸۶ بار بر آب کوزہ پڑھ کر جس کو چاہیں۔ پلائیں تو اس کو محبت شدید ہو گی اور یہی پانی جسم پر بسم اللہ بعد و بسم اللہ پڑھی جائے اگر اس کو کوئی بلید فہم کند فہم مدت سات روز وقت طلوع آفتاب کے پیا کرے۔ تو اس کی بلادت کند ذہنی دور ہو جاوےگی۔

دیگر | ہر دو نقش : بما زہرہ کے شرف میں لکھ کر طالب و مطلوب جدا جدا اپنے اپنے پاس رکھیں ۔ تالیف عظیم ہو گی آزمودہ ہے

(۱۸) ۱۳	(۱۵) ۴۵	(۱۰) ۱۹	(۱۵) ۱۴
(۹) ۱۸	(۶) ۱۵	(۳) ۱۲	(۱۰) ۲۶
(۷) ۱۶	(۱۲) ۲۱	(۱۳) ۲۳	(۲) ۱۱
(۵) ۲۴	(۱) ۱۰	(۸) ۱۷	(۱۱) ۴۰

مطلوب کا نقش حلقہ میں جو ہندسہ ہے نقش کی جگہ ہے

(۴) ۹	(۱۵) ۲۱	(۱۰) ۱۵	(۵) ۱۰
(۹) ۱۴	(۶) ۱۱	(۳) ۸	(۱۶) ۱۶
(۷) ۱۲	(۱۲) ۱۳	(۱) ۱۹	(۳) ۷
(۱۴) ۲۰	(۱) ۶	(۱۸) ۱۳	(۱۱) ۱۶

طالب کا نقش حلقہ میں جو ہندسہ ہے نقش کی جگہ ہے

دیگر :۔ اصحاب طلسمات نے نقل کیا ہے کہ ان اعداد یعنی سمت ۲۲۰ و ۲۸۴ میں محب و محبوب کی الفت کرانے میں ایک اثر ہے جب کہ ان دونوں کی تصویریں کھینچیں ایک کی تصویر زہرہ کے شرف میں اور دوسری تصویر یعنی طالب کی تصویر سابع الاول یعنی ساتواں اول کا بموجب بناویں اور ہر ایک تصویر پر ہر ایک عدد رکھیں ۔ بس یہ طلسم ایسی تالیف عظیم کا سبب محب اور محبوب کے درمیان ہو گا جس سے جدائی دشوار ہو گی ۔ مکرر آنکہ عدد اکثر سے محبوب مقصود رکھیں آزمودہ ہے اور اگر طالع الاسد پر نقش کرے شیر کی صورت دم پھیلی ہوئی کاٹنے والا تقسیم کیا ہو ۔ اس کو دو حصہ اور اس کے آگے سانپ کی صورت ہو اس کی طرف منہ کھولے ہوئے اور پاؤں میں شیر کی دم ہو اور شیر کی پیٹھ پر چلتے ہوئے بچھو کی تصویر ہو اور وقت نقش کرنے کا درجہ اول یا تیسری اسد سے بشرط صلاحیت زہرہ اور قمر دونوں ستاروں کے اور سلامت ہونے ان کی نحوست سے جس وقت کہ پایا جاوے یہ وقت اور طالع پائی جاوے اور اس کے تو نقش کر اس وقت میں مثقال بھر یا کم سونے پر اور بعد نقش کے دھوئے زعفران محلول گلاب

ہیں اور زرد کپڑے حریر میں رکھتے ہیں۔ پس وہ گمان کرتے ہیں۔ کہ نزدیک ملوک کے محبب ہوگا۔

اور اسی طرح وفق مسدس مختص لشمس کا ذکر کیا ہے کہ وہ وضع کیا جاتا ہے۔ نزدیک حلول شمس کے اپنے شرف میں اور ساتھ قمر کے ساتھ طالع ملوکی کے اعتبار کئے جاتے ہیں اس میں نظر صاحب عاشر کیواسطے صاحب طالع کی نظر مودۃ و قبول ولائق ہو۔ اس کہ یہ لائق ہوتا ہے بیچ موالید ملوک کے اولاً شریفہ سے اور رکھے اسے حریر میں خوشبو لگا کر۔

الحب:۔ آیت شریف وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْخَیْرَ لَشَدِیْدٌ نوچندی جمعرات سے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسم تسبیح پر اکتالیس مرتبہ آیتہ شریف پڑھتا جائے اور اسم مرچ سیاہ رکھے بعد ایک تسبیح کے مرچ پر دم کرے اور آگ میں ڈالتا جاوے اور عطر عنبر یا چمپا پر بھی دم کرتا جاوے اور عطر مذکور اکتالیس روز کے لگا کر مطلوب کو دیکھے شدید محبت ہوگی مجرب اور آزمودہ ہے

ترکیب دیگر الحب

اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ آیت شریف وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ۔ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ اور پھر درود گیارہ مرتبہ یا درود یا سلام گیارہ سو مرتبہ پھر درود گیارہ مرتبہ پڑھ کر نوچندی جمعرات کو کسی شرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلاوے اور تصور محبوب کا ہر وقت رکھے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

بجہت حاضر نمودن مطلوب

اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ اَنْتَ الَّذِیْ اَعْیَشْتَ مِنْ الْحَسَنَۃِ وَالْمَوَدَّۃِ

فِیْ قُلُوْبِ الْاَبْرَارِ وَ اَنْتَ الْمَلِکُ وَ ذَاتُ الطَّالِبِیْنَ۔ بِنُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ تَجَلِّیَتُ بِالْعِزَّۃِ اللّٰہُ الشَّرَفُ النُّوْرِ الْقَائِمُ عَلَی الْاَرْوَاحِ وَ الْفُتِ الْاَشْبَاحِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِسُبُوْحِ ذٰرِیْکَ وَ سَرَیَانِ حُبِّکَ فِیْ قُلُوْبِ اَنْبِیَائِکَ وَ اَصْفِیَائِکَ اَنْ تُلْقِیَ مَوَدَّتِیْ وَ مَحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِ فُلَانِ بِنْتِ فُلَانٍ مَا اَلْقَیْتَ الْوَحْیَ اِلٰی قَلْبِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃُ اللّٰہِ وَ اٰلِہٖ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ۔

ترکیب۔ بعد نماز عصر اسم یا ودود یکصد مرتبہ اور دورد شریف مذکور الصدر یک مرتبہ نماز مغرب تک بہ تصور مطلوب صرف تین روز معہود میں پڑھے۔ شروع پنجشنبہ کو کرے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

عمل حب مجرب المجرب

بادشاہ عامل باعمل محمد غوث گوالیاری شروع در شب یک شنبہ اول شریں اثمار برائے فاتحہ مؤکلاں ہفت روز بر اسم مرنج سیاہ وہر ہر مرچ ہفت بار خواندہ یک یک کردہ بسوزید با ہستگی عجائب بنید۔ آزمودہ است۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا رب گرفتیم سر فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق الحمد للہ۔

یا رب گرفتیم دو چشم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق رب العلمین
یا رب گرفتیم دو گوش فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق الرحمن الرحیم
یا رب گرفتیم بینی فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق مالک یوم الدین
یا رب گرفتیم دہن فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق ایاک نعبد
یا رب گرفتیم گلوئے فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں ایاک نستعین
یا رب گرفتیم سینہ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں الصراط المستقیم

یارب گرفتیم قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق صراط الذین
یارب گرفتیم شکم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق انعمت علیہم
یارب گرفتیم ناف فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق غیر المغضوب
یارب گرفتیم لسان وساق فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق لا الضالین
یارب گرفتیم ہفت اندام ظاہر و باطن فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق آمین
یارب گرفتیم تحت و فوق و یمین و یسار و اول و آخر و اوسط ہفت اندام و موبہ
موئے و سیصد و شصت رگ و چہار صد و چہل چہار استخوان و گوشت و
پوست و دندان و ناخن و ہر چہ مرتب شدہ است بحق تمام کلام مجید و فرقان
حمید از اول تا آخر بحق لیسین یا جبرائیل یا اسرافیل یا میکائیل یا عزرائیل
و اے جملہ فرشتگان فلاں بن فلاں را علی حب فلاں بن فلاں بیقرار و بے
آرام کردہ زود بیا رید زود بیا رید زود بیارید بحق جملہ پیغمبران آدم
تا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یارب مہربان گردان و بے آرام
و بے قرار گردن فلاں بن فلاں را علی حب فلاں بن فلاں بحق توریت
موسی و انجیل عیسی و زبور داؤد و فرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یارب کار سال در یک ساعت کن و کار یک ماہ در یک دم کن و
کار یک روز در یک پل کن بعزۃ لا الہ الا اللہ و بحرمت محمد رسول اللہ
برحمتک یا رحمٰن و رحیم۔

دیگر عمل تسخیر خلائق!

چاند رات سے ترک حیوانات کرکے اول و آخر گیارہ
گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان سورۂ فاتحہ پڑھ کر اٹھاون
مرتبہ ورد کرے اور بعدہٗ رو بقبلہ ہو کر دہنے ہاتھ یعنی بائیں
پر سر رکھ کر خواب کرے اور درمیان چلہ کشی خاص کی نیت نہ

کرے ورنہ عامل نہ ہوگا۔

بعد چلہ جس کی جانب نگاہ تسخیر سے دیکھیگا مطیع ہوگا۔ یہاں تک کہ چرند پرند بھی مطیع ہوں گے مجرب و آزمودہ ہے۔ بعد پڑھنے کے عامل کسی سے کلام نہ کرے۔

عمل حب

جو کوئی اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ روغن چنبیلی پر جمعہ کے روز بعد نماز عصر پڑھ کر دم کرے۔ اور بدن اور سر پر مل کر جس کے روبرو جاوے۔ تابعدار ہو جائے۔ آیت شریف یہ ہے۔ وَ اللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ۔

دیگر سورۂ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ با مؤکل اگر گیارہ مرتبہ پان یا لونگ یا سپاری پر دم کرکے مطلوب کو کھلاوے خدا چاہئے بہت جلد مطلوب تابعدار ہو جاوے اگر سورۂ مذکورہ اٹھارہ مرتبہ بعد نماز صبح چند روز پڑھ کر دشمن کے گھر کیطرف پھونکے انشاءاللہ تعالےٰ دشمنی سے باز آوے اور روز بروز اخلاص پیدا کرے سورہ مذکورہ با مؤکل یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ یا بدوح یا جبرائیل فَعَلَ رَبُّکَ یا متجاب اَصْحٰبِ الْفِیْلِ یا خالق تنکفیل اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ یا خالق یا میکائیل وَّ اَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ یا شہید یا عزرائیل تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ۔ یا رحمن یا مواکیل مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ۔ یا تو ما علیل ہر بار اپنا مطلب کہتا جاوے۔

دیگر حب کے واسطے آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ شروع میں بعد نماز عشاء

شب دوشنبہ یا شب جمعہ کو نو سو مرتبہ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف جو یاد ہو پڑھے۔ منہ مطلوب کے گھر کیطرف رہے اور کپڑوں کو خوشبو لگائے اور آیت مذکور گیارہ سو مرتبہ بھی پڑھے بعد ہ' یہ دعا مانگے۔

اسماء باری تعالیٰ جمالی معہ خاصیت

یَا اَللّٰہُ جو کوئی تین ہزار سو اسو اللہ کے نام ہر روز باوضو لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر جس مراد کے نیٹے دریا میں ڈالے مراد بر آوئے۔ مگر پہلے روز جس کنارہ دریا پر ڈالے چالیس دن اسی کنارہ پر گولیاں ڈالے۔

یَا سَلَامُ۔ جو کوئی ایک سو اکنیس بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے۔ صحت پائے اور وظیفہ خوان خوف سے نڈر ہو۔

یَا عَزِیْزُ۔ اگر خلق جمع ہو کر دو ہزار بار آخر شب میں پڑھیں پانی برسے یَا عَلِیْمُ جو کوئی پوشیدہ کار سے واقف ہونا چاہے شب جمعہ کو بعد نماز سو بار پڑھ کر سجدہ میں سو رہے۔ آگاہ ہو گا۔

یَا حَافِظُ۔ جو کوئی تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک مجلس میں اس نام کو ستر بار پڑھے۔ دشمن پر نفع پاوے اور اس کے صدموں سے اس میں رہے۔

یَا لَطِیْفُ۔ جو کوئی فقر و فاقہ سے ناچار ہو مسافری میں بے یار و غمخوار یا بیماری میں گرفتار ہو یا لڑکی رکھتا ہو۔ اور منتر دو ہو کہ کیونکہ سرانجام نکاح کا ہو۔ غسل کر کے دوگانہ نماز ادا کر کے سو بار پڑھے جس کام کی فکر ہو خدا پوری کرے۔

یَا حَلِیْمُ۔ جو کوئی کاغذ پر لکھے اور دھو کر اپنی کھیتی پر چھڑکے ہر

آفت سے محفوظ رہے۔
یَاعَظِیْمُ۔ جو کوئی سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر درد شکم کے واسطے پڑھے
خدا تعالےٰ شفا عطا فرماوے۔
یَاحَفِیْظُ۔ جس کو ڈوبنے یا جلنے یا زخم یا دوسرے قسم کا ڈر ہو یا وہم
پریوں اور جنات کا ہو۔ گھبراہٹ یا حرام نظروں سے ڈرتا ہو۔ اس
اسم کو اپنے بازو پر باندھے امن میں رہیگا۔ اگر بیمار شدت ہیضہ
میں پڑھ کر دم کرے شفا پائے
یَاحَلِیْمُ۔ جو کوئی اس اسم کو مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس
رکھے یا کھاوے تمام خلائق کے دل پر توقیر ہو اور اس سے محبت
کریں اور اگر اپنے اسباب پر دس بار پڑھ کر دم کرے چوری سے محفوظ
رہے گا۔
یَارَقِیْبُ۔ جو کوئی سات بار اس اسم کو اپنی بی بی اور فرزند اور مال
وعیال پر پڑھے اور ان پر دم کرے تمام دشمنوں اور کل آفتوں سے
نڈر ہووے اور جو کوئی تین سو بارہ مرتبہ پڑھ کر پھوڑے پر پھونک
دے۔ تین یا سات روز تک شفا پاوے۔
یَاوَدُوْدُ۔ جس کا فرزند بد راہ ہو جمعہ کے روز بعد نماز ایک ہزار
ایک بار شرینی لطیف اور معطر پر پڑھ کر دم کرے اور دو رکعت نماز
ادا کرے اور وہ شرینی اس کو کھلاوے۔ انشاء اللہ تعالےٰ صلاحیت
پر آجائے گا۔
یَامَجِیْدُ۔ جو کوئی آبلہ یا باد فرنگ یا جذام یا برص سے نالاں ہو۔
تو چاندنی راتوں میں روزے رکھے اور وقت افطار بہت پڑھے
اور پانی دم کر کے پی لیوے۔ صحت ہوگی۔
یَابَاعِثُ۔ جو کوئی سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور حاکم کے سامنے

پیش ہووے۔ تو وہ مہربان ہو اور جو کوئی چاہتے۔ کہ دل زندہ ہو سونے کے وقت ہاتھ سینہ پر رکھے اور ایک سو بار پڑھ کر دم کرے دل زندہ اور روشن ہو جائے۔

یَا مُمِیْتُ۔ اگر بجلی گرے یا پانی میں آگ لگنے سے خوف ہو اس اسم کو ورد اپنا کرے انشاء اللہ تعالیٰ امان پاوے اگر خوف کی جگہ میں بہت پڑھے نڈر ہو۔ جو کوئی وقت عصر کیساتھ سات بار پڑھے۔ پناہ میں رہے۔

یَا مُمِیْتُ۔ جس بچہ کا دودھ چھڑانا منظور اور بچہ صبر نہ کر سکتا ہو۔ یا دودھ پلانے والی کے دودھ میں نقص ہو جاوے چاہیئے کہ اس اسم کو لکھ کر اس بچہ کو پلاوے بچہ صبر کرے گا۔ اور دودھ عورت کا زیادہ بڑھے۔

یَا حَیُّ۔ جو کوئی اپنی لونڈی یا بیوی کی سیرت سے ناخوش ہو جس وقت اس کے آگے جانا چاہے اس اسم کو بہت پڑھے۔ حق تعالیٰ اس کو صلاحیت پر لاوے۔

یَا مُعِیْدُ۔ جس کا عزیز غائب ہو جاوے اور وہ چاہے کہ وہ آجائے اس اسم کو گھر کے چاروں کونوں میں ستر ستر بار پڑھے بعدہٗ کہے یا معید پھیر مجھ پر فلانے کو سات روز نہ گذریں کہ غائب آ جائیگا یا اس کی خبر آئے گی۔

یَا مُقْسِطُ۔ جو کوئی رنج میں مبتلا ہو۔ ستر بار ہر روز پڑھے رنج دور ہو۔ خوشی حاصل ہو۔

یَا مُغْنِیْ۔ جو کوئی وقت جماع کے ستر بار پڑھے امساک بہت ہو۔

عامل کو مندرجہ ذیل اشیاء سے پرہیز کرنا چاہئے

۱۔ جب تک عمل کا دورہ کرے۔ کبھی ناپاک نہ رہے ۔

۲۔ ایام عمل میں کسی کی طرف نظر بد سے نہ دیکھے۔ نہ جماع کرے

۳۔ گوشت۔ انڈا مچھلی وغیرہ ان چیزوں سے پرہیز کرے۔

۴۔ لہسن نہ کھائے۔

۵۔ تنہا مقام پر عمل کرے جہاں غیر کا گذر نہ ہو۔

۶۔ مقام تاریک مگر مصفا ہو۔

۷۔ منشی اشیاء کا استعمال نہ کرے۔

۸۔ جس جگہ عمل کرنا ہو۔ اس جگہ کو عمل کرنے سے پہلے دھو کر چکنی مٹی سے لیپ کرو۔

۹۔ لباس مصفا پاک صاف رکھے بدن بھی روزانہ صاف کیا کرے

۱۰۔ خوشبویات کا استعمال کرو۔

متفرق کھیلوں کے بیان میں

لعب السکین۔ اس سے ابلتی ہوئی ہنڈیا کا جوش بند ہو جاتا ہے اس کی ترکیب یہ ہے۔ کہ جنگلی مینڈک کو خشک کرکے اس کی بڑی ہڈی لے کر ابلتی ہوئی ہنڈیا کے ڈھکنا پر رکھ دو فوراً بند ہو جائے گا۔

لعب القطع آپ کمزور دھاگے سے سخت ہڈی کو کاٹ سکتے ہیں۔ ترکیب یہ ہے۔ کہ روئی کا کچا نازک دھاگہ لے کر اسے تھک اور نماک سے تر کرکے خشک کرلو۔ پھر اسے ہڈی پر پھیر دو۔ ہڈی کٹ جائے گی۔

لعب الیکاؤ
سفید پھٹکری روغن بادام یا روغن گل یا روغن زیبق میں ملا کر مٹی یا اور کسی خوشبودار چیز میں ملا کر جسے سنگھاؤ۔ فی الفور رونے لگے۔

لعب دفع الغلی
شیشے کا ورق لے کر اس پر پانی ڈال کر نیچے آگ جلاؤ۔ تو ہرگز جوش میں نہیں آئیگا بلکہ چنداں گرم بھی نہ ہوگا۔

لعب رقص الکلب
تازہ تیز بودار چینی کو سل بٹے سے پیس لو اور میدے میں ملا کر روٹی پکا کر کتے کو کھلاؤ۔ تو کچھ دیر بعد روتا ہوا ناچنے لگے گا۔ جتنا زیادہ کھائے گا۔ اتنا ہی زیادہ روئے گا۔

لعب الضحک
یہ کھیل ہنسی کا موجب ہے۔ جوندیل کو کوزہ میں ڈال کر اس کا منہ اچھی طرح بند کر دو پھر اس میں زنگار قدرے ڈال دو۔ تو بڑی بھاری آواز اس میں آواز اس میں سے آئے گی۔

نوع دیگر
جوندیل بندی لے کر اس میں چھوٹا سا سوراخ کر کے اس کا تمام مغز نکال لو۔ پھر اس میں قدرے پارہ اور گندھک ڈال کر مٹی سے منہ بند کر دو اور خشک کر کے آگ پر رکھو تو اس میں سے عجیب قسم کی آگ نکلے گی۔

لعب الرقعہ
کپڑے پر رکھ کر آگ میں ڈالیں۔ تو ہرگز نہ جلے گا بلکہ آگ بجھ جائے گی۔ ترکیب یہ ہے کہ کپڑے پر شکر اور زعفران اور گلاب سیاہی میں ملا کر لکھو اور اس میں کافور اور پتھر لپیٹ کر آگ میں پھینک دو۔ تو ہرگز نہیں جلے گا۔ بلکہ آگ بجھ جائے گی۔

لعب العجل گل آزاد میں اس سے بچھڑے کی موت اندر سے خالی اور اس میں ایک سوراخ رہنے دو اس کے اندر ایک مینڈک رکھ کر صرف ناک کے سامنے جلاؤ جب اس کا دھواں مینڈک کو پہنچے گا۔ عجیب قسم کی آواز پیدا کرے گا۔

لعب الموت اس سے پکی ہوئی مچھلی تھال پر حرکت کرتی ہوئی دکھائی دے گی۔ طریقہ یہ ہے کہ مچھلی لے کر اندر سے خالی کر کے اس میں پارہ بھر دو۔ پھر بھنی ہوئی مچھلی کے پیٹ میں اسے رکھ دو۔ تو مچھلی تڑپنے لگے گی۔

لعب الطیر اس سے بھنا ہوا پرندہ تھال میں بولتا ہے طریقہ یہ ہے کہ اس کے گلے میں تھوڑا سا مغز نارجیل رکھ کر تنور میں لٹکا دو۔ تو تھال میں رکھنے سے آواز دیگا۔

لعب البط اس ترکیب سے کاغذ کی بطخ پانی پر تیرتی ہے ترکیب یہ ہے کہ کاغذ کی ایک کھوکھلی بطخ بنا کر مچھلی اور زعفران سے تر کرلو۔ اور ایک دانگ پارہ اس کے پاؤں میں اور ایک دانگ پارہ اس کے سینہ میں رکھو۔ تو پانی پر اچھلے گی۔

لعب الحرکت زنبور اس ترکیب سے مردہ بھڑ جی اٹھتی ہے پہلے بھڑ کو روغن زیتون میں آلودہ کرو تو اسے بیہوشی ہو جائے گی۔ پھر اسے زمین پر رکھ کر پرانا اور تیز سرکہ ڈالو۔ تو ایک گھڑی بعد حرکت کرنے لگے گی۔

لعب اللسان اس ترکیب سے زبان میں قوت ذائقہ تبدیل ہو جائے گی۔ اگر مصری بھی منہ میں رکھیں۔ تو ذائقہ معلوم نہیں ہوتا۔ کوئی چیز کھائی نہیں جاتی۔ ترکیب یہ ہے

کہ عناب کی پتیوں سے مضمضہ کراؤ۔ یا صرف پتی چبانے کو کہو۔ جب اس اثر کو زائل کرنا چاہو تو کھٹے۔ شہد اور رائی سے مضمضہ کراؤ۔

لعب الحمار گدھے کے بیہوش کرنے کی ترکیب۔ یہ دو طرح سے کیا جاتا ہے۔

(۱) گبریلا گدھے کے گلے میں باندھنے سے بیہوش ہو کر گر پڑتا ہے جب اتار لیں۔ تو فوراً ہوش میں آجاتا ہے۔

(۲) ماش ہزار پایہ مار نام جانور کو گدھے کے کان میں رکھیں تو ایسا بیہوش ہو جاتا ہے۔ گویا مردہ ہے۔ جب اس کے کان میں سے نکال لیں۔ تو پھر ہوش میں آجاتا ہے۔

لعب الضحک یہ ترکیب ہنسی کا موجب ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ جہاں گدھا لیٹا ہو۔ وہاں کی تھوڑی سی مٹی لے کر اس دسترخوان تلے رکھ دو۔ جہاں کھانا کھانا ہے۔ ہنسی کے مارے کوئی شخص کھانا نہیں کھا سکے گا۔ کہتے ہیں مکھی مار کر اس کے پاؤں پر باندھ کر دسترخوان کے تلے رکھیں تو بھی یہی عمل کرتی ہے۔

نوع دیگر خرگوش کی مینگنی آگ پر رکھیں تو حاضرین سے ایسی حرکات سرزد ہوں گی جو ہنسی کا موجب ہوں گی۔

لعب الفالوج یہ ایک شعبدہ ہے جس سے صاف پانی نہایت عمدہ فالودہ بن جاتا ہے۔

ترکیب یہ ہے کہ اس میں مناسب مقدار شکر تری ملاؤ۔ بعد ازاں زعفران اس میں ملاؤ پھر اس سفوف کو ہاتھ میں لے کر صاف پانی کا بھرا ہوا گلاس پر سے رکھو اور ناظرین سے چھپا کر اس تک کر سفوف ڈالو اور اسے کپڑے سے ڈھانپ دو۔ اور خود منہ

ہلاتے رہو۔ تاکہ حاضرین کو ایسا معلوم ہو۔ کہ تم منتر پڑھتے ہو۔ ایک گھڑی بھر گلاس سے کپڑا اٹھاکر دکھاؤ۔ نہایت صاف فالودہ جما ہوا ہوگا۔ جو بہت ہی خوش ذائقہ ہوگا۔ جس طرح کھانے کے بعد بطور ختم مٹھائی تقسیم کرتے ہیں۔ اس طرح تم بھی ناظرین پر اسے تقسیم کرو۔

دربیان علم کیمیا

اس علم سے معلوم ہوسکتا ہے۔ کہ فورسے فاعلہ علویات فورسے متقعلہ سفلیاں پر کیوں کر اثر کرتی ہیں اور اسماء و طلسمات کے سبب ان سے کیا کیا عجیب و غریب افعال ظہور میں آتے ہیں۔ میں نے رسالہ حل المشکلات کو جو اس فن کے چیدہ استادوں کا بنایا ہوا ہے ترجمہ کیا ہے۔ واضح رہے اس رسالے میں دو فصل۔ ہر فصل میں چار نوع میں چار قسم کے علوم غریبہ از قسم غدار۔ جفر۔ نیرنجاشا درج ہیں۔

فصل اول علم نیرنجات

یہ اعمال علم کیمیا کے متعلق ہیں لیکن چونکہ کتاب یمیوں میں ان کا ذکر ہوا ہے۔ اس واسطے یہاں اس کا ترجمہ کیا جاتا ہے

برائے دشمنی

کاذر یوس۔ تکلوعی۔ اور غسل بلاد تینوں ہموزن لے کر ملالو۔ ان تینوں کے وزن کے برابر روناملا کر جن دو شخصوں کو کھلاؤ گے ان میں دشمنی ہوجائے گی۔

برائے امداد

روغن زیتون کو روغن سنبل رومی کے روغن میں حل کرے جس کے پپوٹوں پر ملو گے۔ وہ آنکھ نہ کھول سکے گا۔ تاوقتیکہ شہد سے صاف نہ کیا جائے۔ کتاب خواص

الاشیاء میں لکھا ہے۔ کہ اگر جنگلی مینڈک پانی میں اس قدر پکایا جائے کہ اس کا گوشت پانی میں کھل مل جائے۔ تو پھر یہ پانی جس کے چہرے پر ملو گے۔ اندھا ہو جائیگا۔ جب صحت میں لانا چاہو۔ تو سونف کے پانی سے دھو ڈالو۔

برائے قمل (جوں) اعصابہ کا پیٹ چاک کر کے اس میں مسور کا آٹا بھر دو۔ پھر اسے گلنے سڑنے دو۔ بعد ازاں خشک کر کے پیس لو۔ یہ سفوف جس کے کپڑوں پر ڈالو گے اتنی جوئیں بڑھ جائیں گی۔ کہ ان کا علاج کرنا مشکل ہو جائے گا۔

فصل دوم در بیان دکوک

دکوک دک کی جمع ہے دک بمعنے حیلہ جس سے فائدہ اٹھا سکیں مال و متاع جمع کرسکیں اس سے متعلق بہت سی ترکیبیں درج ہیں لیکن ہم دو ترکیبیں درج کرتے ہیں۔

مختلف پیشہ وروں کو تکلیف دینے کے بیان میں یہ عمل دھوکہ باز دوتروں کو ڈرا کر پیسے بٹورنے کے لئے کرتے ہیں۔

کاتب کے لئے اگر اس کی دوات میں قدرے پارہ ڈال دیں یا املی کا پانی ڈال دیں۔ تو ایک حرف بھی نہیں لکھ سکے گا۔

نانبائی کے لئے اگر اس کے تنور میں قدرے پارہ ڈال دیں تو تمام روٹیاں بڑھ جائیں گی بعض نے لکھا ہے کہ رانگ یا تانباہ کا برادہ بھی یہی کام دیتا ہے۔

سپاہی کے لئے تین درہم افیون مصری اور پچاس عدد اخروٹ پانی میں جوش دے کردہ پانی گھوڑے کو پلا دیں تو ایک قدم بھی نہیں اٹھا ئے گا۔ اگر اچھا کرنا

چاہو۔ تو گائے کا گھی اسے پلاؤ۔

سنار کے لئے

اگر لومڑی کا پتہ سونے پر ملو تو اس کی رنگت تابنے کی سی ہو جائے گی جسے دیکھ کر سنار شرمندہ ہو جائے گا۔

شکاری کے لئے

اگر دائیں نعل بائیں طرف پھینک دو تو تمام واپس آئے گا۔

ڈفالی کے لئے

اگر بھیڑیئے کے چمڑے کی دھولی دو۔ تو اردگرد کی تمام ڈفیں پھٹ جائیں گی یا بھیڑیئے کے چمڑے کی منڈھی ہوئی ڈف بجائی جائے تو جہاں تک اس کی آواز پہنچے گی۔ تمام ڈھول ڈف وغیرہ منڈھی ہوئی چیزیں پھٹ جائیں۔

دہی والے کے لئے

اگر تھوڑا سا پسا ہوا نمک دہی کے برتن میں ڈال دیں۔ تو تمام دہی پانی کی صورت میں تبدیل ہو جائیگا۔ جما نہیں رہے گا۔

معزمین کا حیلہ

یہ لوگ موم کی ایک مورت گائے کی صورت بنا کر اپنے پاس رکھتے ہیں اور معمول اس کو کہتے ہیں۔ کہ جس دیو نے تجھے آسیب کیا ہے میں اسے قتل کرتا ہوں جب چھری سے اسے کاٹتے ہیں۔ تو اس سے خون بہنے لگتا ہے۔ جسے دیکھ کر حاضرین دنگ رہ جاتے ہیں۔ اور یقین کرنے لگتے ہیں۔ کہ واقعی دیو قتل ہو گیا ہے اصل میں اس مورت کے ہر عضو میں ایک ایک جونک رکھی ہوئی ہوتی ہے۔ جو کاٹتے وقت گھبراتی ہے۔ اور اس میں خون بہتا ہے۔

ہمزاد کی ماہیت

خیال رہے کہ جس طرح انسان کے ظاہری اعضاء ہیں مثلاً ہاتھ - پاؤں - آنکھیں - دل دماغ جگر کان - ناک وغیرہ اسی طرح انسان کے باطنی اعضاء بھی ہیں - جیسا کہ ظاہری آنکھ سے ہم ہر ایک روشن چیز کو دیکھ سکتے ہیں - اگر ہم آنکھیں بند کر کے اپنے خیال کی طاقت سے دیکھنا چاہیں تو تمام اشیاء ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتی ہیں -

آپ نے شاید یہ تماشا دیکھا ہوگا - کہ ہمزاد عامل اپنے معمول کی آنکھیں بند کر کے بتا سکتا ہے بلکہ آنکھوں کی اوٹ میں کوئی چیز رکھ دی جائے تو وہ بعینہٖ بتا دیتا ہے - پس جن اشخاص نے اس تماشے کو دیکھا ہے - ان کے لئے اس امر کے زیادہ دلائل دینے کی ضرورت نہیں - البتہ ان لوگوں کے لئے یہ امر صراحت سے لکھنا ضروری ہے جنہوں نے ایسا ہوتے نہیں دیکھا - مثال کے طور پر خواب کی حالت پر غور کرو - کہ جب ہم سوتے ہیں - تو ہمارے ہاتھ پاؤں اور دیگر تمام اعضاء اپنا اپنا کام کرتے رہتے ہیں - کبھی کوئی شخص دور دراز کا سفر کر رہا ہے - حالانکہ وہ اپنی چارپائی پر سو رہا ہے - اس کی وجہ یہ ہے - کہ جب انسان سو جاتا ہے - تو اس کے باطنی اعضاء کام کرتے ہیں - بلکہ ظاہر سے زیادہ کام کرتے ہیں - اور اطباء نے اس امر کا فیصلہ کر دیا ہے کہ انسانی دماغی حالت بیداری کی نسبت خواب کی حالت میں زیادہ تیز ہو جاتی ہے -

پس ان امور سے یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ انسان کے باطنی

اعضا بھی ہیں۔ جو ظاہری اعضاؤں سے زیادہ کام کرتے ہیں۔ اس طرح ہمزاد ایک انسان کی باطنی طاقت ہے۔ جس کو اکثر اوقات روحانی طاقت سے بھی نامزد کیا کرتے ہیں۔ یہ روحانی طاقت اسی انسان کی ہوتی ہے جو اس کا عامل ہوتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اس کا اپنا باطن ہوتا ہے جس کو قوت خیال کے ذریعے تسخیر کیا جاتا ہے۔

قوت خیال کیا چیز ہے

اصول طب کے مطابق انسانی دماغ میں ایک حصہ قوت خیال کا بھی ہوتا ہے۔ جس میں خیالات جمع رہتے ہیں یہ دراصل بڑی زبردست طاقت ہے۔ جو تمام طاقتوں سے زیادہ طاقتور ہے اس سے ایسے زبردست کام نکلتے ہیں۔ کہ دنیا میں کوئی ایسی طاقت نہیں کہ اس کا مقابلہ کرے۔ میرے خیال میں اگر کوئی شخص اپنے خیال کو ایک امر کے ہونے کے لئے پوری طرح جمائے۔ تو وہ ضرور ہو جاتا ہے بشرطیکہ خیالات میں انتشار نہ ہو اور یکسوئی کی یہ حالت ہو کہ غیر خیال دماغ میں نہ آنے پائے دراصل اس کی مشق ہوتی ہے جس کو ہم آگے چل کر مجملاً بیان کریں گے۔ کیونکہ ہماری غرض اس رسالے میں صرف علم ہمزاد پر بحث کرنے کی ہے۔ تصوف میں بھی یہ قاعدہ ہے کہ سب سے پہلے خیال کو درست اور یکسو کرنے کا سبق دیا جاتا ہے۔ اگر خیال درست نہ ہو یا اس میں انتشار واقع ہو تو کوئی عمل درست نہیں آتا۔ بہر حال سب سے پہلے عامل کو لازم ہے کہ جس کا عمل کرنا ہے اس کے لئے اپنا خیال جمائے کہ یہ ضرور واقع ہو جائے گا۔ اور دراصل یہی ایک راز

ہے۔ جس سے دنیا میں بڑے بڑے کام ہو سکتے ہیں۔ عوام الناس کو اگرچہ یقین دلانا محض دلائل کیوجہ سے کسی قدر کمزور کیوں نہ ثابت ہو۔ لیکن جن اشخاص نے مشاہدات کئے ہیں ان کے سامنے یہ امر روز روشن کیطرح کھلا ہے۔ کہ قوت خیال ہی ایک ایسی قوت ہے۔ جو انسان کو ایک زبردست انسان بنا دیتی ہے عامل کو جب تک یہ یقین نہ ہو کہ اس کا عمل واقعی ہو جائیگا۔ عمل درست نہیں آتا۔

وظائف اور تعویذات

مدت دراز اور عرصہ بعید سے یہ رسم چلی آتی ہے کہ عامل چند الفاظ پڑھتا ہے اور اس کے لئے خاص میعاد مقرر کی جاتی ہے۔ تاکہ وہ اس وقت وظیفہ پڑھتا رہے۔ اور عمل کے پورا ہونے کا انتظار کرتا رہے۔ جس میں عموماً کامیابی ہو جاتی ہے یہ بھی دراصل قوت خیال ہی کا نتیجہ ہے کیونکہ کسی امر کے ہونے کے لئے سب سے پہلے یقین واثق کی ضرورت ہے۔ جو ہر ایک شخص کو بلا اس امر کے کہ اعتقاد کے طور پر چند الفاظ سکھائے جائیں کوئی دوسرا طریقہ پسند نہیں کیا گیا۔ ورنہ جو شخص سمجھے کہ یہ سب کارستانی دراصل قوت خیال ہی کی ہے۔ ان کو کسی وظیفہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ ہر ایک عمل کے ہونے کے لئے محض خیال کو یکسو ہو جائے اور اس یکسوئی کے عامل کو پورا یقین بھی ہو تو کام بہت جلد ہو جاتا ہے عامل کو صرف چند روز تکلیف ہوتی ہے اور اس کے بعد جب خیالات میں یکسوئی کی عادت پڑ جائے تو عمل کا دورہ صرف چند منٹوں میں ہوتا ہے ایک پروفیسر صاحب اپنے خیالات کی طاقت سے لگاتے

کی شکل بن جایا کرتے تھے۔

عمل ہمزاد کا طریقہ

صبح کے وقت کسی تالاب پر جس کا پانی ٹھہرا ہوا ہو چلا جائے اور پانی میں اپنی صورت کو دیکھتا رہے لیکن کسی ایسے تالاب پر ہونا چاہیئے۔ جہاں دوسرے آدمیوں کی آمد و رفت کم ہو تاکہ آنے جانے سے عمل میں خلل نہ واقع ہو۔ بہتر یہ ہے کہ گھٹنے تک پانی میں کھڑا ہو جائے ایک سید صاحب کو راقم نے بچشم خود دیکھا ہے۔ کہ ان کے پاس ہمزاد بہت ہوشیار تھا۔ مجھے انہوں نے کہا۔ کہ آپ کچھ تحریر کر کے رکھ لیں۔ یعنی کوئی سوال کاغذ پر رقم کریں۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ پھر انہوں نے وہ کاغذ لکھا ہوا ایک دوسرے سادے کاغذ کے ساتھ ملا کر سامنے رکھ دیا۔ اور اس پر قلم دوات رکھدی اور ہمزاد کو حکم دیا کہ اس لکھے ہوئے کاغذ پر سوال کا جواب لکھدو چند منٹ بعد جب قلم دوات اٹھا کر کاغذ نکالے تو سادے کاغذ پر سوال کا جواب لکھا ہوا تھا۔ تو انہوں نے بیان کیا۔ کہ میں نے یہ ہمزاد تالاب میں چھ ماہ کھڑے ہو کر حاصل کیا تھا۔ پھر انہوں نے اپنی پنڈلیوں پر سے کپڑا اٹھا کر دکھایا۔ جو پانی میں پڑے رہنے سے کسی قدر خراب ہو چکی تھی۔

ہمزاد سے ہم کیا کیا کام لے سکتے ہیں

علاوہ ان امور سے کہ ہم کسی شخص کے گذشتہ حالات دریافت کریں۔ یا آئندہ کے لئے کسی قسم کی پیشن گوئی حاصل کریں اور

بھی بہت کام ہیں جو ہمزاد کے ذریعے حل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً اگر کوئی شخص بیمار ہو جائے تو ہمزاد کے ذریعے مرض کی تشخیص کر سکتے ہیں۔ اور علاج بتا سکتے ہیں۔ ہمزاد وجہ مرض اور ادویات کے نام بتاتا جاتا ہے۔ اور عامل کاغذ پر لکھتا جاتا ہے۔ اور نسخہ تیار کرنے کی ترکیب بھی بتاتا ہے۔

علاوہ ازیں سب سے عجیب بات یہ ہے کہ نایاب دواؤں کو مہیا بھی کر دیتا ہے عمل مقناطیسی میں عامل معمول کے ذریعے علاج دریافت کرتا ہے۔ یعنی ایک دوسرے شخص پر خواب طاری کر کے اسے حالتِ انبساط پر لے آتا ہے اور امور دریافت طلب پوچھتا ہے مگر ہمزاد کے عامل کو کسی دوسرے شخص کی محتاجی نہیں۔ وہ اپنے ہمزاد سے ہر ایک امر دریافت کرتا ہے کیونکہ حاضرین کو مؤخر الذکر کا جسم نظر نہیں آتا۔ اس لئے وہ سخت حیران ہوتے ہیں اور عامل کو ولی اولیاء قرار دیتے ہیں اور درحقیقت اگر عامل پرہیزگار اور متقی ہو تو ولی بھی ہو جاتا ہے الا اس کے سوائے شیطان بعض وقت ہمزاد خود بخود راز کی باتیں بتا دیتا ہے۔ جس کا علم دنیا میں کسی شخص کو نہ ہو سکے۔ اور جو بہت ہی اہم ہوتی ہیں۔

ہمزاد کے ذریعے سفر

اگر ہمزاد کامل ہو۔ یا عامل کی استعداد اس قدر ہو کہ اس ہمزاد ہر ایک کام کرنے کے قابل ہو گیا ہو۔ تو عامل اس کے ذریعے ایک دور دراز کا سفر چند منٹوں میں کر سکتا ہے۔ لاہور میں ایک شخص چھجو بھگت جن کا چوبارہ چھجو بھگت کے نام سے مشہور ہے یہ مقام شاہ عالمی دروازہ سے باہر واقع ہے۔ کی نسبت یہ مشہور ہے۔ کہ وہ ایک منٹ میں دور دراز کا سفر طے کر کے واپس آ جایا کرتے تھے۔ ایک دفعہ کا ذکر

ہے۔ ایک شخص نے عرض کی میں گنگا جانیوالا ہوں۔ تو آپ نے
فرمایا کہ میں آپکو وہاں ملوں گا چنانچہ جب وہ شخص وہاں پہنچا تو چھجو
بھگت صاحب اس کو وہاں ملے اور اس سے خیر و عافیت پوچھی
جب وہ شخص واپس آیا۔ تو اس نے حسب دستور چھجو بھگت کو اپنے
چبارے کو میں بیٹھا ہوا دیکھا اور خیال کیا وہ بھی میری طرح واپس
آ گئے ہوں گے لیکن اس کو وہاں کے لوگوں سے معلوم ہوا۔ کہ وہ اس
دن سے آج تک کہیں نہیں گئے برابر اپنے مکان میں بیٹھے ہیں پھر
اس نے سب کیفیت سنائی جسکو سنکر لوگ حیران ہوئے۔

ایک اور شخص لاہور میں دیوانوں کیطرح پھرا کرتا تھا جس کی نسبت
مشہور تھا کہ وہ چند منٹوں میں مختلف مقامات کی سیر کر کے واپس چلا آتا ہے
اور اس کو ایک ہی دن دو مختلف شہروں میں پھرتا ہوا دیکھا گیا تھا میرے
خیال میں یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ ممکن ہے کہ وہ ہمزاد کے ذریعے
ایسا کرتا ہو۔ یا خود تو لاہور میں موجود ہو۔ اس کا ہمزاد کسی دوسرے شہر میں پھرتا
دیکھا گیا ہو۔ اگرچہ ہمزاد کسی دوسرے کو دکھائی نہیں دیتا لیکن عامل کو اختیار ہے
کہ وہ ہمزاد کو حکم دے کہ وہ دوسروں کی نظروں میں ظاہر ہو کر دکھائی
دے بعض کا قول ہے کہ جب عامل اپنے ہمزاد کو حکم دیتا ہے کہ
وہ اس کو کسی دوسرے مقام پر پہنچا دے۔ تو ہمزاد عامل کو اس کے پاؤں
پر پاؤں رکھنے اور آنکھیں بند کرنے کی ہدایت کرتا ہے اور خود عامل کے
بازو پکڑ کر آن کی آن میں منزل مقصود پر پہنچا دیتا ہے۔

ہمزاد کے ذریعے تعلیم حاصل کرنا

بعض ہمزاد بڑے عالم ہوتے ہیں اور فلسفہ
ماہیت رمل۔ سائنس۔ طب وغیرہ علوم کے ماہر ہوتے ہیں ایک
منجم نے مجھ سے ذکر کیا تھا۔ کہ ایک چھوٹی سی کتاب جسکا حجم چالیس

چھپے ہیں۔ افسوس کہ مجھے اسکا نام یاد نہیں رہا بہت پرانے زمانے کی لکھی ہوئی ۔ وہ کسی شخص سے حل نہیں ہوتی تھی میں اس کے لئے دور و دراز ملکوں میں پھرتا رہا۔ حتیٰ کہ کابل اور بخارا تک بھی ہو آیا۔ کسی شخص سے وہ حل نہ ہو سکی۔ مشہور منجمین جن کا شہرہ چار دانگ عالم میں بج رہا تھا انکے پاس گیا۔ افسوس کہ ہمیشہ ناکام رہا ایک روز اتفاق سے ایک مسجد کے ملا سے ایک تذکرہ ہوا۔ جنہوں نے کتاب ہاتھ میں لی اور ناخن پر کتاب حل کر دی۔

میں اسکی قابلیت پر سخت حیران ہوا۔ لیکن بعد از اں مجھے معلوم ہوا کہ اس کے پاس ہمزاد مسخر ہے وہ اس قسم کے مشکل مسائل اس سے حل کرایا کرتا ہے سو واضح ہو کہ وہ عامل نہایت خوش قسمت ہے جس کا ہمزاد عالم ہو کیونکہ بعض اشخاص کے ہمزاد سخت جاہل ہوتے ہیں۔ بعض ان میں سے غصہ کینہ بغض حسد اور رشک کرنے والے ہوتے ہیں۔ جو ہر بات پر ناراض ہو جایا کرتے ہیں۔ ایسے ہمزاد سے عامل کو سخت تکلیف ہوتی ہے اور کبھی نہ کبھی نقصان عظیم واقعہ ہوتا ہے عامل پر لازم ہے کہ جب ہمزاد کی خصلت ہو جائے تو حکمت عملی سے کام کیا کرے۔

ہمزاد تسخیر مسخر ہو جائے

جب کسی عامل کے پاس ہمزاد مسخر ہو جائے تو وہ اس سے عجیب عجیب کام لے سکتا ہے جو عامل خود بخود تجربہ کر سکتا ہے ان کی تفصیل کی ضرورت نہیں۔ لیکن بعض ایسی باتیں ہیں۔ جن کا عامل کو شاید کبھی خیال نہیں آتا۔ کہ اس ہمزاد میں کیا کیا صفتیں ہیں۔ میں نے متواتر اس بات کا ذکر کیا ہے کہ عامل کو نہایت ایمانداری سے کام لینا چاہیئے ورنہ خطرہ عظیم ہے۔

ایک سوال مشکل حل

یہ ایک سوال ہے۔ جس کا حل کرنا بادی النظر میں ذرا مشکل کام ہے لیکن
اشخاص نے اس کی فلاسفی کو سمجھ لیا ہے ان کے لئے یہ عقدہ فوراً
حل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یہ بھی قوت متخیلہ کا ہی شعبدہ ہے جادو
کے معنی ہیں کہ کسی ایسی بات کا ظہور میں آنا۔ ظاہر میں معلوم ہو۔ جیسے
کہ قوت متخیلہ کے متعلق لکھا جا چکا ہے کہ اس کے خلاف دستور امور ظاہر
ہوتے ہیں۔ پس جادو یہی ہے۔ اب رہا یہ امر کہ اس کا استعمال جائز ہے کہ
نہیں۔ سو میرے خیال میں جیسا کہ تیسرے باب میں لکھا جا چکا ہے کہ
یہ امر محض نیت پر منحصر ہے اگر سچائی کی حمایت میں اس کا استعمال کیا
جائیگا تو جائز ہے اور اس کے خلاف ناجائز ہے علاوہ ازیں اگر کار
شیطانی کے استعمال کیا جائے تو ناجائز ہے اصطلاح میں دو الفاظ ہیں
جن عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جادو اور کرامت جن کا ماخذ ایک
ہی ہے اور دونوں قوت متخیلہ ہی کے زور سے واقع ہوتے ہیں لیکن
ان میں فرق ہے تو یہ ہے کہ جب اسکا استعمال ناجائز طور پر کیا جائیگا تو اسے
لفظ جادو سے تعبیر کریں گے۔ اگر جائز طور پر استعمال کیا جاوے تو لفظ
کرامت سے نامزد کریں گے میں اس زمانہ میں جب کہ میں نے اس قوت
کا اندازہ نہیں کیا تھا اور نہ مجھے اس کی ماہیت اور اصلیت کا پتہ تھا۔
تو میں جادو وغیرہ امور پر ہنسا کرتا تھا اور جو ذرا سی بات اپنے خلاف عادت
یا خلاف عقل ہوتی تو جھٹ اعتراض کرتا اور اسے جھوٹ سمجھا کرتا تھا
لیکن جب سے مجھے اس طرف آنے کا شوق ہوا۔ اور میں نے چند کتابوں
کا مطالعہ کیا۔ مثلاً طلسم فرنگ وغیرہ تو اس امر میں میرا یہاں تک اعتقاد
ہو گیا ہے کہ مجھے داستان امیر حمزہ طلسم ہوش ربا کا درست ہونا
ممکنات میں سے معلوم ہوتا ہے میرا یہ مطلب نہیں کہ داستان ہائے

مذکورہ واقعی درست اور سچی ہیں بلکہ یہ خیال ہے کہ ایسا ہونا ممکن ہے کوئی بہت مشکل نہیں۔ لیکن اس میں محنت اور کوشش کی سخت ضرورت ہے فارغ البالی اور دنیاوی لذت سے کنارہ کشی کرنا لازمی امور ہیں کیونکہ استادان فن ہذا نے یہ ثابت کیا ہے کہ قوت متخیلہ یا قوت مقناطیسی تین اعضاء سے خارج ہوتی ہے آنکھوں سے اور ہاتھ کی انگلیوں سے پرہیز کرنا چاہیئے ورنہ طاقت زائل ہو جائے گی اور عمل پورا نہیں ہو سکے گا۔ آپ نے سنا ہوگا۔ کہ وظائف اور چلوں کے ایام میں بھی صوفیائے کرام نے جماع سے پرہیز کرنا تحریر فرمایا ہے اسکی وجہ یہی ہے کہ آنکھوں اور انگلیوں سے خارج ہوکر جسم میں سرائیت کرتی ہے جس سے معمول بیہوش ہوجاتا ہے اس کا طریقہ اکثر مسمریزم کی کتابوں میں لکھا ہے اگر کسی صاحب کو دیکھنا ضروری ہو۔ تو دیکھ لیں اس جگہ کا درج کرنا غالباً خلاف اصول ہے۔ کیونکہ ان امور کا تذکرہ شروع کیا جائے تو ایک دفتر چاہیئے اور اصل مطلب فوت ہو جائیگا ہماری غرض اس باب میں یہ ظاہر کرنا ہے کہ جادو کیا چیز ہے جس کے متعلق اوپر کی عبارت میں مختصراً لکھا گیا ہے امید ہے کہ ناظرین سمجھ گئے ہوں گے ؛

خواب مقناطیسی کی ماہیت

قوت مقناطیسی جس کا منبع دراصل قوت متخیلہ ہے ایک ایسی زبردست طاقت ہے کہ اس کا اندازہ کرنا ایک ایسے شخص کے لیئے جس نے اسکا مشاہدہ نہ کیا ہو۔ نہایت مشکل ہے عامل اپنے خیال کی طاقت سے مقناطیسی طاقت معمول پر ڈالتا ہے جو یا تو آنکھوں کے ذریعے یا ہاتھ کی انگلیوں کے ذریعے معمول کے اندر سرائت کرتی ہے اور معمول تھوڑے ہی عرصہ کے اندر بیہوش ہوجاتا ہے۔

معمول پر جب خواب طاری ہو جاتا ہے تو اس حالت کا معمول کو

بالکل پتہ نہیں ہوتا - اور وہ ایسی گہری نیند سوتا ہے - کہ اسے دنیا ما
فیہا کی کچھ خبر نہیں رہتی - یہاں تک کہ اگر اس کا کوئی اعضاء کاٹ لیا جائے
تو جب بھی وہ بیدار نہیں ہوتا اور نہ کوئی تکلیف اس کو محسوس ہوتی ہے
مقناطیسی عموماً کمزور آدمیوں بچوں اور عورتوں پر بہت جلد واقع ہو
جاتا ہے عامل یقین واثق کے ساتھ یہ خیال جما لیتا ہے کہ میری طاقت
سے معمول پر خواب طاری ہو جائیگا - چنانچہ ایسا ہو جاتا ہے خواب کے
بعد معمول پر ایک اور حالت طاری ہوتی ہے - جسکو حالتِ انبساط کہتے
ہیں - اس حالت میں معمول بالکل ہوش میں آجاتا ہے اور ایسا معلوم
ہوتا ہے کہ اب اس پر خواب کا اثر بالکل نہیں ہے اور بھلا چنگا اصلی حالت
میں ہے لیکن درحقیقت وہ اصلی حالت میں نہیں ہوتا اس وقت عامل اس
سے پوشیدہ خبریں دریافت کرتا ہے جو من کل الوجوہ بتاتا چلا جاتا ہے -
اس کی زبان میں ذرا لکنت پیدا نہیں ہوتی - عامل کی ہدایت کے مطابق
اگر انگریزی میں یا کسی اور زبان میں جس کو وہ اصل معمول نہیں جانتا
نہایت فصیح اللسانی سے بولتا چلا جاتا ہے معمول کی آنکھیں باندھ
دیں تو تب بھی وہ تمام چیزوں کا حال بتلا دیتا ہے اس فن کے جاننے
والے ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں ہمارے ملک کے اندر موجود ہیں -
جن کیلئے کسی معمول پر خواب مقناطیسی طاری کرنا ایک نہایت آسان کام
ہے - اور اس کا سیکھنا بھی کوئی مشکل امر نہیں صرف تھوڑا عرصہ لگا
تار محنت کی ضرورت ہے زیادہ اور بد نظری سے پرہیز کرنا پڑتا ہے
پہلے پہلے اس کا تجربہ جانوروں مثلاً بلی کتوں پر کیا جاتا ہے جب یہاں
کامیابی ہو جائے تو پھر انسانوں پر عمل کیا جاتا ہے پروفیسر صاحب کو
بہت آدمیوں نے دیکھا ہوگا جو ایک جماعت پر ایک خواب طاری کر
دیتا - نہایت آسان کام سمجھتے تھے - ایک دفعہ انہوں نے عام

جلسہ میں بہت آدمیوں کو تسخیر کر لیا تھا۔ جس میں بڑے بڑے لڈسا اور افسروں موجود تھے۔ پروفیسر صاحب نے جب اپنے ہاتھوں کو تو سب اہل مجلس بھی ان کی پیروی کرنے لگ گئے وہ جس قدر زور سے اپنے ہاتھوں کو گھماتے تھے اہل مجلس بھی اسیقدر سرعت سے کام کرتے تھے خواب مقناطیسی جب معمول پر طاری ہوجاتا ہے تو وہ بالکل عامل کے اختیار میں ہوتا ہے وہ کچھ اس کو کہے اسیر یقین کر کے عمل کرتا ہے اگر عامل اسکو یہ کہے کہ کنوئیں میں گر جا تو وہ بلا سوچے سمجھے کنوئیں میں کود پڑتا ہے ہمزاد کے عمل میں صرف اپنے وجود پر توجہ کا دینا ضروری ہے اس فن کی بہت قسمیں ہیں۔ جنکو اگر ایک ہی رسالے میں لکھا جائے تو بہت بڑی ضخیم کتاب بن جائے خواب مقناطیسی کا ذکر بھی ضمناً کر دیا ہے ورنہ کوئی خاص غرض اسکے لکھنے کی نہ تھی کیونکہ ہماری غرض اس جگہ صرف عمل ہمزاد کے متعلق بحث کرنے کی ہے۔ اب ہم ناظرین کو زیادہ انتظار میں نہیں ڈالنا چاہتے اس لئے ان عملیات کا ذکر کریں گے جو نہایت آسان اور سہل الحصول ہونگے تاکہ شائقین کو کوئی تکلیف نہ ہو ؛

عمل ہمزاد کا طریقہ

عامل کو لازم ہے کہ نہا دھو کر پاکیزہ کپڑے پہنے اور بوقت دوپہر جب سورج لصف النہار پر ہو کھلے میدان میں چلا جائے اور کسی اونچے مقام پر کھڑا ہو کر اپنے سایہ کی طرف دھیان رکھے۔ اور بغور دیکھتا رہے یعنی ٹکٹکی باندھے کہ سایہ میرے ساتھ انسانی جامہ پہن کر باتیں کریگا۔ کیونکہ جب تک اس امر کا یقین دل میں پیدا نہ ہوگا۔ عمل سریع التاثیر ثابت ہوگا۔ بلکہ اس میں تاخیر ہوتی جائیگی عمل کا ظہور جلد ہوگا۔ مگر یہ نہ ہو کہ عمل کا وقت کسی روز کمی پر واقع ہو جائے مثلاً پہلے روز عمل صرف پندرہ منٹ کیا تھا دوسرے روز بیس منٹ تیسرے روز آدھا گھنٹہ لیکن یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ ایک

دن اگر آدھا گھنٹہ عمل کیا ہے تو دوسرے روز بیس منٹ کیا جائے ہم وقت بڑھا تو سکتے ہیں۔ لیکن کم کسی صورت نہیں کر سکتے عامل اپنے خیال اور فرصت کو بہ نظر رکھ کر وقت مقرر کرے یا اسمیں توسیع کر دے کیونکہ اگر وقت بڑھ گیا تو اسے کم نہیں کرنا ہوگا۔ چند ہی روز میں عامل کو آسمان پر ہمزاد کی صورت نظر آئے گی میرے بہت سے دوست اس منزل پر بہت جلد پہنچے تھے لیکن پھر عدیم الفرصتی کے باعث عمل کو چھوڑ بیٹھے پھر جوں جوں عمل ہو جائے ہو جائے گا۔ وہ شکل جو آسمان پر نظر آتی تھی نیچے اترتی نظر آئیگی اور دن بدن وہ عامل کے قریب آتی جائے گی آخر کار سامنے آکر کھڑی ہو جائے گی ایسا موقعہ پر عامل کو خوف نہیں کرنا چاہیئے وہ کسی قسم کی اذیت نہیں دیتی پس یہی ہمزاد ہے چند روز سامنے آکر کھڑا رہیگا پھر جب عمل خوب پختہ ہو جائیگا تو ہم کلام ہوگا اور پوچھے گا کہ مجھے کیوں بلایا گیا ہے عامل پر لازم ہے کہ وہ پہلے ہمزاد سے ہم کلام نہ ہو جب تک کہ وہ اس کو خود مخاطب نہ کرے اکثر ہمزاد اور عامل کے درمیان یہ گفتگو ہوا کرتی ہے۔

ہمزاد۔ آپ نے مجھے کیوں بلایا؟

عامل۔ میں تجھے تسخیر کرنا چاہتا ہوں۔

ہمزاد۔ آپ مجھے تسخیر کر کے کیا فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

عامل۔ میں اپنے کاموں میں تجھ سے مدد حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

ہمزاد۔ میں آپ کا غلام ہوں اور آج سے آپ نے مجھے تسخیر کر لیا ہے۔ لیکن میری ایک شرط ہے (جو شرط افراد پائے)

عامل۔ مجھے منظور ہے۔

بعض وقت ہمزاد کوئی ایسی شرط بتاتا ہے جس کا بجا لانا مشکل ہوتا ہے ایسی صورت میں عامل کو حکمت عمل سے کام لینا چاہیئے اور کسی نہ کسی

طرح سے اس شرط کو بدلوائے ۔یہ سب کچھ عامل کے اختیار میں ہوتا ہے کیونکہ ہمزاد اس کی تسخیر میں ہوتا ہے اور وہ ایسی طرز پر باتیں کرتا ہے جسطرح نوکر یا غلام کرتے ہیں۔ درحقیقت وہ عامل کا غلام ہوتا ہے بعض ہمزاد بڑے تیز ہوتے ہیں۔ جو تسخیر ہوتے وقت عامل کو کسیقدر دھمکاتے ہیں۔ ایسی حالت میں عامل کو خوف نہیں کرنا چاہیئے اگر ذرا عامل کو خوف ہؤا۔ تو عمل ضائع ہو جائیگا۔ بلکہ الٹا اثر اپنی حالت متخیلہ پر پڑیگا۔ اس لیئے چاہیئے کہ اس سے رعب میں نہ آئے بلکہ سخت الفاظ میں جواب دے جب ہمزاد سختی سے جواب پائیگا تو خود بخود نرم ہو جائیگا۔ اکثر ہمزاد عامل کو کچھ نشانی دے جاتے ہیں جس کی مراد یہ ہوتی ہے کہ میں آج سے تسخیر ہو گیا ہوں ؂

ہدایات متعلق عمل ہمزاد

پہلی ہدایت یہ ہے کہ جب عامل ہمزاد کی تسخیر کا عمل شروع کرنے لگے تو سوچ لے آیا وہ اس کو اخیر تک کر سکتا ہے۔ کہ نہیں کیونکہ درمیان میں چھوڑ دینے سے ایک تو خواہ مخواہ تضیع اوقات ہو گی اور دوسرا کچھ ہاتھ نہ آیا اور پھر خواہ مخواہ دوسرے آدمیوں کو بھی بد اعتقاد کرتا رہتا ہے اور کہتا پھرتا ہے کہ میں نے کئی دن عمل کیا مگر کچھ ہاتھ نہ آیا۔ جس سے دوسرے لوگ بھی جرات نہیں کرتے

دوسری ہدایت

یہ کہ عامل مستعد اور ذی حوصلہ ہو۔ کسی قسم کے خوف پیدا ہونے یا عمل میں تاخیر واقع ہونے سے گھبرا نہ جائے۔ کیونکہ ہمیشہ تمام کاموں میں خواہ وہ کسی قسم کے ہوں مستعدی اور ذی حوصلگی نہ ہو۔ کامیابی نہیں ہوتی۔

تیسری ہدایت

یہ ہے عامل کو اس امر کا پورا یقین ہو کہ وہ ہمزاد کو تسخیر کرے گا۔ کیونکہ اس کو یقین اور وثوق نہ ہوگا تو اس کے عمل میں ہر وقت تاخیر واقع ہوتی رہتی ہے۔ وثوق ایک زبردست طاقت ہے جس سے مشکل کاموں میں بھی کامیابی ہوتی ہے ایکدفعہ

کا ذکر ہے۔ کہ ایک مولوی صاحب بسم اللہ شریف کی برکات کا ذکر کرتے ہوئے فرما رہے تھے کہ اگر کوئی شخص بسم اللہ پڑھ کر دریا میں کود پڑے تو اس کی برکت سے وہ کبھی نہیں ڈوب سکتا۔ ایک گنوار سن کر نہایت خوش ہوا۔ اور دل میں کہنے لگا۔ کہ میں ناحق ہر روز کشتی پر سوار ہو کر ایک پیسہ کا نقصان کرتا ہوں کاش مجھے پہلے اس بات کا علم ہوتا تو میں اس قدر اپنا نقصان نہ کرتا وہ حسب دستور دریا پر گیا اور کشتی پر سوار نہ ہوا بلکہ بسم اللہ کر کے دریا میں قدم رکھدیا اور بالیقین و ثوق کیساتھ بڑھتا چلا گیا۔ اور دریا کے پار ہو گیا۔ اس نے دوسرے دن مولوی صاحب سے ذکر کیا اور کہا۔ سبحان اللہ! واقعی بسم اللہ میں بڑی برکت ہے آپ کے کہنے کے بعد میں دریا پر گیا۔ اور کشتی پر سوار نہیں ہوا۔ بلکہ بسم اللہ شریف پڑھتے ہوئے دریا میں قدم رکھ دیا خدا کے فضل سے صحیح سلامت پار ہو گیا مولوی صاحب دریا پہ آئے گنوار نے بسم اللہ کہی اور دریا میں قدم رکھدیا۔ تھوڑی دیر میں دریا کے دوسرے کنارے پر جا کھڑا ہوا۔ اب مولوی صاحب نے سوچا اور ڈرتے ڈرتے قدم دریا میں رکھ دیا۔ لو لگے غوطے کھانے چند آدمیوں نے مل کر مولوی صاحب کو باہر نکالا اور انکی حماقت پر نفریں کی

سو میرے معزز ناظرین! میں آپ کو توجہ دلاتا ہوں کہ یقین کو پختہ کر کے راہ میں قدم رکھیں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ انشاء اللہ بہت جلد کامیاب ہو جاویں گے پس آپ دل کی پختگی کے ساتھ پورا پورا یقین اور وثوق رکھیں۔

چوتھی ہدائت یہ ہے کہ عامل جس مقام پر عمل کرے یعنی اگر مکان ہو تو وہ مصفی ہو اس میں دوسرے آدمی کی آمد و رفت نہ ہو اور عمل کے اختتام تک وہاں کوئی غیر شخص نہ آسکے مکان میں کوئی اسباب موجود نہ ہو اگر سفیدی کی ہوئی ہو۔ تو نہایت اچھا ہے۔

کیونکہ بعض قواعد میں اس مکان سفیدی کئے ہوئے کا ہونا نہایت ضروری ہے

پانچویں ہدایت یہ ہے کہ عامل پرہیزگار اور صاف ستھرا رہنے والا ہو خوشبو کپڑوں میں لگائے اور اگر چندن یا لوبان کی دھونی اس مکان میں دے جس میں کہ عمل کرتا ہے۔ زیادہ مفید ہے۔

چھٹی ہدایت یہ ہے کہ عامل اپنی پشت شمال کی طرف کرے اور منہ جنوب کی طرف۔

ساتویں ہدایت یہ کہ جن ایام میں عامل تسخیر ہمزاد میں مشغول ہو پیٹ بھر کر کھانا نہ کھائے میرے ایک دوست نے اپنے رسالے میں روزے رکھنے کی نصیحت کی ہے لیکن میرا خیال ہے کہ اس کی چنداں ضرورت نہیں۔ صرف تھوڑا کھانا کافی ہے گوشت بہت کم کھانا چاہیئے اگر غذا لطیف اور تھوڑی نہ ہوگی تو صحت میں نقص آجانے کا اندیشہ ہے اور اگر چاولوں پر گذارا ہو سکے۔ تو گندم کے استعمال کی ضرورت نہیں چاول ایک لطیف غذا ہے۔

آٹھویں ہدایت یہ ہے کہ پیشتر اس کے کہ عامل اس عمل کو شروع کرے۔ اپنے اعتقاد کو جن و پری آسیب سے پاک کرے اس کے متعلق پہلے مفصل بحث ہو چکی ہے کیونکہ اگر کسی شخص کا ایسا کمزور اعتقاد ہو تو اس کو تنہائی کے مقامات پر خوف دامنگر ہو سکتا ہے اور خوف وحذر کا پیدا ہونا عمل کے ضائع ہونے کا باعث ہو سکتا ہے

نویں ہدایت یہ ہے کہ صبر و استقلال کو ہاتھ سے کبھی نہیں کھونا چاہیئے بعض اوقات عملیات کا ظہور بہت دیر کے بعد ہوا کرتا ہے۔ اس لئے اگر استقلال نہ رہے تو کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ بعض عامل ایسے ہوتے ہیں کہ وہ دوسرے تیسرے روز ہی مشاہدات دیکھنے لگ جاتے ہیں۔ اور چند دنوں میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ لیکن بعض عامل

اس کیخلاف ایسے ہوتے ہیں کہ مہینوں انہیں کچھ نظر نہیں آتا اسلئے عاملوں کو لازم ہے کہ وہ کسی قسم کی بداعتقادی کرنے میں عجلت سے کام نہ لیں :

دسویں ہدایت یہ ہے کہ جس وقت پہلے روز عمل کریں برابر اور بلاناغہ اسی وقت سے عمل کا آغاز کریں کیونکہ وقت کے بدلنے سے کیفیت کبھی بدل جاتی ہے۔

گیارہویں ہدایت یہ ہے کہ جس مقام پہ پہلے روز عمل شروع کریں۔ اس مقام کو تبدیل نہ کریں اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی زائد شے اس میں لاکر رکھیں کیونکہ نقل وحرکت کرنے سے خواہ وہ تھوڑی سی کیوں نہ ہو۔ برا اثر پیدا کرتی ہے۔

بارہویں ہدایت یہ ہے کہ عامل جب تک عمل کرتا رہے اس کی کیفیت کو دوسرے اشخاص غیر متعلق کے ساتھ ذکر نہ کرے۔ کیونکہ اس میں بہت سے اندیشے ہیں ممکن ہے کہ وہ شخص عمل کرنے وقت وہاں عامل کے پاس آجائے اور اس کے عمل کو بایں کرنے سے ضائع کردے یا صاف اس کے قریب آنے سے ہی خیالات کے پلٹا دینے کے لئے کافی ہوتا ہے اسلئے بہتر ہے کہ نہ تو کسی کو مقام عمل بتائے۔ اور نہ عمل کی کیفیت ظاہر کرے۔

تیرہویں ہدایت یہ ہے کہ ہمزاد کی صورت مکمل نظر آنے لگے تو خود بخود اس کو مخاطب نہ کرے بلکہ اس بات کا یقین رکھے۔ کہ ہمزاد خود بخود اس سے ہم کلام ہوگا۔

چودویں ہدایت یہ ہے کہ ہمزاد سے کوئی ایسا ناجائز کام نہ لے جو خلاف اصول اور خلاف شریعت ہو۔ کیونکہ ایسے احکام کی پیروی اگر ہمزاد ضرور کرتا ہے لیکن دل میں ناراض ضرور رہتا ہے اور نہ ہی تماشہ کے طور پر کسی کو دکھائے ایسی صورت میں بھی خطرہ ہے

چند متفرق عملیات

عمل واسطے آنکھ کھل جانے کے

جس وقت چاہے جو کوئی سوتے وقت پڑھے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ آخر سورہ کہف تک اور اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے کہ جگا دے۔ اس کو اس وقت میں کہ ارادہ جاگنے کا جس وقت میں ہو تو جگا دے تو اس کو اللہ جل شانہٗ۔

عمل لڑکا ہونے کا

جس عورت کے لڑکیاں ہی ہوتی ہیں اور لڑکا نہ ہوتا ہے تو پہلے اس سے کہ گذریں عمل تین ماہ ہرن کی جھلی پر زعفران و گلاب سے یہ آیت لکھے۔ اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ۔ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ۔ اور یہ آیت بھی لکھے یٰزَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ ِنِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا۔ پھر لکھے۔ بحق مریم و عیسیٰ اَبَا صَالِحًا طُولُ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ۔

دیگر:۔ اگر چاہے کہ لڑکا ہی ہو لڑکی نہ ہو۔ تو کلمہ کی انگلی سے ستر بار حلقہ کھینچے اور ہر بار یَا مَتِیْنُ۔

مرگی کا عمل

جس کسی مرگی آتی ہو۔ ایک تختی تانبے کی لیکر اتوار کے روز قبل طلوع آفتاب کے ایک طرف اس کے

اور دوسری طرف۔ کُلَّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ

بِقَہْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانُہٗ مُذِلٌّ لکھے +

عمل قرض ادا ہونیکا

یہ دعا واسطے ادا ہونے قرض کے بعد نماز صبح تین سو مرتبہ اور اسی قدر بوقت مغرب پڑھے

اول و آخر درود گیارہ مرتبہ جو یاد ہو پڑھے - دعا یہ ہے - اَللّٰھُمَّ خَلِّصْ بِدَایْنِ الْحَقِّ بِجَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ ط

عمل : - جس جانور کو نظر بد ہو جاوے - تو اس کے دائیں نتھنے میں تین بار پھونکے - اور بائیں تین بار اور کہے نہیں کچھ ڈر دور کر بیماری کو اے پروردگار آدمیوں کے شفا تو دینے والا ہے - نہیں دور کرتا ضرر کو کوئی سوا تیرے اے رب نقل کی یہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نے وَاٰتَ اَجِیْبُ لَمَعَکَ بِلَدِ مِنَ الْجِنِّ وَضِعْفُ یُوْتَ یَدَیْہِ وَعُوْدُہٗ بِالْھَا تَحْتَرِ ط

عمل دیگر : - واسطے روزگار کے بہت صحیح پایا گیا ہے - چاہیئے کہ یَا رَزَّاقُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ اول روز بہ سمت شمال اور دوئم روز بہ سمت مشرق اور سوئم روز بہ سمت جنوب اور چہارم روز بہ سمت غرب اسی تعداد سے سریع الاثر ہے -

عمل دیگر = مجرب ہر مرض کے لیئے مانا گیا ہے - نہایت ہی مجرب اور آزمودہ ہے - اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ سُبْحَانَ بِالْقَدِیْمِہٖ ہ

برائے شکار ماہی = ارزیر یعنی رانگ کی تختی پر بسم اللہ لکھے اور اس کو دام ماہی گیر یعنی مچھلی کے جال میں رکھدے تو مچھلیاں ہر طرف سے خود بخود مجتمع ہو جاویں -

برائے ہلاکت دشمن : - جو شخص ارادہ اس بات کا رکھتا ہو کہ وہ اپنے دشمن کو ہلاک کرے یا حق دشمن ایسا امر دیکھے جو اس شخص کو خوش آوے تو چاہیئے کہ بروز جمعہ کسی وقت کو ایک ارزیر یعنی رانگ کی تختی پر نقش کرے اور نام مطلوب کا درمیان جدول کے درج کرے اور اس نقش کو آتش نرم پر رکھ کر لوبان تر سے بخور یعنی دھونی دیوے

اور وہ تختی آگ سے دور رہے - اگر آگ کے نزدیک ہو جاوے گی تو معمول یعنی دشمن ہلاک ہو جاوے گا - اور حق تعالےٰ تجھ سے اس امر کا مطالبہ کریگا اور تجھ سے بدلہ لے گا - کیونکہ جو کوئی کسی کے حق میں ایسا کرے - یعنی جو کوئی کسی کی دعا سے قتل ہو گا - گویا اس کی تلوار سے قتل ہؤا -

لہذا خوف لازم ہے روز قیامت پردہ ظاہر ہو جاویں گے اور دلوں کے بھید کھل جاویں گے لہذا اے غافل اس سے تو ڈر اور خوب سمجھ لے اس بات کو عزیز کر نا دشمن سے عظیم ترین وسیلوں سے ہے اور صورت اس جدول کی یہ ہے :

اللہ	بسم	الرحمن	فلاں	الرحیم
بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

برائے دفع عوارض بلغمی

چھوٹے چھوٹے سات کنکر لے کر اس ہر ایک پر آیتہ الکرسی سات سات بار پڑھے نہار منہ اس کو سات روز تک کھلاوے جو کچھ اس کو عارضہ بلغم لاحق ہے - حق تعالےٰ اسے دفع کرے گا -

قبا تخت سیپیا

ہماری مطبوعات

مستند اور جامع تاریخ اسلام

تاریخ اسلام بہت وسیع موضوع ہے اور اس کے لئے ایک پوری لائبریری درکار ہے لیکن اگر آپ ایک ہی جلد میں تاریخ اسلام سے واقفیت حاصل کرنا چاہیں تو آپ کی اس خواہش کو پورا کرنے کیلئے یہ مستند اسلامی تاریخ حاضر ہے جس کو مشہور مؤرخ حضرت صوفی وارثی میرٹھی نے صحیح و مستند کتب تواریخ سے انتخاب کر کے مرتب کیا ہے یہ کتاب ایک کوزہ ہے جس فاضل مؤلف نے تاریخ اسلام کے دریا کو بند کر کے رکھدیا ہے اور ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ تاریخ اسلام کے موضوع پر یک جلدی کتب میں یہ کتاب اپنی نظیر نہیں رکھتی۔ قیمت پانچ روپے آٹھ آنے مجلد خوبصورت گردپوش

دربار نبوی کے چار صد فیصلے

اس کتاب کے مصنف حضرت صوفی وارثی میرٹھی ہیں اسمیں تمام وہ فیصلے جو وقتاً فوقتاً مختلف نبی علیہ السلام اصحابہ اعظام اولیا اعظام اور خود حضور سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے صادر فرمائے۔ نہایت عمدہ پیرائے میں درج کئے گئے ہیں اس کتاب کے مطالعہ سے آپ کو اسلامی قانون اور اس کے نافذ العمل ہونے کا پتہ چلے گا۔ لکھائی چھپائی نہایت دیدہ زیب ہے۔ قیمت دو روپے علاوہ محصول

حکایات صحابہ

قیمت دو روپے آٹھ آنے

حکایات مثنوی مولانا روم

قیمت تین روپے

شجرہ نسب نامہ

رسول انام علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ کتاب پیر غلام دستگیر نامی کی تالیف ہے اس کتاب میں حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے نسب ناموں کو ایسی وضاحت وصراحت کے ساتھ قلمبند کیا ہے کہ سمجھنے میں کوئی دقت باقی نہیں۔ قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے۔

سوانح نبی کریم

مصنفہ مولوی فیاض محمد خاں صاحب اس کتاب میں حضور علیہ السلام کی ولادت رضاعت اخلاق عادات نبوت ہجرت معجزات اور وفات نہایت تحقیق اور درست حالات درج کئے گئے ہیں غرضیکہ تمام معلومات کے دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے عبارت سلیس و عام فہم ہے کتابت وطباعت عمدہ کاغذ چکنا قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے

داستان یوسف علیہ السلام!

اللہ تعالےٰ جل شانہٗ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے کو احسن القصص کا خطاب دے کر قرآن حکیم میں بیان فرمایا ہے کہ مولانا مولوی محمد اسحاق دہلوی نے داستان یوسف علیہ السلام اردو زبان میں لکھ کر نہ صرف سورۂ یوسف کی تفسیر ہے بلکہ یوسف علیہ السلام کے قصے کا پورا سماں باندھ دیا ہے۔ قیمت چار روپے

ملنے کا پتہ

منگوا

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

اتحاد پریس ہسپتال روڈ لاہور

(اتحاد پریس لاہور)

فضل آرٹ پریس ہسپتال روڈ لاہور